باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 33 | بروز ہفتہ 17 جون 2023ء / 28 ذوالقعدہ 1444ھ / قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 167

www.Dailysahafatquetta.com

# بلوچستان کا اصل اثاثہ باصلاحیت بلوچ نوجوان ہیں، شہباز شریف

## وزیراعظم سے (ن) لیگ بلوچستان کے وفد کی ملاقات، وفد کا بجٹ میں بلوچستان کے لئے خصوصی منصوبے شامل کرنے اظہار تشکر

## اسحاق ڈار کی ٹانگیں کھینچنے والوں کو پارٹی میں رہنے کا حق نہیں، ہم نے جن حالات میں حکومت سنبھالی یہ پھولوں کی سیج نہیں، کانٹوں کی مالا ہے

اسلام آباد / کوئٹہ (پ ر) وزیراعظم شہبازشریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی بلوچستان کی ترقی سے مشروط ہے، حکومت ترجیحی بنیادوں پر بلوچستان میں سی پیک کے ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے، حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت اور لیپ ٹاپس فراہم کرے گی۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے جعفر خان مندوخیل کی زیر قیادت مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے 8 رکنی وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان کی ترقی سمیت مختلف امور (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 19)

### مسلم لیگ ن آئندہ الیکشن میں بھاری اکثریت لیکر ملک کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرے گی، احسن اقبال



اسلام آباد (یواین اے) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و اصلاحات پروفیسر احسن اقبال (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 22)

### عادل راجہ کو ستمبر تک ضمانت پر رہا کیا گیا ہے، برطانوی سکیورٹی ذرائع

لندن (یواین اے) برطانوی سکیورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا ایکٹویسٹ عادل راجہ کو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 21)

### اللہ کا فضل ہے ہم طوفان کی تباہ کاریوں سے بچ گئے ہیں، شیری رحمٰن



اسلام آباد (یواین اے) وفاقی وزیر برائے ماحولیاتی تبدیلی شیری رحمان نے کہا ہے کہ اللہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سربراہ جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان ملاقات کررہے ہیں

## سینیٹ کے اجلاس میں مندرجہ ذیل تین اہم بل منظور کر لیے گئے، صدر سے مشاورت کے بغیر انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا ترمیمی بل سینیٹ سے منظور

## کمیشن عام انتخابات کی تاریخ یا تاریخوں کا اعلان سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے کرے گا، ترمیم کے بعد 5 سال سے زیادہ نااہلی کی سزا نہیں ہوگی

# نااہلی کی مدت 5 سال، سینیٹ میں الیکشن ایکٹ ترمیمی بل منظور

## آئین انتخابات کی تاریخ کے بارے میں بالکل واضح ہے، یہ صدر اور گورنر دونوں کو انتخابات کی تاریخ کے اعلان کا اختیار دیتا ہے، قائد حزب اختلاف

## آئین سب سے برتر ہے، ترامیم الیکشن کمیشن آف پاکستان کے کردار کو مزید فعال بنائیں گی اور انتخابی شیڈول میں بھی تبدیلیاں ممکن بنائیں گی، اعظم نذیر تارڑ

[illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 23)

### نوازشریف کا دور ملکی تاریخ سے نکال دیں تو کھنڈرات کے علاوہ کچھ نہیں بچتا، مریم نواز

### کوئی بھی منصوبہ اٹھالیں اس پر (ن) لیگ اور نوازشریف کا نام درج ہوگا

### جو ایماندار ی کے بھاشن دیتا تھا وہ کرپشن میں تر اپڑا ہے، سینئر نائب صدر

اسلام آباد (یواین اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ نوازشریف کا دور ملکی تاریخ سے نکال دیں تو کھنڈرات کے علاوہ کچھ نہیں بچتا [illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 24)

# آئی ایم ایف کی بیرونی فنانسنگ کی شرائط کو پورا کیا جا رہا ہے، وزیر خزانہ

چین کو جو ہم نے قرض واپس کیا وہ دوبارہ مل رہا ہے، چین کے ساتھ اس معاملے پر بات چیت مکمل ہو چکی ہے، اسحاق ڈار

## مہنگائی اور شرح نمو کے حساب سے ٹیکس کا ٹارگٹ رکھا جاتا ہے، بجٹ میں 223 ارب روپے کے ٹیکس اقدامات کیے گئے ہیں، بریفنگ

[illegible] 2023-24 [illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 25)

### سندھ کے سیلاب زدگان کی بحالی و تعمیرنو کے حوالے سے ڈی ایم اے کام کر رہی ہے، عائشہ غوث پاشا

اسلام آباد (یواین اے) [illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 26)

### اپیل میں کیس دوبارہ سنا جاتا ہے، سوال یہ ہے نظر ثانی کس بنیاد پر ہونا چاہیے، چیف جسٹس

## 184 (3) کے خلاف کسی بھی ریمیڈی کو ویلکم کریں گے، عمر عطا بندیال کے ریمارکس

اسلام آباد (یواین اے) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس عمر عطاء بندیال نے پنجاب انتخابات اور ریویو اینڈ ججمنٹس ایکٹ سے متعلق کیس کی سماعت میں ریمارکس دیے ہیں کہ ہمارے سامنے ایک مکمل [illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 27)

### بھارتی گجرات سے ٹکرانے کے بعد بائپر جوائے کی شدت میں کمی، پاکستان محفوظ رہا

## طوفان کیٹی بندر سے 135 کلومیٹر دور بھارت کے ساحلی پٹی سے ٹکرایا، رپورٹ

نئی دہلی / کراچی (یواین اے) بائپر جوائے [illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، مسلم لیگ (ن) بلوچستان کا وفد وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کررہا ہے

# بلوچستان حکومت آئندہ مالی سال کا بجٹ تیار نہ کرسکی، شیڈول تبدیل

## آئندہ مالی سال کا بجٹ تاخیر کا شکار کیوں ہوا، جس کی وجہ صوبے کے سالانہ ترقیاتی پروگرام کا فائنل نہ ہونا بتایا جارہا ہے، ذرائع محکمہ خزانہ

## آئندہ مالی سال کے بجٹ میں آمدنی کا تخمینہ 529 ارب 32 کروڑ روپے ہے جب کہ بجٹ کا خسارہ 150 ارب سے زائد ہونے کا امکان ہے

کوئٹہ (یواین اے) [illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 29)

### پاکستان اور افغانستان کے درمیان ڈیورنڈ لائن سرحد ایک لکیر ہے، ملا محمد یعقوب

کابل (یواین اے) [illegible] (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 31)

### پاکستان کو جغرافیائی سیاست کا شکار قرار دینا غیر ذمہ داری ہے، شاہ محمود قریشی

## اسحاق ڈار کی آئی ایم ایف پر تنقید نااہل حکومت کے افسوسناک ردعمل میں ایک اور اضافہ ہے

لاہور (یواین اے) [illegible] ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ اسحاق ڈار کی آئی ایم ایف پر تنقید نااہل حکومت کے افسوسناک ردعمل میں ایک اور اضافہ ہے۔ انہوں نے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 30)

وزیراعظم محمد شہباز شریف منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

# اقتصادی بحران کے دوران چین سے ایک ارب ڈالر پاکستان کو موصول

## چین نے پاکستان سے بڑے گوشت کی درآمد کی اجازت دے دی ہے، جس سے ایکسپورٹرز 15 ارب ڈالر کما سکتے ہیں، معین الحق

## چین کی طرف سے یہ ایک ارب ڈالر کمرشل قرضہ ہے، پاکستان نے رواں ہفتے چین کو پیشگی ادائیگی کی تھی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کو چین سے ایک ارب ڈالرز مل گئے ہیں۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق چین کی طرف سے یہ ایک ارب ڈالر کمرشل قرضہ ہے۔ پاکستان نے رواں ہفتے چین کو پیشگی ادائیگی کی تھی۔ دوسری جانب چین میں تعینات پاکستانی سفیر معین الحق نے کہا ہے کہ چین نے پاکستان سے بڑے گوشت کی درآمد کی اجازت دے دی ہے، جس سے ایکسپورٹرز 15 ارب ڈالر کما سکتے ہیں۔ پاکستانی سفیر معین الحق نے بڑی خبر سناتے ہوئے بتایا کہ چین نے پاکستان سے بڑے گوشت کی درآمد کی اجازت دے دی ہے اور اس حوالے سے باضابطہ طور پر نو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد، صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے اے آئی ای ایف کا وفد ملاقات کررہا ہے

# عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا وقت آچکا ہے، مولانا فضل الرحمٰن

## فتنہ سیاست کو فروغ دینے والے کو لوگ ایسے چھوڑ کر جارہے ہیں جیسے آندھی میں شاپر جاتے ہیں، سربراہ جے یو آئی

## ملکی پر امن سیاست کو گالی گلوچ اور تشدد میں تبدیل کرنیوالے کا چہرہ بے نقاب ہوچکا ہے، ہم نے ہمیشہ مثبت سیاست کو فروغ دیا ہے

سرگودھا (یواین اے) پی ڈی ایم کے رہنماء و جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا کہ فتنہ کی سیاست کو فروغ دینے والے کو لوگ ایسے چھوڑ کر جارہے ہیں جیسے آندھی میں شاپر جاتے ہیں ملکی پر امن سیاست کو گالی گلوچ اور تشدد میں تبدیل کرنیوالے کا چہرہ بے نقاب ہوچکا ہے ہم نے ہمیشہ مثبت سیاست کو فروغ دیا ہے اب عوام کو ریلیف فراہم کرنے کا وقت آچکا ہے۔ ذرائع کے مطابق سربراہ پی ڈی ایم و (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 50)

### پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر بھی اینٹی کرپشن کے ریڈار پر آ گئے

## حماد اظہر کیخلاف کروڑوں روپے کے کرپشن کا مقدمہ درج، کارروائی شروع

لاہور (یواین اے) اینٹی کرپشن نے سابق وزیر حماد اظہر کے خلاف کروڑوں روپے کے کرپشن کا مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی۔ سابق وفاقی وزیر اور تحریک انصاف (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 52)

### شہباز شریف یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ کا بنیادی مقصد پسماندہ علاقوں میں چھپے ٹیلنٹ کو سامنے لانا ہے، شبانہ خٹک

اسلام آباد (بیورو چیف) پرائم منسٹر شہباز شریف یوتھ ٹیلنٹ ہنٹ خواتین فٹ بال پروگرام کے سلسلے میں آج مورخہ 16 جون کو آرگنائزنگ سیکرٹری اور باچا خان یونیورسٹی کے ڈا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 51)

# ایٹمی اثاثے محفوظ ہاتھوں میں ہیں، اعظم نذیر تارڑ

## پاکستان کے ایٹمی اثاثے کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، خیبر پختونخوا کے لئے بجٹ میں اضافہ کیا جائے، سود کا خاتمہ کیا جائے

## بجٹ آئی ایم ایف کا سودی بجٹ ہے، بجٹ میں سود کے خلاف کوئی اقدام نظر نہیں آرہا ہے، سینیٹر مشتاق احمد

اسلام آباد (یواین اے) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی اثاثے کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، ایٹمی اثاثے محفوظ ہاتھوں میں ہیں، پاکستان چلے گا تو معیشت چلے گی۔ جمعہ کو سینٹ اجلاس کے دوران بجٹ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ گزشتہ روز وزیر مملکت فنانس نے بتایا کہ بجٹ میں آئی ایم ایف کی شرائط پوری کی گئیں، یہ آئی ایم ایف کا سودی (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 32)

### وہ شخص جو کہتا تھا میں بہت مقبول ہوں کسی کو نہیں چھوڑوں گا، آج اسے سب چھوڑ گئے ہیں، وزیر داخلہ

## اللہ نے کیسا انصاف کیا ہے نہ صرف میرے قائد بلکہ اپوزیشن کے تمام قائدین کو سرخرو کیا ہے

اسلام آباد (یواین اے) وفاقی وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ خان نے کہا ہے کہ وہ شخص جو کہتا تھا کہ میں بہت مقبول ہوں کسی کو نہیں چھوڑوں گا، آج اسے سب چھوڑ گئے ہیں اور کوئی بات بھی نہیں کرتا کہ ہمارے قائد پر مشکل وقت آیا تو اس قسم کی باتیں نہیں کیں، اللہ نے کیسا انصاف کیا (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 49)

### وزیراعلی بلوچستان کا وفاقی وزیر صحت اور پی ایم ڈی سی سے میڈیکل کالجز میں 3 اضافی نشستوں کی درخواست

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل اور صدر پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل اسلام آباد پروفیسر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 48)

### ممبر سازی اور تنظیم سازی میں ذمہ داران کارکنوں کی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں، عوامی نیشنل پارٹی

گلستان (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ وقت آن پہنچا ہے کہ پشتون من حیث القوم فکر باچاخان سے اپنا ناطہ مضبوط جوڑلیں امن، ترقی، جمہو (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 33)

### بلوچستان میں سیلاب سے تباہ پل کی عدم تعمیر کیخلاف پیدل لانگ مارچ کا آغاز کردیا

## آٹھ ماہ میں پل کی دوبارہ تعمیر کا وعدہ لیکن 10 ماہ گزرنے کے باوجود پل کی تعمیر کا کام شروع ہی نہیں ہوسکا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں نوجوانوں کے ایک گروپ نے سندھ بلوچستان کو ملانے والی شاہراہ پر واقع اس پل کی عدم تعمیر کے خلاف احتجاجاً پیدل لانگ مارچ شروع کیا ہے جس کا وزیر اعظم شہباز شریف نے گذشتہ سال جلد تعمیر کا وعدہ کیا تھا۔ لانگ مارچ کے شرکا کوئٹہ سے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 34)

### بی ایم سی میں مریض کے لواحقین کا ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں پر حملہ آور ہونا افسوسناک ہے، ینگ ڈاکٹرز

## ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں اور ہسپتال کے عملے پر لواحقین کی طرف گالم گلوچ اور لڑائیوں کے واقعات بڑھ رہے ہیں

کوئٹہ (یواین اے) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کے ترجمان ڈاکٹر عارف خان نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال کے نیورولوجی وارڈ میں مریض کے لواحقین کا ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں پر حملہ آور ہونے، وارڈ میں توڑ پھوڑ کرنے اور ڈاکٹروں (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 45)

### بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہے گا، محکمہ موسمیات تاہم بارکھان، خضدار، لسبیلہ، پنجگور، ژوب، گوادر، پسنی، اورماڑہ، اوتھل، بیلہ، خاران، مکر (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 43)

### بلوچستان میں اسمگلروں کیخلاف کریک ڈاؤن

کوئٹہ (یواین اے) چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد کی ہدایت کے مطابق اور ڈائریکٹر جنرل کسٹم انٹیلی جنس فیض احمد چدھڑ کے احکامات پر سگریٹ اسمگلروں کیخلاف کریک (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 36)

### بلوچستان کے دو کالجز کی اضافی نشستوں کیلئے درخواست ارسال

## سال 2022-23 کے لیے 33 اضافی سیٹوں کی گرانٹ کی منظوری کو سراہا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی جانب سے وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل اور صدر پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل اسلام آباد پروفیسر ڈاکٹر رضوان تاج کو ارسال کئے گئے دو الگ الگ مراسلوں میں لورالائی میڈیکل کالج، جھالاوان میڈیکل کالج او (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 35)

# لڑائی نہیں مذاکرات مسائل کا بہتر حل ہیں، بلاول بھٹو

## چین پاکستان کا بہترین دوست اور اسٹریٹجک پارٹنر ہے، سی پیک چین پاکستان دوستی کا بہترین عکاس ہے

## پاکستان تمام ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات چاہتا ہے، پاکستان کے سعودی عرب، یواے ای اور ترکیہ سے مثالی تعلقات ہیں

اسلام آباد (یواین اے) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ لڑائی نہیں مذاکرات کسی بھی مسئلے کا بہتر حل ہے، مسائل کے حل کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ اسلام آباد میں انسٹی ٹیوٹ آف سٹڈیز کے قیام کے 50 سال مکمل ہونے پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 44)

### اورماڑہ: مشکوک بکسے کو لاشوں سمیت آر ایچ سی اورماڑہ منتقل کر دیا گیا

## لاشیں بحرہ عرب میں ڈوبنے والی کشتی الحاکمی لانچ کے کلاسیوں کی ہیں پولیس ذرائع

اورماڑہ (یواین اے) بحیرہ عرب سے آنے والی دو لاشوں کو بکسے سمیت آر ایچ سی اورماڑہ منتقل کیا جارہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پولیس انتظامیہ کی جانب سے ایس ایچ او صدر تھانہ عابد بلوچ کی سربراہی میں چیئرمین میونسپل کمیٹی اورماڑہ محفوظ بلوچ، وائس چیئرمین سلیمان دولت (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 42)

# کسٹمز انٹیلیجنس نے 303 ملین روپے مالیت کے سمگل شدہ سگریٹ ضبط کر لئے

## محدود انسانی وسائل اور لاجسٹکس کے باوجود کسٹمز انٹیلیجنس سمگلنگ کی لعنت خاص طور پر سگریٹ کی سمگلنگ کے خاتمہ کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے

## رواں مالی سال 2022-23 کے دوران کسٹمز انٹیلیجنس نے 33,994,85 سمگل شدہ سگریٹ ضبط کئے جن کی مالیت 1324 ملین روپے ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد کی ہدایات اور ڈائریکٹر جنرل کسٹمز انٹیلیجنس فیض احمد چدھڑ کی براہ راست نگرانی میں کسٹمز انٹیلیجنس نے گذشتہ دس دنوں میں ملک بھر میں جاری آپریشنز کے نتیجے میں 303 ملین روپے مالیت کے سمگل شدہ سگریٹ ضبط کر لئے۔ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 37)

کراچی، وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر خان پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

### کوئٹہ میں پولیس کی مختلف کاروائیوں میں خاتون سمیت 20 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ میں پولیس نے مختلف کاروائیوں میں خاتون سمیت 20 (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 46)

### نیب نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو 21 جون کو دوبارہ طلب کرلیا

اسلام آباد (یواین اے) قومی احتساب بیورو (نیب) نے توشہ خانہ کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو 21 جون کو دوبارہ طلب (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 47)

### بارکھان واقعہ، ڈی ایس پی نور محمد بڑیچ کے خلاف غفلت برتنے پر محکمانہ کارروائی

## ڈی ایس پی کے عہدے سے انسپکٹر کے عہدے پر تنزلی دے دی گئی

کوئٹہ (یواین اے) بارکھان واقعہ، ڈی ایس پی نور محمد بڑیچ کے خلاف غفلت برتنے پر محکمانہ کارروائی، ڈی ایس پی کے عہدے سے انسپکٹر کے عہدے پر تنزلی دے دی گئی۔ آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ کے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق بارکھان واقعہ، (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 41)

### دکی: 43 دن سے پھنسے کان کنوں کے عزیز اپنے پیاروں کے منتظر

## بلوچستان بھر میں اس وقت 3800 سے زائد کوئلے کانیں فعال ہیں

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان کے شمال مشرق میں واقع ضلع دکی کے علاقے معراج میں 45 سالہ عبدالبصیر کان کنوں کی رہائش کے لیے بنائے گئے ایک عارضی کمرے میں اپنے بھائی شراف خان اور چچا زاد بھائی عبدالباقی کا انتظار کر رہے ہیں۔ یہ دونوں افراد جو پیشے کے (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 40)

### القادر ٹرسٹ کیس، نیب نے بشریٰ بی بی 22 جون کو طلب کرلیا

لاہور (ویب ڈیسک) قومی احتساب بیورو نیب نے القادر ٹرسٹ کیس (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 38)

### صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے

کوئٹہ (پ ر) صوبائی بیوروکریسی میں تقرریاں وتبادلے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی کے جاری کردہ اعلامیہ (صفحہ نمبر 7 بقیہ نمبر 39)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری انسٹیٹیوٹ آف سٹریٹجک سٹڈیز کی 50 ویں سالگرہ پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

**بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کے دوران سنگ بنیاد رکھ کر افتتاح کیا گیا تھا وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود کی جانب سے کچ موڑ ہرنائی روڈ کی منظوری کے حوالے سے اخباری بیان سورج کو انگلی سے چھپانے کی مترادف ہے مذہبی جماعت ہمارے منظور شدہ منصوبوں پر سیاست نہ چمکائے بلوچستان خصوصاً پشتون بیلٹ کا واحد حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی ہے جس میں وفاق حکومت کے اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے منظور ہوئے ہے وفاقی وزیر مولانا اسعد محمود کے ہرنائی کچ موڑ روڈ کے حوالے جاری بیان کو مسترد کرتے ہے ان خیالات کا اظہار انہوں وفاقی وزیر موصلات کے ہرنائی کچ موڑ روڈ کے حوالے سے جاری بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا سنئیر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کوئٹہ کچ موڑ تا ہرنائی روڈ اور ہرنائی سنجاوی روڈ 2020/2021 کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کیلئے میں اس وقت دن اسلام آباد میں قیام کیا تھا ہرنائی کے روڈز کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے اور فنڈز منظور کرنے اور اسلام آباد میں اس وقت تک موجود رہا جب وفاقی بجٹ کا اعلان ہوا اور وفاقی پی ایس ڈی پی کو جاری کرنے اور ہرنائی کے روڈ کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل ہونے کے بعد پھر اسلام آباد سے کوئٹہ کیلئے روانہ ہوا تھا ہرنائی کچ موڑ کوئٹہ روڈ، ہرنائی سنجاوی روڈ پر نہ نہاد مذہبی جماعت اپنی کوئی ہوئی سیاسی ساکھ کو جھوٹے بیانات سے بحال نہیں کرنے کی ناکام کوشش کرتے ہے انہوں نے کہا کہ حلقے دونوں اضلاع کے مین شاہراہوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل کرنے کیلئے دن رات محنت جدوجہد اور اسلام آباد میں ڈیرے ڈال کر منظور کیا گیا تھا اور سب کچھ اس وقت کے اخبارات کے ریکارڈ پر موجود ہے حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ 28 اپریل 2021 کو وزیر اعلیٰ ہاؤس میں مذکورہ سڑکوں کا افتتاحی تقریب ہو رہا تھا تو اس وزیر اعلیٰ جام کمال تھے اور جام کمال نے مجھے مبارکباد دی کے آپ کے حلقے میں وفاق کے فنڈز اربوں روپوں کے پروجیکٹ منظور ہوئے ہے حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ میں نے پانچ سال میں حلقہ پی بی 6 زیارت کم ہرنائی کیلئے تقریباً 50 ارب روپے زیارت و ہرنائی کے مین قومی شاہراہوں کی تعمیر سمیت منصوبوں کیلئے منظور کیا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کا دور ہے اور عوام کو حقیقت کا بخوبی علم ہے کہ کوئٹہ کچ موڑ تا ہرنائی، ہرنائی تا سنجاوی، زیارت ڈومیارہ ہرنائی، ہرنائی سبی روڈ کو وفاقی پی ایس ڈی پی میں کس نے منظور کیا ہے انہوں نے کہا کہ کچ ہرنائی کوئٹہ روڈ، ہرنائی سنجاوی 2020/2021 وفاقی پی ایس ڈی پی سے منظور شدہ ہے اور کام کا آغاز بھی ہو چکا تھا اور موجودہ وفاقی بجٹ میں پی سی ون کو ری وائز کر کے بجٹ کو مزید بڑھا دیا گیا ہے اور جلد دوبارہ کام بھی شروع ہو جائے گا۔

**بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کا کل 48 گھنٹے میں مکمل کرانے کی ہدایت کردی۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے شہری محمد رمضان کی درخواست پر 13 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کردیا، جس میں کہا گیا ہے کہ درخواست گزار 25 مئی سے شناخت پریڈ کیلئے جیل میں ہے، شناخت پریڈ میں تاخیر بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے، رجسٹرار فیصلے کی کاپی تمام سیشن ججز اور آئی جی پنجاب کو بھجوائیں

**بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

لیس فیڈروں سے دن 12 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی 18 جون (بروز اتوار) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد، طوغی روڈ، کانسی ون، اسٹاف کالج فیڈروں سے صبح 8 بجے سے 10 بجے تک جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے پی اے ایف، تکاتو، عمر، ادیان، ٹی پی ایس، اغبرگ، جبل نور، سی ٹی ایس، خروٹ آباد، رنگی، ایگریکلچر کالج، واپڈا ہسپتال، گارڈن ٹاؤن فیڈروں سے صبح نو بجے سے دن ایک بجے تک بجلی بند رہے گی نیز اسی روز مری آباد گرڈ کے سید آباد، ستی، سرینا، کانسی ٹو، نیو ایم ای ایس اور نارکوٹکس فیڈروں سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک اور اسی گرڈ کے گلستان روڈ، سدرن کمانڈ، نیو لیاقت بازار ایکسپریس فیڈروں سے دوپہر 2 بجے سے شام 4 بجے تک جبکہ اسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم اور مری آباد گرڈ کے گلستان روڈ فیڈروں سے دن ایک بجے سے شام پانچ بجے تک بجلی بند ہوگی۔ علاوہ ازیں سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ سیٹلائٹ ٹاؤن اور منی مارکیٹ فیڈروں سے دن 12 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔

**بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

مولانا محمد ہاشم رند متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما محمد نواز بھنگر کے یو پی نصیر آباد کے رہنما حافظ ہادی بخش کھوسہ سمیت دیگر رہنماؤں نے شرکت کی اس موقع پر مولانا عبدالحکیم انقلابی نے نصیر آباد کے مسائل کے بارے میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد انجینئر عائشہ زہری کو آگاہی کرائی جس پر ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری نے وفد نے یقین دہانی کرائی کہ میرے دائرہ اختیار میں ہوگا وہ مسائل کے حل کیلئے بھر پور اقدامات کئے جائیں گے

**بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

رکو مضبوط بنایا جائے اور کسٹم کلیکٹرز نس وہاں پر کی جائے اس کے برعکس صوبے کے اضلاع، علاقوں، بازاروں، گوداموں، مارکیٹوں، مین شاہراہوں پر موجود چیک پوسٹوں پر گاڑیوں کو روکنے، چھاپے مارنے، سامان ضبط کرنے، تاجروں کو کروڑوں روپے کے نقصانات سے دوچار کرنے کے ناروا اقدامات کی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نہ صرف مذمت کرتی ہے بلکہ تاجروں، مزدوروں کے ساتھ مل کر آئندہ کے لائحہ عمل کے ذریعے سخت احتجاج پر مجبور ہوگی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت عوام کو روزگار دینے کی بجائے عوام سے روزگار کے موجودہ مواقع چھین رہی ہے۔ پارٹی پہلے بھی واضح کر چکی ہے کہ اسمگلنگ کا حصہ ہے کہ وہ پابندی ہونی چاہیے جبکہ باقی تمام اشیاء کی تجارت جو کہ بارڈر ٹریڈ کا حصہ ہے پر کسی قسم کی کوئی پابندی قبول نہیں لیکن اس کے باوجود عوام کو بیروزگار کرنے کے عوام دشمن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جو کہ قابل افسوس اور قابل مذمت ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبے کے ہزاروں نوجوان مختلف اشیاء کی تجارت کے چھوٹے چھوٹے مواقعوں کے ذریعے اپنے گھر والوں کی کفالت کرتے ہیں جو کہ اسی طرح ایرانی تیل کے کاروبار سے جس سے ہزاروں غریب خاندانوں کے گھروں کا چولہا جل رہا ہے، حکومت، پولیس، کسٹم، ضلعی انتظامیہ و دیگر چھاپے مار کر تیل ضائع کرنے، ڈرمز، مشینری وغیرہ کو ضبط اور سیل کرنے اور بالخصوص ان سے روزگار کا حق چھین رہے ہیں۔ حالانکہ یہ افراد محنت مزدوری کے تیل و دیگر مواد جو کہ بارڈر ٹریڈ میں شامل ہیں کی تجارت، خرید وفروخت کر کے اپنا اور اپنے خاندان کا پیٹ پال رہے ہیں حکومت آئے روز پابندیاں، چھاپے، رشوت خوری، کرپشن کمیشن کی خاطر انہیں نقصانات سے دوچار کرنے کے عوام دشمن اقدامات کے مرتکب ہو رہی ہیں۔ اسی

طرح ضلع کوئٹہ کے مختلف مقامات بالخصوص نیو اڈا چورنگی، بروری مارکیٹ اور اطراف میں پولیس، کسٹم آفیسرز اور اہلکار دکانوں، گوداموں پر چھاپے مارنے، سامان ضبط کرنے کے ناروا تاجر دشمن اقدامات میں مصروف ہیں، آئے روز سامان لوٹنے کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں، لوگوں کو اپنے جائز تجارت، کاروبار سے بیزار کیا گیا ہے اور وہ تنگ آچکے ہیں۔ بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ ہمارے تاجروں، مزدوروں، دکانداروں، بیروزگار نوجوانوں، غریب عوام کے معاشی قتل عام پر مبنی اقدامات کو فوری طور پر ترک کیا جائے دیگر صورتحال میں پارٹی تاجروں، مزدوروں، عوام کی تائید وحمایت سے سخت احتجاج پر مجبور ہوگی اور تمام ضبط شدہ سامان کو واپس کر کے ان کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔

**بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

طوفانی بارش متوقع ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران بالائی پنجاب، اسلام آباد، بالائی خیبر پختونخوا، کشمیر، زیریں سندھ اور شمالی بلوچستان میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔ گزشتہ روز ریکارڈ کیے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت نوکنڈی میں چوالیس جبکہ تربت میں بیالیس، دادو چالیس، مٹھی اور نواب شاہ میں اڑتیس ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا

**بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

میں سینئر ڈپٹی آرگنائزر یار محمد بریال، اطلاعات آرگنائزر اسفند خان کاکڑ، آفس آرگنائزر عظیم افغان، مالیات آرگنائزر نواز کاکڑ، ثقافت آرگنائزر طیب کاکڑ، ڈپٹی آرگنائزرز ہارون موسیٰ خیل، بشیر افغان، شریف دومڑ، ڈاکٹر دلبر خان ازل، ڈاکٹر زبیر خان خلجی، ضلع کوئٹہ کے آرگنائزر وارث افغان، سینئر ڈپٹی آرگنائزر رحمت کاکڑ، اطلاعات آرگنائزر رسید مزمل شاہ، مالیات آرگنائزر شہباز خان پیر علیزئی شامل تھے۔ اس موقع پر دونوں تنظیموں نے پشتون بلوچ صوبے میں تعلیمی اداروں کے تباہ شدہ حالات پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ سسٹم کو تعلیم دشمن قرار دیا اور اتفاق کیا کہ دونوں تنظیم تعلیم کی بہتری اور مفت آسان تعلیم کی ہے ملکر جدوجہد کرینگے۔

**بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

یک مرکز قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلے میں یونیورسٹی آف گوادر کی تیسری سنڈیکیٹ کا اجلاس ہائر ایجوکیشن کمیشن کے علاقائی مرکز کوئٹہ میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر کی صدارت میں ہوا۔ میٹنگ کے بعد جاری ہونے والے ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ "چند نئے تدریسی شعبوں کے علاوہ سنڈیکیٹ نے ایک سی پیک اسٹڈی سینٹر اور میرین افیئرز اینڈ میرین سائنسز کے لیے ایک مرکز قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔ "اجلاس میں یو جی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر سید منظور احمد، سیکرٹری کالجز ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن بلوچستان حافظ عبدالماجد بوہیر، رجسٹرار دولت خان، ڈائریکٹر فنانس شفیع محمد، قائم مقام ڈین فیکلٹی آف مینجمنٹ سائنسز سمیت سنڈیکیٹ ممبران نے شرکت کی۔ کامرس اینڈ سوشل سائنسز کے پروفیسر ڈاکٹر جان محمد اور قائم مقام کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر قمر فاروق بھی شریک تھے۔ یو جی کے رجسٹرار نے اجلاس کا ایجنڈا غور وخوض اور فیصلوں کے لیے ایوان کے سامنے پیش کیا۔ فورم نے ہر ایجنڈے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور اہم امور پر فیصلہ کیا جیسے کہ نئے پروگرام شروع کرنے اور کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولرائز کرنے کی منظوری دینا جنہوں نے بھرتی کے تمام طریقہ کار کو پورا کیا اور اپنی پروبیشن مدت پوری کر لی ممبران نے یونیورسٹی کے تعلیمی، انتظامی اور مالیات سے متعلق تمام فوری مسائل پر غور کیا اور ان کو حل کیا۔ ایوان نے سنڈیکیٹ کے پہلے اجلاس کے منٹس، اکیڈمک کونسل کے تیسرے اجلاس، مالی سال 2023-24 کے بجٹ تخمینے کے لیے فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کے تیسرے اجلاس اور سال 2022 کے لیے یونیورسٹی کی سالانہ رپورٹ کی تصدیق کی۔

**بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

روپے مختص کردیئے گئے ہیں ہرنائی سنجاوی روڈ کی تعمیر سے علاقہ ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے اس سال کے وفاقی بجٹ میں بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کیلئے اربوں روپے مختص کیئے ہیں اور جلد ہی متاثرہ علاقوں کی ترقی اور خوشحالی کیلئے خرچ کیا جائے گا گزشتہ روز وفاقی وزیر مواصلات مفتی اسعد محمود سے ملاقات کی انہوں نے ہرنائی سنجاوی روڈ کیلئے بروقت این ایچ اے حکام کو ہدایت جاری کر دی گئی کہ وہ متاثرہ روڈ کیلئے پوری طور پر کام شروع کر دیں کیونکہ ہرنائی سنجاوی روڈ زراعت کا علاقہ ہے جس سے براہ راست عوام مستفید ہونگے انہوں نے کہا کہ جمیعت علماء اسلام نے ہمیشہ ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے انہوں نے کہا کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں وفاقی حکومت نے جو کردار ادا کیا وہ قابل تحسین ہے اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات استوار کرنے سے ملک کی ترقی اور خوشحالی کو اچھے اثرات مرتب ہونگے انہوں نے کہا کہ عمران خان کے دور میں پاکستان کنڈرات کا منظر پیش کر رہا تھا اس وقت بھی پاکستان کی ڈولتی کشتی کو وفاقی حکومت نے سنبھالا ہے اور آئندہ ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے بھی اپنا کردار ادا کریگی انہوں نے کہا کہ ملک میں عام انتخابات وقت پر ہونگے اور اس کیلئے جمیعت علماء اسلام ہمہ وقت تیار ہے اور بلوچستان کی سطح پر بھر پور کامیابی حاصل کریگی۔

**بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

جس میں علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے فروغ، شعبہ جات کی کارکردگی، معیاری تعلیم کے فروغ، مستقبل کے تعلیمی پروگرامز، ترقیاتی منصوبے اور مختلف معاملات کا جائزہ لیا گیا اور مختلف فیصلے کیے گئے۔ جامعہ کے مالی معاملات حل طلب مسائل سمیت مختلف امور زیر غور لائے گئے۔ مختلف کمیٹیاں بنائی گئیں اور مختلف فیصلے کیئے گئے۔ جس کی روشنی میں مستقبل کے تعلیمی امور سمیت مختلف معاملات کو بروئے کار لایا جائے گا۔ اجلاس سے جامعہ کے وائس چانسلر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اکیڈمک سرگرمیوں کے فروغ، شعبہ جات کی ترقی اور جامعہ کو تمام تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے بہتر سمت کا تعین ناگزیر ہے۔ کیونکہ علم و تحقیق ہی وہ زینہ اور راستہ ہے جو ترقی اور کامیابیوں کی ضامن ہے۔ اور جن اقوام نے انہیں اصولوں کو اپنا نصب العین بنایا ہے وہ آج ترقی یافتہ اور خوشحال معاشرہ کہلاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ بلوچستان علم وتحقیق کے فروغ، طلبہ کو تعلیم کے مواقع اور بہتر مستقبل کی جانب راغب کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اور ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیمی اداروں کو ترقی دینے کیلئے ہمہ گیر اقدامات کو سرفہرست رکھنا ضروری ہے۔ کیونکہ انہیں تعلیمی اداروں سے معاشرے کو تعلیم یافتہ اور ماہر انسانی وسائل میسر ہوتے ہیں۔ انہوں نے اساتذہ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بہترین پیشہ معاشرے میں بڑی اہمیت اور عزت کا حامل ہے۔ وہ طلبہ کو معیاری تعلیم کے ساتھ بہتر رہنمائی اور ذہن سازی کو فروغ

دیں۔

**بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

فہمی میں نہ رہیں میں اس سے قبل اللہ کی فضل کرم سے میئر کوئٹہ اور ناظم کوئٹہ رہا ہوں اور یہ نیا حلقہ انتخاب کوئٹہ کے علاوہ تحصیل نانا صاحب، تحصیل کاریزات بلکہ پورے علاقے میں ورکر موجود ہیں میں ان کے ساتھ شامل ہوا ہوں میں کسی بھی عہدہ وغیرہ لالچ میں شامل نہیں ہوا ہوں اس ضلعی صدر کے عہدے سے بڑے عہدوں پر رہا ہوں میں نے سب عمران خان کے نام پر قربان کئے ہیں مجھے صوبائی قیادت نے ضلعی صدر کا عہدہ دیا ہے میں نے اعلانیہ کسی کو نہیں کہا ہے بعض نادان دوست سوشل میڈیا پر مرادل آزاری والے میسج کرتے ہیں ان کو کہتا ہوں کہ اپنی رویے پر نظرثانی کرے حلقہ احباب میرا ابھی مگر صبر بہتر علاج ہے بعض نادان دوست ہو یا نہ عزت ذلت اللہ کے ہاتھ میں ہے اچھے کل کی توقع رکھتا ہوں کسی سے بحث میں پڑنے کی بجائے آگے عمران خان کے بیانیے کو آگے لے جانے کا وقت ہے پارٹی کو اس وقت پی ڈی ایم کے چوروں کی کا سامنا ہے دشمن کو پہچاننے کا وقت میں آخری دم تک عمران خان کے ساتھ کھڑا رہوں گا۔

**بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کی گئی۔ انہوں نے پارٹی کی حمایت کی بنیاد کو مضبوط کرنے اور عوام میں اس کے اثر ورسوخ کو بڑھانے کی حکمت عملیوں پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ عوامی مصروفیات کے دوران چیئرمین بلاول بھٹو کے مثبت استقبال پر زور دیا گیا، جس میں جمہوریت، سماجی انصاف اور مساوی مواقع کے لیے پارٹی کے عزم کو اجاگر کیا گیا۔ آئندہ انتخابات سے قبل پارٹی کے اراکین اور حامیوں کو متحرک کرنے کے لیے مستقبل کی حکمت عملیوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جس میں موثر رابطے، عوام کے ساتھ مشغولیت، اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے رسائی کی کوششیں شامل ہیں۔ قائدین نے پارٹی کے امکانات اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے اس کی لگن کے بارے میں پر امیدی کا اظہار کیا۔ پیپلز پارٹی کا مقصد چیئرمین بلاول بھٹو کی رہنمائی میں پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں کردار ادا کرنا ہے۔

**بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

پمپنگ اسٹیشن کی پمپنگ موٹر خراب ہونے کی وجہ سے وندر شہر سمیت دیگر چار ایریاز کو پینے کے پانی کی سپلائی گزشتہ 3 روز سے معطل، حسن آباد میں قائم پمپنگ اسٹیشن کی موٹر کا خراب ہونا روز کا معمول بن گیا قیامت خیز گرمی میں شہری پانی کی عدم فراہمی کے باعث در در کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور ہوگئے۔ محکمہ پی ایچ ای کی اپنے فرائض منصبی سے غافل ہونے کی وجہ سے ٹینکر مافیا کی چاندی ہوگئی۔ شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کے ڈپٹی کمشنر حب، اسسٹنٹ کمشنر وندر سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای کے افسران کو فوری طور ہدایات جاری کرتے ہوئے پینے کے پانی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ اس حوالے سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حسن آباد کی خراب مین پمپنگ موٹر کو بننے اور وندر شہر سمیت چار ایریاز کو پینے کے پانی کی فراہمی میں مزید کچھ دن لگ سکتے ہیں۔

**بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار ضلعی امیر مولانا عبد الرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا قاری مہر اللہ مولانا محمد ہاشم خیشکی مولانا محمد ایوب عبدالاحد محمد حسنی مولانا محمد اشرف جان حاجی ولی محمد بڑیچ حاجی محمد شاہ لالا مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا مفتی نیک محمد فاروقی ضلعی ناظم مالیات میر سرفراز شاہوانی ایڈووکیٹ حاجی قاسم خان خلجی حاجی صالح محمد مولانا حافظ عارف شمشیر سالار مولانا حافظ سعد اللہ آغا مولانا مفتی ابوبکر مولانا حافظ دوست محمد مدنی اور دیگر نے کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کو چند مافیاز اپنی حرام کمائی کی خاطر بے حیائی اور سماجی برائیوں کا مرکز بنانا چاہتے ہیں، لیکن تمام برائیوں کو فروغ دینے والے سرپرستوں کو واشگاف الفاظ میں متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ فوری طور پر توبہ تائب ہو کر کوئٹہ شہر کو تباہ و برباد کرنے سے گریز کرکے ہماری نسل نو کی زندگیوں سے کھیلنا بند کریں بصورت دیگر جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ عوامی طاقت سے راست اقدامات اٹھانے پر مجبور ہوگی۔ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان برائیوں پر پولیس حکام کی خاموشی معنی خیز ہے۔ اجلاس میں مردم وخانہ شماری، گیس بجلی پانی اور دیگر امور کے متعلق بھی سیر حاصل گفتگو ہوئی۔

**بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

اف بعض مریضوں کو اپنے نجی کلینکس جانے پر مجبور کرتی ہیں ادویات دستیاب ہونے کے باوجود مریضوں کو نہیں دیا جاتا اور مریضوں مہنگے داموں ادویات خریدنے پر مجبور ہیں مریضوں نے ڈپٹی کمشنر لیاقت علی کاکڑ سے مطالبہ کیا کہ وہ کرپٹ اسٹاف کے خلاف کارروائی کریں بصورت دیگر ہم احتجاج کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔

**بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

اور پولیس اہلکار غلام مصطفیٰ ٹالانی سمیت امان اللہ ٹالانی قتل ہوگئے واقع کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے اطلاع پر حدودی پولیس نے پہنچ کر لاشوں کو اپنی تحویل میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لیے سول اسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثہ کے حوالے کی گئی، پولیس کے مطابق ٹالانی برادری کے درمیان سیاہ کاری کے معاملے پر دیرینہ تنازعہ جاری تھا جس کی بناپر واقعہ پیش آیا ہے۔

**بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

فہمی میں نہ رہیں میں اس سے قبل اللہ کی فضل کرم سے میئر کوئٹہ اور ناظم کوئٹہ رہا ہوں اور یہ نیا حلقہ انتخاب کوئٹہ کے علاوہ تحصیل نانا صاحب، تحصیل کاریزات بلکہ پورے علاقے میں ورکر موجود ہیں میں ان کے ساتھ شامل ہوا ہوں میں کسی بھی عہدہ وغیرہ لالچ میں شامل نہیں ہوا ہوں اس ضلعی صدر کے عہدے سے بڑے عہدوں پر رہا ہوں میں نے سب عمران خان کے نام پر قربان کئے ہیں مجھے صوبائی قیادت نے ضلعی صدر کا عہدہ دیا ہے میں نے اعلانیہ کسی کو نہیں کہا ہے بعض نادان دوست سوشل میڈیا پر مرادل آزاری والے میسج کرتے ہیں ان کو کہتا ہوں کہ اپنی رویے پر نظر ثانی کرے حلقہ احباب میرا ابھی مگر صبر بہتر علاج ہے بعض نادان دوست ہو یا نہ عزت ذلت اللہ کے ہاتھ میں ہے اچھے کل کی توقع رکھتا ہوں کسی سے بحث میں پڑنے کی بجائے آگے عمران خان کے بیانیے کو آگے لے جانے کا وقت ہے پارٹی کو اس وقت پی ڈی ایم کے چوروں کی کا سامنا ہے دشمن کو پہچاننے کا وقت میں آخری دم تک عمران خان کے ساتھ کھڑا رہوں گا۔

**بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

شمولیت کی روح کا عملی مظاہرہ پیش کیا۔ جوبلی لائف انشورنس کھیلوں کے فروغ اور معاشرے میں تمام طبقات کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتا ہے۔ ایک ذمہ دار کاروباری سماجی ادارے کے طور پر جوبلی لائف انشورنس تنوع کو پروان چڑھانے اور خصوصی افراد کو

مساوی مواقع کی فراہمی سے متعلق اقدامات میں معاونت کے لئے پرعزم ہے۔

**بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کران کباڑیوں کے ہاں فروخت کیئے جاتے ہیں جس سے کباڑیوں و چوروں کو فائدہ اور مالکان کو نقصان کا سامنا انتہائی دیدہ دلیری سے کباڑی چوری کا سامان خرید رہے ہیں جو کہ تشویش ناک ہے اس صورت سے عوام کو کون نجات دلائے گا عوامی حلقوں نے اس حوالے سے شدید پریشانی کا اظہار کیا ہے

**بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

یاں پھنس گئے مسافر کو شدید گرمی میں مشکلات کا سامنا احتجاجی مظاہرین کا بجلی بحال کرنے طویل لوڈ شیڈنگ ختم کرنے مطالبہ پورے پنجگور میں گزشتہ ایک سال سے بجلی کا شدید بحران ہیکیھی ٹاورز گرنے کے بہانے مہینوں بجلی بند کرنا کبھی فالٹ اور ڈیفالٹروں کے خلاف کاروائی سے پنجگور میں بجلی نہ ہونے کے برابر ہے اسکے باوجود علاقہ کا بجلی بند کرنا ظلم ہے اگر کوئی بجلی ناجائز استعمال کررہا ہے تو ان پر کاروائی کرے لیکن افسوس جو قانون کے مطابق چل رہا ہے انہیں خواہ مخواہ تنگ کیا جارہا ہے پنجگور واحد ضلع ہے جس کی لوڈشیڈنگ مکران کے دیگر اضلاع سے زیادہ ہے اور بجلی کی وولٹیج انتہائی کم ہے جو کسی بھی برقی آلات کو چلانے کا اہل نہیں ہے بجلی سہولت کے بجائے پنجگور کیلئے زحمت بن گیا ہے جب تک محکمہ کیسکو اپنا قبلہ درست نہیں کرے گا احتجاج جاری رہے گا واضح رہے آخری اطلاع تک نہ محکمہ واپڈا کے زمہ دار احتجاج پر گئے نہ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کوئی زمہ دار وہاں پہنچ سکا ہے۔

**بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

حب کی عدالتوں میں ہتک عزت اور کرمنل لا کے تحت مقدمات درج کر رکھے ہیں اکبر زہری کے وکلا نے بتایا کہ آج عدالت نے حکم جاری کیا ہے کہ عدالت کا بیلف سمن لے کر جائے گا اور مدعی مقدمہ ایم این اے محمد اسلم بھوتانی کے گھر کی نشاندہی کرائے گا اگر اس طرح بھی سمن کی تعمیل نا ہوسکی تو اس کے بعد اخبارات میں اشتہار کے ذریعے سمن کی تعمیل کروائی جائے گی اس موقع پر پیپلز پارٹی کے کارکنان و عہدیداران کی بڑی تعداد عدالت کے باہر موجود تھی

**بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

عوام کے دلوں میں بھوتانی برادران کی محبت کی راج کرتی ہے لسبیلہ کی عوام سے ہمارا روحانی رشتہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا۔ ہم آج بھی لسبیلہ عوام کے جائز مسائل حل کے لیے کوشاں ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بھوتانی ہاؤس کوئٹہ میں اوتھل ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا وفد میں بھوتانی گروپ کے رہنما ڈاکٹر محمد خان شیخ، پیر عارب شاہ جیلانی، صحافی محمد حنیف چنہ اور صحافی حمید شاہین چنہ شامل تھے۔ شہزادہ صالح بھوتانی نے کہا کہ ہمیں عوام کے مسائل کا ادراک ہے یہی وجہ ہے کہ عوام ہم پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے جوق در جوق ہمارے قافلے میں شمولیت اختیار کر رہے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ بھوتانی برادران عوام کو کبھی مایوس نہیں کریں گے کیونکہ کہ عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔

**بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ری کرنے والا ملزم گرفتار مقدمہ درج تفصیل کے مطابق اسٹیشن ہاؤس آفیسر بیلا انسپکٹر یار محمد کمانڈو نے جمعہ کے روز پولیس پارٹی اے ایس آئی عبدالحکیم رونجھو عبدالرحمٰن اور کانسٹیبلز انور امین رونجھو حنیف سیناں جمیل احمد کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے الحبیب میڈیکل اسٹور کا شٹر توڑ کر رقم چوری کرنے والے چور عابد علی ولد ذوالفقار ساکن بیلا شہر سے چوری شدہ رقم برآمد کر کے گرفتار کرلیا اور مقدمہ درج کرلیا ہے

**بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

عتی اصولوں سے انحراف اور خلاف ورزیوں پر کاروائی۔ دومرتبہ نوٹس کے باوجود جماعت اسلامی کی مرکز کو خالی نہ کرنے کی بنا تین ماہ کیلئے معطل کردی گئی۔ آخری نوٹس میں واضح کیا گیا کہ خلاف ورزی کی صورت میں مکمل طور پر بنیادی رکنیت ختم کردی جائے گی۔

**بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

شکریہ ادا کرتا ہوں، ان کی عظیم قیادت کی بدولت یہ منصوبہ ممکن ہوسکا۔

**بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

سمیت پاکستان متحدہ محاذ میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا کامران خان کاکڑ کا کہنا تھا کہ آئندہ انتخابات میں عوام پرانے اراکین اسمبلی جنہوں نے اپنے حلقہ انتخاب میں کوئی کام نہیں کیا ہے انہیں ووٹ نہ دیں بلکہ پاکستان متحدہ محاذ کو کامیاب کرکے تاکہ وہ ہر فورم پر ان کی آواز بلند کریں انہوں نے کہا کہ ہم کمانڈر شائستہ خان نورزئی اور میر احمد خان شاہوانی اور ان کے ساتھیوں کو شمولیت پر مبارکباد دیتا ہوں اور امید ظاہر کرتا ہوں کہ وہ اپنی تمام تر صلاحیتیں پاکستان متحدہ محاذ کیلئے صرف کریں اور اپنے علاقوں میں پارٹی کے اتحاد کو فعال بنائیں۔

**بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

یہ ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے پاس ہوم بیسڈ ورکرز کی تعداد کا ڈیٹا ہی موجود نہیں، موجودہ صورتحال میں گھریلو ملازمین مزدوری نہیں بلکہ غلامی کی جدید شکل ہے لہذا عالمی کنونشنز اور اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف کی روشنی میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں ہوم بیسڈ ورکرز کے حوالے سے قانون سازی کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گھریلو ملازمین کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا

**بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

سے شہر میں جل تھل ایک ہوگیا، بارش کے ساتھ ہی شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی۔ جمعہ کی سہ پہر وادی کوئٹہ اور گردونواح میں بادل چھانے کے بعد گرد آلود تیز ہواؤں کے ساتھ کچھ علاقوں میں تیز اور کہیں ہلکی بارش کا سلسلہ جاری رہا جس کے بعد شہر کی نالیاں ابل پڑیں اور بارش کا پانی سڑکوں پر جمع ہوگیا، بارش کے ساتھ ہی شہر کے مختلف علاقوں میں کیسکو کے متعدد فیڈرز ٹریپ کرجانے سے بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی، بارش سے گرمی کی شدت میں کمی آتے ہی موسم خوشگوار ہوگیا محکمہ موسمیات کے مطابق بارکھان، خضدار، سبی، نصیر آباد، لسبیلہ، ژوب، گوادر، اور ماڑہ، اوتھل، بیلہ اور آواران میں آندھی، گرج چمک کے ساتھ بارش اور چند مقامات پر ژالہ باری کا سلسلہ جاری رہا جبکہ آج (ہفتہ) کو بھی صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ بارکھان، خضدار، سبی، نصیر آباد، لسبیلہ، ژوب، گوادر، اور ماڑہ، اوتھل، بیلہ اور آواران میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور ژالہ باری کا امکان ہے۔

**بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

دفاتر وسکولز کی مکمل تالہ بندی کی گئی جی ٹی اے بی کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات ونشریات فیض محمد نیچاری کے

مطابق جی ٹی اے بی کے صوبائی کال پر صوبہ بھر کی طرح قلات میں بھی گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کی جانب سے GTA کے ضلعی نائب صدر مولوی مولوی محمد عیسیٰ، سیکرٹری جنرل اسحاق لہڑی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری اللہ بخش لہڑی، فنانس سیکرٹری الہی بخش بنگلزئی، تحصیل صدر قلات میر محمد انور زہری، جنرل سیکرٹری حاجی ثناءاللہ مینگل، خالد شاہ سمیت متعدد جی ٹی عہدیداران وممبران اساتذہ کرام ضلع بھر میں قلات و خالق آباد منگچر سکولز کی تالا بندی اور ضلعی ایجوکیشن دفاتر کی تالا بندی کی گئی اساتذہ کرام کی اتحاد و اتفاق جدوجہد اور قائد اساتذہ جی ٹی اے بی کے صوبائی صدر حاجی حبیب الرحمٰن مردانزئی، سجاد رند، میر شہباز قلندرانی کی ودیگر قائدین کی قیادت و تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیروز کی جدوجہد وقربانی سے انشاءاللہ GTAB کا میابی اور صوبہ بھر کے اساتذہ کرام کی ہوگی انشاءاللہ GTAB کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیگی اور اپگریڈیشن کی بھی اساتذہ کو مراعات جی ٹی اے ہی لے کر دے گی نوٹیفکیشن لیکر ہی احتجاج ختم ہوگی اساتذہ کرام اپنی صفوں میں اتحاد و اتفاق برقرار رکھے اور حبیب مردانزئی و جی ٹی اے بی قائدین کے ہاتھ مضبوط کرے

**بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

سکندر ایڈووکیٹ، ثنا بلوچ، نصیب اللہ مری سمیت تمام سیاسی جماعتوں نے ہمارا ساتھ دیا ہم ان کے شکر گزار ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا مجیب غرشین نے کہا کہ عرصہ تین سال سے ہم جونیئر اساتذہ کی اپ گریڈیشن کے متعلق اپنے مطالبات پیش کررہے تھے بالآخر آج وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے 7 ہزار جونیئر اساتذہ کی اپ گریڈیشن کی سمری پر دستخط کردیا جس کیلئے ہم ان کے شکر گزار ہیں ہمارے باقی مطالبات پر بھی جلد عملدرآمد کی یقین دہانی کرائی ہے انہوں نے کہا کہ غیر حاضر اساتذہ کی کسی فورم پر ہم حمایت نہیں کرینگے حکومت ان کے خلاف کارروائی کریں تو ہم رکاوٹ نہیں بنیں گے مجیب غرشین نے کہا کہ ہمارے باقی مطالبات پر بھی جلد عملدرآمد کرانے کی حکومت نے یقین دہانی کردی ہے امید ہے کہ ان پر بھی جلد عملدرآمد کریگا ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہم نے 8 روز سے علامتی بھوک ہڑتال جاری تھی اسے ختم کرنے کا اعلان کرتے ہیں اور تمام ساتذہ کو مبارکباد دیتے ہیں کہ ان کی جدوجہد بالآخر رنگ لے آئی۔

**بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

یک تھے اس موقع پر قاضی نوید احمد نے سختی کے ساتھ سی 114 اور ٹاپ ففٹی 50 لیسٹ پر تیزی سے کام کرنے کی ہدایت کرتے ہوتے کہا کہ میٹر ریڈر کو چاہیئے کہ وہ ایکوریسی و سنیپ اپنے ڈیلی ریڈنگ پروگرام میں زیادہ تعداد میں لائے جو جون ریکوری کو حدف تک جلد پوری ہوسکیں اس وقت ریکوری کیلئے ہمارے پاس بہت کم وقت رہ گئی ہے اس موقع پر ھاھیڈرو یونین خضدار سرکل کے وائس چیرمین حاجی شاہ سلیم خان، سب ڈویژن چیرمین جلیل احمد نوشیروانی جنرل سیکرٹری نورالدین بلوچ محمد عارف چنال محی الدین ایم ایس ٹی 2 فیڈر انچارج کرم الہی بڑیچ، سید بشیر شاہ موجود تھے بعدازاں اور ایگزیکٹو انجینیر کیسکو قاضی نوید احمد خاران کیسکو ٹیم کے ساتھ بلز کی عدم ادائیگی پر خاران محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئر نگ کے واٹر سپلائی اسکیمات سمیت مختلف ٹیرفز بجلی کنکشن مقطع کردیئے جبکہ محکمہ پی ایچ ای خاران نے واٹر سپلائی اسکیمات مقطع کرنے پر کیسکو خاران کو 2 کروڑ 39 لاکھ روپے کا ریلیز جاری کیا۔

**بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہیں لیکن وہ عوام کے لئے خرچ نہیں ہوتے، بلوچستان میں ڈاکٹر اور سرکاری ہسپتالوں کی انتظامیہ عزائیل کا کام سرانجام دے رہی ہے، حکومت سے مطالبہ ہے کہ وہ سول ہسپتال اور بی ایم سی سمیت تمام سرکاری ہسپتالوں کی انتظامیہ پر کڑی سے کڑی نظر رکھیں۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ سول ہسپتال کی تباہ حالی دیکھ کر میں اپنی بہن کو یاسین ہسپتال داخل کروایا وہاں ہمیں معلوم ہوا کہ انہیں اسٹروک ہے ایک رات یاسین ہسپتال میں گزارنے کے بعد اکرام ہسپتال میں ڈاکٹر سلیم بڑیچ کے کلینک گئے جہاں انہوں نے ہمیں بی ایم سی داخل کرنے کا کہا ہم نے انہیں بتایا کہ ہم اکرام ہسپتال کے علاوہ معالجے کے اخراجات برداشت کر سکتے ہیں لیکن ڈاکٹر سلیم نے ہمیں مشورہ دیا کہ یہاں کے بجائے مریضہ کو بی ایم سی لے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ڈاکٹر سلیم کے کہنے پر مریضہ کو بی ایم سی ہسپتال میں داخل کروادیا وہاں ہمیں معلوم ہوا ہے کہ 17 جون کو ڈاکٹر سلیم وارڈ کا دورہ کریں گے اور انکی غیر موجودگی میں ڈاکٹر علی اور ڈاکٹر عصمت ترین اور نرسز کی ٹیم نے مریضہ کا چیک آپ کر کے انہیں انجکشن لگایا۔ انہوں نے کہا کہ انجکشن لگانے کے بعد ہمارا خیال تھا کہ ڈاکٹرز نے سوچ سمجھ کر علاج کیا ہے لیکن صبح سات بجے سے دم توڑنے تک کسی ڈاکٹر یا نرس نے آکر چیک نہیں کیا اور ایک نرس نے کہا کہ ایسے مریضوں کے لئے نشے میں رہنا بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب میری بہن کی سانس اکھڑنے لگی تو ہم نے بہت کوشش کی کوئی ڈاکٹر آکر اسے دیکھے لیکن وہاں کا عملہ چھپ گیا اور یہ بھی بتانے والا کوئی نہیں تھا کہ یہ بے ہوش ہے یا دم توڑ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر سرکاری ہسپتالوں میں اپنے فرائض سرانجام دینے کے بجائے پرائیویٹ کلینکس کے کاروبار کو چمکانے میں مصروف اور زندگیوں کو سنوارنے کے لئے غریب عوام کا قتل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میری بہن کی موت کی ذمہ داری یہاں کے نظام اور ڈاکٹرز پر عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے بی ایم سی کی انتظامیہ کو فوری طور پر معطل کیا جائے۔

**بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہنگامی بنیادوں پر بھرتی نہیں کیا گیا تو پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن سبی انتہائی راست قدم اٹھانے پر مجبور ہوگی اور اپنے پیرامیڈکس کے لیے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ سیکریٹری صحت حکومت بلوچستان سے اس معاملے پر نوٹس لینے کا بھی مطالبہ کرتے ہیں۔

**بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

چستان ضلع لورالائی کے ممبران کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ساتھیوں نے افہام وتفہیم سے آئندہ کا تنظیمی کابینہ تشکیل دی گئی صدارت کے لئے سردار عبدالرشید جوگیزئی جبکہ سیکرٹری جنرل کے لئے بہادر شاہ ناصر کے نام تجویز، چیئرمین شپ کے لئے نواب خان اتمان خیل جبکہ عبدالمالک ناصر آرگنائزر کے عہدوں کے لئے تجویز کئے گئے ضلعی کابینہ کا حتمی اعلان سیسا بلوچستان کے صوبائی صدر حاجی محمد قاسم خان کاکڑ کریں گے اور بعد میں باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کردیا جائے گا۔ سیسا بلوچستان ضلع لورالائی کے ساتھیوں سے اس پروقار تقریب میں بھرپور شرکت کرنے کی گزارش کی ہے دورے کے شیڈوک

جلد جاری کیا جائیگا۔

**بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

دیئے جن میں 11 زرعی نادہندگان اور 12 گھریلو نادہندگان کے ٹرانسفارمرز شامل ہیں نیز کارروائی کے دوران بقایاجات کے حامل 41 گھریلو اور کمرشل صارفین کے کنکشنز بھی منقطع کردیئے گئے، اسی طرح مسلم باغ اور زیارت کے مختلف علاقوں میں عدم ادائیگی پر فیڈروں کے برانچ کاٹ کر نادہندگان کی بجلی منقطع کردیئے ہیں۔ علاوہ ازیں کیسکو سبی سرکل میں بھی نادہندگان کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی جس کے دوران صحبت پور، جعفرآباد اور اوستہ محمد سب ڈویژن کے مختلف دیہات کے 16 ٹرانسفارمرز عدم ادائیگی پر اُتار دیئے گئے جن کے ذمہ لاکھوں روپے کے بقایاجات واجب الادا ہیں۔ اس کے علاوہ کیسکو ٹیموں نے سبی، ڈھاڈر، لہڑی اور متعلقہ علاقوں میں نادہندگان کے فیڈروں سے برانچز منقطع کردیئے جبکہ کارروائی کے دوران نادہندگان کے برقی آلات بھی اُتار دیئے گئے۔ ماہ جون کے ریکوری مہم کے سلسلے میں کیسکو کی ٹیمیں صوبہ بھر میں نادہندگان سے بقایاجات کی وصولی کے سلسلے میں بلاتفریق کارروائیاں کررہی ہے اور اس سلسلے میں تمام نادہندہ سرکاری محکموں اور گھریلو، کمرشل، زرعی صارفین کو بلوں کی ادائیگی سے متعلقہ نوٹس بھی ارسال کئے گئے ہیں۔ لہٰذا کیسکو نے تمام صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے ذمہ بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی کے ساتھ ساتھ بقایاجات بھی جمع کرائیں بصورت دیگر کیسکو ٹیمیں نادہندگان کے کنکشنز بلاتاخیر منقطع کردے گی جس کے بعد کیسکو مزید کسی بھی نادہندہ صارف کے کنکشنز منقطع ہونے اور زحمت پر ذمہ دار نہیں ہوگی۔

**بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

اہم کی گئی انہوں نے بتایا کہ اگر پانی کی کمی کا سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو اس مرتبہ خریف سیزن میں فصلیں متاثر ہونگی اس لئے ضلعی انتظامیہ بروقت پانی کی کمی کے حوالے سے صوبائی حکومت کو تحریری طور پر آگاہی فراہم کرے تاکہ کسانوں میں پائے جانے والے خدشات دور ہوسکیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر استا محمد اعجاز سرور نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اس بابت حکام بالا کو بلفور آگاہی فراہم کرے گی کیونکہ یہاں کے لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے کیرتھر کینال میں پانی کی کمی وجہ سے کسانوں کے خدشات دور کئے جائیں گے اور صوبائی سطح پر اقدامات کرنے کی سفارش کی جائے گی کیرتھر کینال میں چوبیس سو کیوسک پانی کے بجائے صرف سات سو کیوسک پانی فراہم کیا جارہا ہے جس کی وجہ سے ٹیل تک پانی کی فراہمی ممکن نہیں ہوسکے گی سب سے اہم یہ ہے کہ کیرتھر کینال کے حصے کا پانی سندھ کی وارہ کینال کے ذریعے 12 غیر قانونی واٹر چینلز میں پانی دیا جارہا ہے جو کہ کیرتھر کینال سے وابستہ کسانوں سے زیادتی کے مترادف ہے اور اس کے حصول کیلئے ضلعی انتظامیہ ڈویژنل انتظامیہ کے توسط سے اعلیٰ حکام تک پہنچانے کی کوشش کریں گی

**بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

فیسر کیسکو کی خصوصی ہدایت پر کیسکو نے ہنگامی بنیادوں پر 132 KV ٹرانسمیشن لائن کی بحالی کے لئے سامان اور عملہ روانہ کردیئے گئے جس کے بعد جمعرات کے روز کیسکو کا شعبہ گرڈ سسٹم کنسٹرکشن (جی ایس سی) اور گرڈ سسٹم آپریشن (جی ایس او) کی ٹیموں نے مرمت و بحالی کا کام تیزی سے شروع کردیا ہے اور توقع ہے کہ مذکورہ ٹاورز کی دوبارہ تنصیب اور مرمت و بحالی کا کام جلد مکمل کرلیا جائے گا۔ واضح رہے کہ منگل کی شام شدید طوفانی ہواؤں کی وجہ سے 132 KV ہوشاب ٹو پنجگور ٹرانسمیشن لائن کے تین ٹاور زگر گئے تھے جس کے نتیجے میں پنجگور گرڈ اسٹیشن کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی تھی۔ تاہم کیسکو نے صارفین کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے منگل اور بدھ کی درمیانی رات ایک 132 KV پنجگور گرڈ اسٹیشن کو 132 KV ناگ گرڈ اسٹیشن کے ذریعے قومی گرڈ سے منسلک کر کے پنجگور گرڈ اسٹیشن کو بجلی کی فراہمی بحال کردی تھی اور اس طرح پہلی مرتبہ مکران ڈویژن کے ضلع پنجگور کو نیشنل گرڈ سے بجلی کی فراہمی شروع ہوگئی جس کے بعد اب معمول کے مطابق پنجگور کو نیشنل گرڈ سسٹم سے بجلی کی فراہمی جاری ہے۔

**بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

پی اور جماعت اسلامی اس سیاسی اور انتظامی مسائل کی زمہ دار ہیں پاکستان کے معاشی حب اور شہ رگ کو مسائل سے دوچار کرنا پورے ملک سے دشمنی ہے پیپلز پارٹی گزشتہ پندرہ سال سے مسلسل اور کئی سال سے کم وبیش اقتدار میں رہی نہ سندھ کے مسائل حل ہوئے اور نہ کراچی جیسے شہر کے عوام کے بنیادی مسائل پر کوئی بڑی پیش رفت ہوئی، پانی، بجلی گیس اور بجلی وصفائی جیسے مسائل پیچیدہ ہوچکے، امن وامان کی صورتحال ہو یا سٹریٹ کرائم کمی نہیں لا سکے، مردم شماری کو بھی متنازعہ بنایا گیا ہے، محمد فائق شاہ نے کہا کہ کیا کراچی جیسے شہر میں الیکشن کمیشن اور حکومتیں براہ راست مقامی حکومتیں قائم کیوں نہیں کرتیں؟ دھونس اور دھاندلی کے الزامات کب تک لگتے رہیں گے اور کراچی کے عوام کب تک قبضہ گروپوں اور جرائم سے لڑتے رہیں گے، کراچی کے مسائل سے پورا ملک متاثر ہوتا ہے، امن ترقی پارٹی قانونی اداروں، الیکشن کمیشن، سیاسی جماعتوں اور کاروباری طبقات سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مل بیٹھ کر براہ راست اپنے نمائندے منتخب کریں اور تعاون کے ساتھ کراچی کے مسائل حل کریں۔

**بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ئینہ دار ہوگا۔ مجوزہ بجٹ 2023-24 بلوچستان کی ضروریات کو مدنظر رکھ کر بنایا گیا جو کہ تمام بلوچستان کی نمائندگی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی۔ بلوچستان حکومت نے صوبہ کو بحرانوں سے نکال کر ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بجٹ انتہائی متوازن اور عوام دوست ہے جو کہ بلوچستان کے عوام کے لئے ترقی کی نئی راہیں کھولے گا اور روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

**بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

نچ بھی منظر عام پر آ گئی ہیں سندھ حکومت بچی کی بازیابی کیلئے عملی اقدامات کرے ان خیالات کا اظہار آل پاکستان مری اتحاد لسبیلہ کے رہنما حاجی قمر دین مری نے جمعہ کے روز یو این اے اور عوامی پریس کلب بیلا صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کی انہوں نے 10 جون کو جناح اسپتال کراچی سے اسماعیل مری کی نومولود بچی کے اغوا کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسپتال سے نومولود بچی کا اغوا اسپتال انتظامیہ اور سندھ حکومت کی غفلت کی واضح مثال اور اسپتال انتظامیہ اور سندھ حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے حاجی قمر دین مری نے مزید کہا کہ ملک میں بچوں کو اغوا کرنے کے واقعات تو روز کا معمول ہیں مگر اسپتالوں سے بھی نومولود بچوں کا اغوا ہونا باعث تشویش امر ہے انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت اسماعیل مری کی نومولود بچی کو بازیاب کرانے میں سنجیدہ نہیں ہے اور اس امر کی ہم شدید مذمت کرتے

ہیں انہوں نے چیف آف آرمی اسٹاف چیف جسٹس سپریم کورٹ آف پاکستان اور ڈی جی رینجرز سے مطالبہ کیا ہے کہ اسماعیل مری کی جناح اسپتال کراچی سے اغوا ہونے والی نومولود بچی کو فوری بازیاب کرا کے غم زدہ والدین اور مری قبیلے کو فوری انصاف دلایا جائے اور غفلت برتنے پر اسپتال انتظامیہ کے خلاف کاروائی عمل میں لائی جائے۔

**بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

پی اور جماعت اسلامی اس سیاسی اور انتظامی مسائل کی زمہ دار ہیں پاکستان کے معاشی حب اور شہ رگ کو مسائل سے دوچار کرنا پورے ملک سے دشمنی ہے پیپلز پارٹی گزشتہ پندرہ سال سے مسلسل اور کئی سال سے کم وبیش اقتدار میں رہی نہ سندھ کے مسائل حل ہوئے اور نہ کراچی جیسے شہر کے عوام کے بنیادی مسائل پر کوئی بڑی پیش رفت ہوئی، پانی، بجلی گیس اور بجلی وصفائی جیسے مسائل پیچیدہ ہوچکے، امن وامان کی صورتحال ہو یا سٹریٹ کرائم کمی نہیں لا سکے، مردم شماری کو بھی متنازعہ بنایا گیا ہے، محمد فائق شاہ نے کہا کہ کیا کراچی جیسے شہر میں الیکشن کمیشن اور حکومتیں براہ راست مقامی حکومتیں قائم کیوں نہیں کرتیں؟ دھونس اور دھاندلی کے الزامات کب تک لگتے رہیں گے اور کراچی کے عوام کب تک قبضہ گروپوں اور جرائم سے لڑتے رہیں گے، کراچی کے مسائل سے پورا ملک متاثر ہوتا ہے، امن ترقی پارٹی قانونی اداروں، الیکشن کمیشن، سیاسی جماعتوں اور کاروباری طبقات سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ مل بیٹھ کر براہ راست اپنے نمائندے منتخب کریں اور تعاون کے ساتھ کراچی کے مسائل حل کریں۔

**بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

م دے رہے ہیں جس کی وجہ سے محکمہ کو مزید ڈاکٹرز کی ضرورت ہے اور اس وقت 1600 بے روزگار ویٹرنری ڈاکٹر موجود ہے اور ہر سال 200 کے قریب مزید ڈاکٹرز فارغ ہورہے ہیں اس سلسلے میں ہم نے احتجاجی مظاہرے اور پریس کانفرنس کے ذریعے حکومت وقت سے اپیل کی اور حکومت نے یقین دہانی کرائی کہ ہم بے روزگار ویٹرنری ڈاکٹروں کیلئے آسامیاں کی تخلیق کرینگے لیکن حکومت نے کئی بار مذاکرات کے باوجود آسامیوں مشتہر کی گئی اور نہ ہی بے روزگاری کا خاتمہ کیا گیا ہم حکومت وقت سے ایک بار پھر مطالبہ کرتے ہیں کہ بے روزگاری ویٹرنری اور فارغ التحصیل ڈاکٹروں کیلئے آسامیوں کی تخلیق کر کے بھرتی کی جائے بصورت دیگر ہم سخت احتجاج کا راستہ اپنائیں گے۔

**بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ی حمید بلوچ حاجی عبدالحی مینگل، ڈاکٹر ابراہیم بنگلزئی، قدوس بلوچ، فاروق سالانی، میر خان مری، اور فاروق سالانی، شامل تھے رہنماؤں نے شیخ زید ہسپتال کیا گیزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر غفار بلوچ ڈپٹی ڈائریکٹر منیر بلوچ سے ان کیا آفس اور یونین صدر سجاد ریسانی وان کر کابینہ کیدیگر اراکین سے علیحدہ ملاقات کر شیخ زید ہسپتال کے مجموعی مسائل عوام وہسپتال انتظامیہ کیا بین ڈاکٹر مریض وانتظامیہ کے خوشگوار ماحول اعلی مشینری طبی جراحی حالات ڈاکٹروں کو درپیش مسائل پر تفصیلی حال احوال ہوا

**بقیہ 44 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر خضدار کیپٹن ریٹائرڈ جمیل احمد بلوچ نے پی پی ایچ آئی کے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ خضدار پیرامیڈیکس اسٹاف بے خوبی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہا ہے خضدار میں صحت کے حوالے سے جن مسائل کا سامنا ہے وہ مشاورت کے ساتھ حل کرینگے دور دراز علاقوں میں صحت کی بہترین سہولیات فراہمی اولین ترجیح ہے جب ہمارا معاشرہ ہر قسم کی بیماریوں سے پاک ہوکر صحت مند معاشرہ بنے گا تو ہم کامیابی کی طرف جائینگے

**بقیہ 45 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

جون) بروز اتوار (مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد، طوغی روڈ، کانسی ون، اسٹاف کالج فیڈروں سے صبح 8 بجے سے 10 بجے تک جبکہ شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے پی اے ایف، تکاتو، عمر، ادیان، ٹی پی ایس، اغبرگ، جبل نور، سی ٹی ایس، خروٹ آباد، رنگی ہے

**بقیہ 46 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

معاون حافظ امین اللہ یونٹ کنوینر حافظ نجیب اللہ ڈپٹی کنوینر حافظ عطاللہ عطا ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت طلبا اسلام نظریاتی نوجوان نسل کے تربیت کیلئے عظیم درسگاہ ہے انہوں نے کہا کہ جے ٹی آئی نظریاتی کی سرپرستی پاکستان کے جید علما اکرام کررہے ہیں ہم نوجوان نسل کو دعوت دیتے ہیں کہ اس فلیٹ فارم پر متحد ہوکر سیاست ملک پاکستان میں تمام سیاسی جماعتوں واحد جماعت جمعیت نظریاتی ہے جن کے قائدین کے دامن بے داغ ہے باقی سیاسی جماعتوں سے عوام بلکل مایوس ہوچکے ہیں تمام جماعتوں نے اپنے اپنے دور گزار دی لیکن عوام کے لئے کوئی ایسا کام نہیں کیا جن سے عوام مطمئن ہو جمعیت نظریاتی کے قائدین عوام کے لئے ہر دور اپنے جانوں کو حاضر کیا ہے۔

**بقیہ 47 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہوں کہ شاپنگ سینٹر مکمل طور پر مکمل سیکورٹی نظام اور جدید طرز تعمیر پر ڈائزین کیا گیا ہے اسطرح کے شاپنگ مال بلوچستان کی ضرورت ہے وزیر داخلہ نے کہا کہ آج بلوچستان میں تاریخی دن ہے بلوچستان کے عوام کو اس طرح کے مال سے تمام چیزیں ملی سکیں گی اور شاپنگ مال سے 5 سو لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر آئی دعا گو ہوں کہ بلوچستان کے لوگوں کیلئے کہ اسطرح کے ڈیپارٹمنل اسٹور خیر کے ہو۔ اس موقع پر آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ کا کہنا تھا کہ امتیاز ڈیپارٹمنل اسٹور کا کھلنا اس بات کی ضمانت ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کے حالات بہتر ہیں جبکہ بلوچستان کو امتیاز ڈیپارٹمنل اسٹور کی طرح رول ماڈل اسٹورز کی ضرورت ہے۔ اور میں بلوچستان کے شہریوں کو مبارکباد دیتا ہوں کہ وہ معیاری اور سستی چیزیں خرید سکے گئے آئی جی پولیس نے مزید کہا کہ ملک بھر سے کاروباریوں کو بھی دعوت دیتا کہ بلوچستان میں اسطرح کے ڈیپارٹمنل اسٹور کھلیں اس موقع پر امتیاز عباسی نے کہا کہ امتیاز ڈیپارٹمنل اسٹور کی آمد سے بلوچستان کے 500 لوگوں کو روزگار ملا امتیاز ڈیپارٹمنل اسٹور جدید طرز پر بنایا گیا ہے امتیاز ڈیپارٹمنل اسٹور سے کوئٹہ کے لوگوں کو معیاری چیزیں ملی گئی۔

**بقیہ 48 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

پوسٹوں کی تعداد میں کمی کی ہے تاہم صورتحال کو مزید بہتر بنانے اور تاجروں کی جائز شکایات دور کرنے کیلئے وہ متعلقہ وفاقی اور صوبائی حکام سے بات کریں گے ۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ حکومت سرحدی تجارت کھلنے سمیت حکومت متعدد دیگر اقدامات اٹھا رہی ہے، جس کے نتیجے میں متصل علاقوں سے معاشی اور تجارتی سرگرمیوں میں اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ انہوں نے تاجروں کے وفد کو یقین دلایا کہ انھیں ہر ممکن سہولت کی فراہمی میں وہ اپنا کردار ادا کریں گے اور آپ کی آواز وفاقی حکومت تک پہنچائیں گے۔

**بقیہ 49 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

صی خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس کی صدارت یونٹ کے صدر حافظ ہدایت اللہ سبحانی نے کی جبکہ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت یونٹ کے نائب صدر سوئم حافظ باز محمد نے کی جبکہ اجلاس میں جمعیت طلبہ اسلام کلی چلتن رہسانی ہزار گنجی کے مجلس عاملہ کے اراکین کو از سر نو تشکیل دی گئی حافظ ہدایت اللہ سبحانی صدر حافظ نصیب اللہ نایب صدر دوئم حافظ باز محمد نائب صدر سوئم حافظ عطاء اللہ صدر چہارم جنرل سیکرٹری اعجاز الرحمٰن جنگ حافظ جہانگیر ڈپٹی جنرل سیکرٹری ظہور احمد جنگ ڈپٹی جنرل سیکرٹری سوئم حافظ حبیب اللہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری چہارم حافظ انیس الرحمٰن جنگ سیکرٹری اطلاعات قاری محمد یوسف ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری محمد یونس ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سوئم عمران اللہ جنگ سیکرٹری اطلاعات چہارم حسین احمد بڑیچ ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات پنجم ناظم مالیات حافظ محیب اللہ رفیع اللہ امین اللہ شبیر احمد محمد یوسف محمد نسیم منور نصر اللہ جنگ حافظ شعیب الرحمٰن منتخب ہوگئے اجلاس سے جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رہسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی یونٹ کے صدر حافظ ہدایت اللہ سبحانی نائب صدر حافظ نصیب اللہ جنرل سیکرٹری اعجاز الرحمٰن جنگ ناظم مالیات حافظ محیب اللہ ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت طلبہ اسلام کے کارکن تعلیمی اداروں میں قلم کتاب اور اساتذہ کرام کا احترام لازمی کرے۔ طلبہ برادری اپنے تمام تر توانائیوں کو بروئے کار لائے اور چپتگی کے ساتھ تعلیم حاصل کرے انہوں نے کہا کہ جمعیت طلبہ اسلام یونٹ سے لے کر تحصیل ضلع صوبہ اور مرکز تک جمعیت علمائے اسلام لے ماتحت طلبہ تنظیم ہے جمعیت طلبہ اسلام واحد طلبہ تنظیم ہے جس کی سرپرستی ملک گیر علماء کرام کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ جمعیت طلبہ اسلام ہر قسم تعصب اور قومیت سے پاک طلبہ تنظیم ہے انہوں نے کہا کہ جمعیت طلبہ اسلام منشیات فروشی پر تشویش کا اظہار کرتی ہے اور صوبائی وضلعی حکومتوں سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ فوری طور پر منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرے ہزار گنجی میں ہزاروں نوجوان نسل منشیات نوشی میں مبتلا ہوگئے ہیں صوبائی وضلعی حکومتیں ابتک منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی سے بے بس نظر آرہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ منشیات فروشوں انسانیت کی دشمن ہے جمعیت طلبہ اسلام اس قبیح عمل سخت تشویش کا اظہار کرتی ہے اجلاس کے اختتام پر یونٹ کے نائب صدر حافظ نصیب اللہ کے جانب سے پرتکلف ظہرانہ دیا گیا ہے

**بقیہ 50 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

محمد ایوب اچکزئی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز اوتھل سے تقریبا 175 کلومیٹر دور دراز پہاڑوں کے درمیان میں واقع پولیس تھانہ کنراج کا دورہ کیا۔ تھانہ میں تعینات آفیسران اور ملازمین پولیس سے ملاقات کی اس کے علاوہ پولیس تھانہ کی عمارت کا معائنہ بھی کیا۔ بعدازاں معائنہ ایس ایس پی لسبیلہ نے کہا کہ عمارت کے مختلف ایریاز کو مرمت اور توجہ کی ضرورت ہے تاکہ عملہ تھانہ اپنا کام مناسب طریقہ سے کرے اور تھانہ کی بہتر حفاظت ممکن ہو۔ عمارت تھانہ کی چھت کے مختلف حصے کمزور پائے گئے جو بارش کے دوران بارش کے پانی کے اخراج کا باعث بن سکتے ہیں علاوہ ازیں عمارت کے اندر کے مختلف حصوں میں فرش اور باہر سے دیواروں کو پلستر، واش رومز، باتھ رومز و پانی کی سہولیات جیسے کام کی بھی ضرورت ہے۔ ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی نے مزید کہا کہ تھانہ کنراج کے ایریا میں دوڈر (Duddar) پروجیکٹ واقع ہے جس میں چائنیز غیر ملکی کام کر رہے ہیں اس وجہ سے تھانہ کنراج کو بہت ہی اہمیت حاصل ہے۔ میری کوشش ہیکہ میں اپنے آفیسران اور ملازمان پولیس کو محدود وسائل میں مناسب سہولیات فراہم کرسکوں۔

**بقیہ 51 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

مغربی بائی پاس مطالبات کے حق میں احتجاجی دھرنا دیا گیا اس موقع پر انجینئر ہادی عسکری نے کہا کہ ہزارہ ٹاون میں بجلی اور پینے کے صاف پانی کی فراہمی کا مسئلہ شدت اختیار کررہا ہے، کوئٹہ کا علاقہ ہزارہ ٹاون آج اکیسویں صدی میں بنیادی سہولیات سے محروم ہے علاقے میں واسا عوام کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے میں ناکام ہوچکا ہے عوام مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں جبکہ علاقے میں اس شدید گرمی میں 18 سے 20 گھنٹے کی طویل ترین لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کر کے رکھ دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہزارہ ٹاون نے صوبائی حکومت اور متعلقہ اداروں کو ہزارہ ٹاون میں بجلی اور پانی کے مسئلے کو حل کرنے کی ڈیڈ لائن دی تھی اور آج سراپا احتجاج ہیں بعدازاں اسسٹنٹ کمشنر کوئٹہ سٹی عطاء المنعم اور اسسٹنٹ کمشنر صدر کی جانب سے مظاہرین سے مذاکرات کے بعد ضلعی انتظامیہ نے مطالبات کے حل کی یقین دہانی کرائی احتجاجی مظاہرین نے کامیاب مذاکرات کے بعد پرامن طریقے سے منتشر ہوگئے۔

**بقیہ 52 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ح عظیم شاہ نے کہا کہ اساتذہ کے پروموشن اور دیگر مطالبات پر سمری تیار عملدرآمد نہ ہونا مالی مسائل ہیں ریکوڈک 2028 میں آفیشنل ہونے کے بعد بلوچستان مالی طور پر خود مختار ہوگا۔ یہ اطلاعات بلوچستان مٹھا خان کاکڑ اور ترجمان بلوچستان حکومت فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کو ڈیجیٹل کرنا وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا وژن ہے، لینڈ ریونیو منیجمنٹ ہونے سے اراضی محفوظ اور تنازعات کا خاتمہ ہوگا، گوگل کے ساتھ بلوچستان کے 3 ہزار طلباء کے لئے اسکالرشپس کا معائدہ کیا ہے

**بقیہ 53 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

اے جی ایم ٹیکنیکل میر صلاح الدین قمرانی محکمہ پی ڈی اے کے ہیوی مشینریوں عملہ سمیت دیگر مختلف محکمہ جات کے افسران کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے ریلیف کیمپوں میں چوبیس گھنٹے الرٹ ہیں

**بقیہ 54 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

مس نہیں ہورہی اساتذہ کے مطالبات جائز اور قانونی ہیں جسکی ہر فورم پر حمایت اور ان سے اظہار یکجہتی کرتے اور ان کو ہر قسم کے تعان کا یقین دلاتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے وزرا اور بیوروکریسی کی شاہ خرچیاں بند کر کے اس سے اساتذہ کے جائز مطالبات فوری حل کرے انہوں نے کہا کہ اگر بھوک ہڑتالی اساتذہ کو کچھ ہوا تو اسکی ذمہ دار صوبائی حکومت خصوصا وزیر اعلی بزنجو ہونگے اگر اساتذہ کے مطالبات تسلیم نہیں کیے گئے تو نوپ بلوچستان اساتذہ کے شانہ بشانہ ہر اقدام اٹھائے گی۔

**بقیہ 55 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

نوابزادہ میر نعمت اللہ خان زہری سمیت دیگر حکومت وقت کے ذمہ داران سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ تحصیل گدر کو باقاعدہ طور پر یوٹیلیٹی اسٹور کی سہولت دیا جائے تاکہ علاقے کے لوگ مہنگائی کے اس دور میں سکھ کا سانس لے سکیں۔

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

# گورنر بلوچستان: بارڈر ٹریڈ کھلنے سمیت حکومت متعدد دیگر اقدامات بھی کر رہی ہے

## ہماری زبوں حال معیشت کی بحالی میں تاجر حضرات اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، ملک عبدالولی کاکڑ

### تاجر برادری ٹیکس کی مد میں قومی خزانے کو کروڑوں روپے مہیا کرنے کے ساتھ بڑے پیمانے پر روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرتی ہے

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ ہماری زبوں حال معیشت کی بحالی میں تاجر حضرات اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ تاجر برادری ایک جانب ٹیکس کی مد میں قومی خزانے کو کروڑوں روپے مہیا کرتی ہے اور دوسری طرف بڑے پیمانے پر روزگار کے وسیع مواقع پیدا کرتی ہے لہٰذا حکومت کی ذمہ داری ہے کہ تمام تاجروں اور صنعتکاروں کو مکمل تحفظ اور سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اجمل بلوچ کی قیادت میں بلوچستان کے تاجروں پر مشتمل وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر تاجروں نے گورنر بلوچستان کو تجارتی اشیا کی نقل و حمل میں سرکاری اہلکاروں کی جانب سے بعض بیقاعدگیوں کی شکایت کی۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ حکومت نے پہلے ہی تاجروں اور صنعتکاروں کے تحفظات دور کرنے کیلئے صوبے کے مختلف علاقوں میں چیک (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر48)

منگچر، سٹی فیڈر منگچر میں بجلی چوروں کیخلاف کارروائی بشیر احمد کی زیر نگرانی میں غیر قانونی کنکشن منقطع کی جاری ہیں

## جے ٹی آئی ہر قسم تعصب اور قومیت سے پاک طلبہ تنظیم ہے، مولانا طاہر توحیدی

### صوبائی و ضلعی حکومتیں ابتک منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی سے بے بس نظر آرہا ہے

### طلبہ برادری اپنے تمام تر توانائیوں کو بروئے کار لائے اور پختگی کے ساتھ تعلیم حاصل کرے

کوئٹہ (پ ر) علماء کرام علاقے سطح پر جمعیت طلبہ اسلام کی سرپرستی کریں روزانہ کی بنیاد پر نوجوانوں کو قرآن وسنت سے روشناس کرائیں نوجوانوں کی خدمات سے معاشرے میں انکار ناممکن ہے علماء کرام کی ذمہ داری ہے کہ وہ دینی مدارس اور عصری اداروں سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی صحیح معنوں میں ان کی سروں پر دست شفقت اور ان کے رہنمائی کریں نوجوان کو اکابرین اسلام کے کارناموں سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے ان خیالات اظہار جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات نجم المدارس یونٹ کلی چلتن رہیسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی نے کلی حسن آباد ہزار گنجی میں جمعیت طلبہ اسلام کلی چلتن رہیسانی ہزار گنجی کے مجلس عاملہ کے اجلاس سے بحیثیت مہمان خصو (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر49)

## انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں مغربی بائی پاس پر احتجاجی دھرنا

### ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مطالبات کے حل کی یقین دہانی پر مظاہرین نے احتجاجی دھرنا ختم کردیا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنماء انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں ہزارہ ٹاؤن کے رہائشیوں کا مغربی بائی پاس پر احتجاجی دھرنا دیا گیا، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مطالبات کے حل کی یقین دہانی پر احتجاجی دھرنا ختم کردیا گیا۔ گزشتہ روز پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں پی پی پی ہزارہ ٹاؤن اور علاقہ مکینوں کی جانب سے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر51)

## ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی دور افتادہ تحصیل کنراج کے تھانے پہنچ گئے

اوتھل (یو این اے) ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی دور افتادہ تحصیل کنراج کے تھانے پہنچ گئے، اور کنراج پولیس تھانے کا دورہ کیا۔ لسبیلہ پولیس کے ترجمان کے پریس ریلیز کے مطابق SSP لسبیلہ (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر50)

## ورلڈ بینک کے سے افرادی قوت بڑھانے کے اہم منصوبے لائینگے، ترجمان حکومت بلوچستان کے ہمراہ پریس کانفرنس

### اساتذہ کے پروموشن اور دیگر مطالبات پر سمری تیار عملدرآمد نہ ہونا مالی مسائل ہیں ریکوڈک پر 2028 میں آفیشنل ہونے کے بعد بلوچستان مالی طور پر خود مختار ہوگا

# مالی مشکلات کے باوجود عوام دوست بجٹ پیش کرینگے، مٹھا خان کاکڑ

### بلوچستان کو ڈیجیٹل کرنا وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا وژن ہے، لینڈ ریونیو مینجمنٹ ہونے سے اراضی محفوظ اور تنازعات کا خاتمہ ہوگا

### حکومت بلوچستان نے فلاحی کاموں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے، ماہ رمضان میں ایک لاکھ لوگوں کو راشن فراہم، سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں حصہ لیا ہے

کوئٹہ (یو این اے) مشیر اطلاعات بلوچستان مٹھا خان کاکڑ ... [illegible] (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر52)

کوئٹہ، ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ اور مشیر اطلاعات مٹھا خان کاکڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

## جمعیت علما اسلام پنجگور میں پہلے سے زیادہ فعال ہے، حافظ محمد اعظم بلوچ

### کارکن جمعیت علما اسلام کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے بارے میں مزید کوشش اور جہد کریں

... [illegible] خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام ایک نظریاتی جماعت ہے جمعیت علما اسلام پنجگور میں ... نعروں سے عوام باخبر ہیں انہوں نے کہا کہ پنجگور میں بجلی کی طویل لوڈ (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر18)

## لسبیلہ کی موندرہ برادری کو اے ڈبلیو لاسی جیسی علمی ادبی اور سماجی شخصیت پر فخر ہے، طفیل طاہر موندرہ

... [illegible] اور زیادتیوں کے خلاف ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار مو (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر17)

## سمندری طوفان بپر جوائے کی پیش گوئی، ڈپٹی کمشنر حب اے سی حب الرٹ ہیں

### تحصیل آفس گڈانی کے لیویز جوانوں کو ریلیف کیمپوں کی نگرانی کرنے کیلئے تعینات کر دیا

... [illegible] ہنگامی صورت حال کا جائزہ لے رہے ہیں۔ تحصیل آفس گڈانی کے لیویز جوانوں کو ریلیف کیمپوں کی ... شیراز علی بھٹو پولیس جوانوں سمیت، بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر53)

## نوپ کا جی ٹی اے بلوچستان کے تادم مرگ بھوک ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان

... [illegible] 9 روز سے بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں اور صوبائی حکومت ٹس سے (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر54)

## تحصیل گدر اب تک یوٹیلیٹی اسٹور کی سہولت سے محروم ہیں، عوامی حلقے

### تحصیل گدر کو سرکاری سطح پر یوٹیلیٹی اسٹور دیا جائے، عوامی حلقوں کی جانب سے اپیل

... [illegible] ہے تفصیلات کے مطابق ضلع سوراب کا سب سے زیادہ آبادی رکھنے والا تحصیل گدر اب تک سرکاری ... پریشانیوں کا سامنا ہے دوسری جانب عوامی حلقوں نے ایم پی اے سوراب (صفحہ نمبر2بقیہ نمبر55)

# پیر اشو میئر ہمیں قابل قبول نہیں، جماعت اسلامی

## کل بھی بھٹو چور تھا آج بھی بھٹو چور ہے، عبدالحمید منصوری

### شب خون مارنا پی پی پی کا پرانا وطیرہ ہے، ضیا موسیٰ زئی

قلعہ سیف اللہ (نمائندہ خصوصی زیڈ کے) میئر کراچی حافظ نعیم الرحمٰن کے الیکشن میں مبینہ دھاندلی کیخلاف جماعت اسلامی تحصیل قلعہ سیف اللہ امیر ملک محمد رحیم کے قیادت میں احتجاج۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق کی کال پر ریلیاں، مظاہرے۔ اپنے مینڈیٹ پر سودیبازی نہیں کریں گے۔ احتجاجی مظاہرے سے مولانا عبدالحمید منصوری صاحب ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی بلوچستان، مولانا عبدالمتین منور صاحب جنرل سیکریٹری جماعت اسلامی قلعہ سیف ملک محمد رحیم تحصیل امیر قلعہ سیف اللہ ضیا موسیٰ زئی صاحب نائب صدر جے آئی یوتھ بلوچستان نعمت اللہ ربانی صاحب صدر الخدمت فاؤنڈیشن قلعہ سیف قربان ولی کاکڑ جنرل سیکریٹری جے آئی یوتھ قلعہ سیف اللہ حضرت علی ہمدرد نشر و اشاعت جماعت اسلامی قلع (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر1)

میئر کراچی حافظ نعیم الرحمٰن کے الیکشن میں مبینہ دھاندلی کیخلاف جماعت اسلامی تحصیل قلعہ سیف اللہ امیر ملک محمد رحیم کے قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی جارہی ہے

## جماعت اسلامی کا کراچی میئر کے الیکشن میں دھاندلی کے خلاف مظاہرہ اور دھرنا

جیکب آباد (پ ر) جماعت اسلامی کا کراچی میئر کے الیکشن میں دھاندلی کے خلاف مظاہرہ اور دھرنا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں جماعت اسلامی کی جانب سے کراچی میئر کی الیکشن کے دوران دھاندلی، ووٹرز کے اغوا اور خرید و فروخت کے خلاف ایک احتجاجی (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر2)

## کنڈا کلچر والے کسی صورت رعایت کے مستحق نہیں، میران خان بلیدی

مانجھی پور (یو این اے) کنڈا کلچر والے کسی صورت رعایت کے مستحق نہیں، صارفین زیادہ سے زیادہ بل جمع کرائیں تاکہ پاکستان کی معیشت بھی مستحکم ہو اور بجلی کی فراہمی بھی بہتر انداز میں فراہم ہو سکے ان خیالات کا اظہار میران خان بلیدی ٹیکنیکل آفیسر ٹو ایکسین کیسکو نصیر آباد نے مانجھی پور دورے کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کیسکو نصیر آباد ڈویژن بجلی کی فراہمی کیلئے کوشاں (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر3)

## صوبائی حکومت اساتذہ کے دیرینہ مسائل کو حل کریں، میر فیصل جمالی

### پی پی کے رہنماء کا جی ٹی اے اساتذہ کے بلوچستان اسمبلی کے سامنے بھوک ہڑتالی کیمپ میں گفتگو

کوئٹہ/اوستا محمد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سردارزادہ فیصل خان جمالی میر ریاض احمد جھوانی ملک محمد انور ہنگلزئی محمد بچل سومرو و دیگر کا جی ٹی اے بلوچستان سے اظہار یکجہتی کے لئے بلوچستان اسمبلی کے سامنے بھوک ہڑتالی کیمپ آمد۔ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سجاد حسین رند اور دیگر عہدیداروں سے ملاقات کی اور اساتذہ کرام کو پاکستان (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر4)

MINISTRY OF COMMUNICATIONS
NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY

e-Bidding System

شفاف، تیز اور جدید

**CORRIGENDUM-III**

**INVITATION FOR e-BIDS**

PROCUREMENT FOR OPERATIONS, MANAGEMENT & MAINTENANCE (OM&M) OF
11x (MANUAL) TOLL PLAZAS ON NATIONAL HIGHWAYS
AND COLLECTION OF TOLL REVENUE ON NET GUARANTEED MONTHLY
FIXED REVENUE BASIS ENDING TILL 30.06.2024

Reference:
i) **Ife-Bids Notice** for the subject procurement works published in National Dailies dated **May 25, 2023** and also uploaded on NHA & PPRA websites.
ii) **Corrigendum-I Notice** for the subject procurement works published in National Dailies dated **June 10, 2023** and also uploaded on NHA & PPRA websites.
iii) **Corrigendum-II Notice** for the subject procurement works published in National Dailies dated **June 13, 2023** and also uploaded on NHA & PPRA websites.

1. With Reference to Ife-Bids, Corrigendum-I & Corrigendum-II Notices referred to above, it is to inform all concerned that with the approval of Competent Authority the bid submission date for subject procurement works has been extended till **June 23, 2023 (Friday).**
2. The Technical and Financial e-bids will now be received in **NHA Zonal Office (Peshawar) of Respective Toll Plazas** and can be uploaded on NHA e-Bidding website or before **June 23, 2023 until 1200 Hours.** Technical e-Bids will be opened on the same day at **1230 Hours.**
3. All other terms and conditions shall remain the same.

PID (I) No.7863/22

**MEMBER (NORTH-ZONE)**
National Highway Authority (Peshawar) – Ministry of Communications
NHA Complex, Chamkani Interchange, Main GT Road, Peshawar
Tel: 091-9225000, Email: member-n-z@nha.gov.pk
Websites: www.ebidding.nha.gov.pk & www.ppra.org.pk

## پی پی ایچ آئی کے ملازمین کے مسائل حل کرینگے، ڈی سی قلات

### عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں پی پی ایچ آئی کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے، منیر احمد درانی

### علاقے کے لوگوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ قلات پی پی ایچ آئی سے ہرممکن تعاون جاری رکھے گا

قلات (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی نے کہا ہے کہ عوام کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی میں پی پی ایچ آئی کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادویات سمیت دیگر طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اس سلسلے میں پی پی ایچ آئی قلات کی کارکردگی تسلی بخش ہے کہ قلات میں صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی میں پی پی ایچ آئی کا کردار نمایاں اور دوسرے اضلاع کے مقابلے میں کافی بہتر ہے تاہم بہتری کی گنجائش ہر وقت اور ہمیشہ ہر جگہ رہتی ہے۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ کے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ موصوف ایک مخلص اور فرض شناس آفیسر ہیں اور ایسے افسران قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی پی ایچ آئی قلا (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر15)

## جیکب آباد میں اغوا، اسٹریٹ کرائم اور مدرسہ سے چوری خلاف احتجاجی مظاہرہ

### اغوا کی وارداتوں، اسٹریٹ کرائم اور چوریوں نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے

جیکب آباد (نامہ نگار) جیکب آباد میں اغواؤں، اسٹریٹ کرائم اور ڈاکٹر اے جی انصاری کے مدرسے سے چوری اور موٹر سائیکلوں کی سنیچنگ کے خلاف ایک احتجاجی مظاہرہ ای پی سی کے صدر محمد شعبان ابڑو، جے یو آء ر رہنما چاکر خان جکھرانی، شیعہ کامیٹی کے شاہد جوادی، ہیومن رائٹس کے وزیر خان بلوچ اور دیگر کی قیادت میں شہید اللہ بخش پارک جیکب آباد سے نکالا گیا، مظاہرین کے ہاتھوں میں بینرز اور پلے کارڈز تھے، بدامنی، اغوا اور چوریوں کے خلاف نعرے درج تھے اور شہر کے مختلف راستوں پر مارچ کی اور بدامنی کے خلاف نعرے لگائے، بعد شہر کے اہم ڈی سی چوک اور پریس کلب کے سامنے دھرنا دیا، اس موقع پر مقررین نے کہا اغوا کی وارداتوں، اسٹر (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر16)

## جماعت اسلامی پاکستان روز اول سے ظلم کے خلاف کھڑی جماعت ہے، رئیس اللہ ڈنہ

### مرکزی قائدین کے اعلان کردہ یوم سیاہ منانے کی حمایت کرتے ہیں، رہنماء جماعت اسلامی

خیر دین (پ ر) جماعت اسلامی ضلع صحبت پور کے رہنما رئیس اللہ ڈنہ منگریو نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی پاکستان روز اول سے ظلم کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر سامنے آئی ہے۔ مرکزی قائدین کے اعلان کردہ یوم سیاہ منانے کی حمایت کرتے ہیں اور جسطرح پاکستان بھر میں ظلم و ستم ڈھایا جا رہا ہے اسی طرح کراچی میں بھی میئر و چیئرمین کی الیکشن میں جو داندھلی کونسلر اغواء کر دیئے گئے ہیں ہم اس کی مذمت کرتے ہیں اور جماعت اسلامی آخر دم تک عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو چین سے بیٹھنے نہیں دے گی بڑے افسوس (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر6)

## جیکب آباد، تیز آواز میں ٹیپ چلانے پر دو گروپوں میں تصادم، 4 افراد زخمی

جیکب آباد (پ ر) جیکب آباد، تیز آواز میں ٹیپ چلانے پر دو گروپوں میں تصادم، 4 افراد زخمی۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے صدر تھانہ کی حدود گاؤں لال بخش بگھیو میں تیز آواز میں ٹیپ ریکارڈر چلانے کے معاملے پر بھگیا برادری کے دو گروپوں میں تصادم (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر14)

کوئٹہ، جے ٹی آئی کلی چلتن رئیسانی ہزار گنجی کے اجلاس کی صدارت حافظ ہدایت اللہ سبحانی کر رہے ہیں

## حکمران ہوش کا ناخن لیں، نادل صالح بلوچ

### بھوک ہڑتال پر بیٹھے اساتذہ کی حالت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے

گوادر (پ ر) حکمران ہوش کا ناخن لیں بھوک ہڑتال پر بیٹھے اساتذہ کی حالت دن بدن خراب ہوتی جارہی ہے، غیر مشروط طور پر جونیئر کیڈر کے اساتذہ کی اپ گریڈیشن کی نوٹیفکیشن جاری کیا جائے، مہنگائی کے تناسب سے ملازم طبقہ کے تنخواہوں میں 35 فیصد اضافہ کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع گوادر کے صدر نادل صالح بلوچ نے اپنے جاری بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اسمبلی کے سامنے اساتذہ کرام گزشتہ دس دنوں سے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہوئے ہیں، حکمران ہوش کا ناخن لیں اساتذ (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر5)

## ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی دور افتادہ تحصیل کنراج کے تھانے پہنچ گئے

اوتھل (پ ر) ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی دور افتادہ تحصیل کنراج کے تھانے پہنچ گئے، اور کنراج پولیس تھانے کا دورہ کیا۔ لسبیلہ پولیس کے ترجمان کے پریس ریلیز کے مطابق ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز اوتھل سے تقریباً 175 کلومیٹر دور دراز پہاڑوں کے درمیان میں واقع (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر13)

## ایف سی بلوچستان (نارتھ) 78 ونگ مستونگ چلتن رائفلز کی جانب سے مستونگ میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

مستونگ (نادر خان علیزئی) تفصیلات کے مطابق آج مورخہ 16 جون 2023 بروز جمعہ کو ایف سی بلوچستان (نارتھ) چلتن رائفلز کے 78 ونگ کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل وسیم گل کی ہدایات پر کھڈ کوچہ مستونگ میں غریب مریضوں کے لیے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ فری میڈیکل کیمپ میں ایف سی بلوچستان کے ماہر میل و فیمیل ڈاکٹروں نے مرد، خوا (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر12)

## صحبت پور: مرکزی اسپتال روڈ پر گٹر بغیر ڈھکن کے بچوں اور موٹر سائیکلوں کے لئے نقصان دہ

صحبت پور (یو این اے) میونسپل کمیٹی صحبت پور کی نااہلی شہر کے مرکزی اسپتال روڈ پر گٹر بغیر ڈھکن کے بچوں اور موٹر سائیکلوں کے لئے نقصان دہ۔ کسی وقت بھی حادثہ پیش آ سکتا ہے چیئرمین میونسپل کمیٹی بھی شہر کے لئے فائدہ مند نہ ہو سکا ڈپٹی کمشنر سے فوری نوٹس کا مطالبہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اہل علاقہ صحبت پور گٹر پر (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر10)

## اللہ ورایا لاسی کی علمی ادبی اور سماجی خدمات قابل ستائش ہیں، طاہر موندرہ

### لاسی برادری کیلئے ان گرانقدر خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا

بیلا (نمائندہ خصوصی) اللہ ورایا لاسی کی علمی ادبی اور سماجی خدمات قابل ستائش ہیں لاسی برادری کیلئے ان گرانقدر خدمات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا موندرہ برادری سے تعلق رکھنے والے اللہ ورایا لاسی المعروف اے ڈبلیو لاسی نے لسبیلہ میں اپنے قلم کے ذریعے ظلم اور زیادتیوں کے خلاف ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے ان خیالات کا اظہار موندرہ برادری حب کی نوجوان شخصیت طفیل طاہر موندر (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر11)

ینگ نرسز ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام نرسیں اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ کر رہی ہیں

## بے روزگاری کے خاتمے کیلئے ایجوکیشن کے پوسٹوں پر کام جاری ہے، فیاض علی

### ڈپٹی کمشنر صحبت پور اور سی ایم آئی ٹی کے ممبر نیاز احمد نیچاری نے امتحانی سنٹر کا دورہ کیا

صحبت پور (پ ر) بلوچستان کی جانب سے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے محکمہ ایجوکیشن میں خالی آسامیوں کو پر کرنے کیلئے اقدامات جاری ہیں ضلع صحبت پور میں جے وی ای ایس ٹی اور معلم القرآن سمیت دیگر آسامیوں پر نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے سلسلے میں تحریری ٹیسٹ کا عمل شروع کر دیا تھے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فیاض علی اور سی ایم آئی ٹی کے ممبر نیاز احمد نیچاری نے امتحانی سنٹر کا دورہ کیا اور تحریری ٹیسٹ کے عمل کا جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر مانجھی پور عبدالکریم بگٹی بھی ہمراہ تھے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر صحبت پور فیاض علی نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی جانب سے سرکاری محکموں میں بھرتیوں کا عمل تیزی سے جاری ہے شفافیت اور میرٹ کے انتخاب کے لیے ایس پی کے (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر7)

# بلوچستان میں حقیقی سیاسی نظریاتی منظم سیاسی جماعت کی ضرورت ہے، نیشنل پارٹی

## بلوچستان کے مظلوم طبقات اور محکوم اقوام کی حقیقی نمائندگی کر سکے نیشنل پارٹی کی قیادت میں یہ اہلیت ہے مرکزی سیکریٹری جنرل جان محمد بلیدی

### جو بلوچستان کے مظلوم طبقات اور محکوم اقوام کی حقیقی نمائندگی کر سکے نیشنل پارٹی کی قیادت میں یہ اہلیت ہے کہ وہ یہ خلا پر کر سکتا ہے

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام غریب آباد سریاب روڈ برمہ ہوٹل پر شمولیتی پروگرام کے موقع پر بڑا جلسہ عام منعقد ہو جلسہ سے نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹری جنرل جان محمد بلیدی صوبائی صدر رحمت صالح بلوچ مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ مرکزی انفارمیشن سیکریٹری اسلم بلوچ صوبائی جنرل سیکریٹری خیر بخش بلوچ مرکزی خواتین سیکریٹری یاسمین لہڑی مرکزی ریسرچ سیکریٹری آغا گل کوئٹہ کے ضلعی صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی بی ایس او پجار کے مرکزی وائس چیرمین بابل ملک ریاض بلوچ حفیظ بنگلزئی ملک عبدالرحمان بنگلزئی نے خطاب کیا۔ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے جان محمد بلیدی نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی قیادت نے ہمیشہ اپنے عوام کے سامنے اصل حقائق رکھتے ہوئے کبھی غلط (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر9)

## ڈپٹی کمشنر ژوب عظیم کاکڑ ژوب تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں، حسین جان

ژوب (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر ژوب عظیم کاکڑ ژوب تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں آن خیالات کا اظہار سماجی و سیاسی رہنما توقیر حسین جان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ محمد عظیم کاکڑ کی بحیثیت ڈپٹی کمشنر ژوب تعیناتی کا (صفحہ نمبر7بقیہ نمبر8)

کوئٹہ، پاکستان تحریک انصاف ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے قائمقام صدر ملک حنان خان بازئی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 کی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 081-2828822 فیکس نمبر: [illegible] 03337887770
اسلام آباد بیورو: 712 فرسٹ فلور کشمیر کمپلیکس بلیو ایریا اسلام آباد 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta[illegible]

# ایٹمی اثاثے

وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی اثاثے کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، ایٹمی اثاثے محفوظ ہاتھوں میں ہیں، پاکستان چلے گا تو معیشت چلے گی۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس کے دوران بجٹ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ گزشتہ روز وزیر مملکت فنانس نے بتایا کہ بجٹ میں آئی ایم ایف کی شرائط پوری کیں، یہ آئی ایم ایف کا سودی بجٹ ہے، اس بجٹ میں سود کے خلاف کوئی اقدام نظر نہیں آرہا ہے، پیش کردہ بجٹ مفروضوں پر مشتمل ہے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پاکستان چلے گا، پاکستان کی معیشت چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ایٹمی اثاثوں کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، پاکستان کے ایٹمی اثاثے محفوظ ہاتھوں میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ذمہ دار ملک ہے، دفاع سمیت ہر شعبہ پر گہری نظر ہے، پاکستان کے اثاثوں کی جانب اٹھنے والے ہاتھوں کو توڑ دیا جائے گا، وفاقی کابینہ کفایت شعاری کے اقدامات پر عمل پیرا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر رانا مقبول احمد نے کہا کہ حکومت نے عوام دوست بجٹ پیش کیا ہے، شمسی توانائی کے منصوبے لگانے کے لئے فنڈز مختص کیے گئے، مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں کو مفت لیپ ٹاپ فراہم کیے جا رہے ہیں۔ سینیٹر رانا مقبول نے کہا کہ ایوان بالا کے تمام اختیارات اور اجتماعی دانش کو بروئے کار لانا چاہیے، جب حکومت میں آئے تو تباہ حال معیشت ورثہ میں ملی، ماضی کی حکومت نے بے نظیر بھٹو پروگرام کا نام بدل دیا جو کہ مناسب نہیں تھا، شمسی توانائی کے منصوبے لگانے کے لئے فنڈ مختص کیے گئے، مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں کو مفت لیپ ٹاپ فراہم کیے جا رہے ہیں۔ سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے لئے بجٹ میں اضافہ کیا جائے، سود کا خاتمہ کیا جائے، زکوٰۃ اور عشر کے نظام کو لاگو کیا جائے، پاکستان کو آئی ایم ایف کے چنگل سے نکالنا ہوگا، ورنہ پاکستان کو دیوالیہ کرنے کی کوششیں ہیں۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کو دورہ روس پر مبارکباد دی اور کہا کہ اب سے پاکستان اور روس کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ انہوں نے الیکشن ایکٹ میں ترمیم کے بل کی منظوری کو بھی خوش آئند قرار دیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان الحق صدیقی نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ نے روس کا دورہ کیا اور پارلیمنٹ میں اردو میں خطاب کیا، یہ قابل تعریف اقدام ہے، یہ اچھی روایت ہے، ایوان بالا کی کارروائی بھی اردو میں ہونی چاہیے۔

# ریاست کفر سے چل سکتی ہے مگر۔۔۔

**اعجاز احمد**

گذشتہ کئی سالوں سے خیبر پختونخوا کا پڑھا لکھا ضلع صوابی قتل و غارت کی شدید لپیٹ میں ہے۔ اور آئے دن اس کے علاقہ میں واقعات اور قتل و غارت [illegible] میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس افسر صوابی کی رپورٹ کے مطابق سال 2021 سے اپریل 2023 تک ان 28 مہینے میں ضلع صوابی میں 591 لوگ قتل ہوئے [illegible] صوابی کے 519 [illegible] مہینے میں 4 اور جون کے مہینے میں 4 لوگ قتل ہوئے۔ جس میں 519 کیس مختلف تھانوں اور پولیس چوکیوں میں درج کئے گئے [illegible] Murders [illegible] 3.8 [illegible] سال 2021 میں 226 لوگ قتل ہوئے [illegible] سال 2022 میں 276 [illegible] 2023 [illegible] 89 [illegible] 14 [illegible] 2.9 [illegible] 2.3 [illegible] 2.1 [illegible] 180 ممالک [illegible] 140 نمبر [illegible] 48 [illegible] سال 2009 [illegible] 450 [illegible]

کنسیفٹ نہ ہونا، زمینوں اور پراپرٹی کے مسائل، سیاست دانوں کا علاقوں کے مختلف گروہوں کی پشت پناہی کرنا، پولیس کے تفتیش اور تھانوں میں مداخلت [illegible] 513 [illegible] سزا جزا کا [illegible]

# فوج مخالف بیانیہ اور اس پر ضد!

**خالد بیگ**

قیام پاکستان کے چند ماہ بعد اپنی ہی فوج پر پاکستان کے چند طبقات کی طرف سے تنقید کا آغاز اپریل 1948ء میں ہی ہوگیا تھا جب پاکستان کے بانی اور پہلے گورنر جنرل قائداعظم محمد علی جناح نے بلوچستان میں خان آف قلات میر احمد یار خان کے چھوٹے بھائی پرنس آغا عبدلی خان بلوچ اور چند دیگر بلوچ سرداروں کی مسلح بغاوت کو کچلنے کیلئے پاک فوج کو آپریشن کا حکم دیا کیونکہ ان سرداروں نے خان آف قلات پاکستان سے بلوچستان کے الحاق کو تسلیم کرنے کی بجائے اسکے خلاف بندوق اٹھانے کا فیصلہ کیا تھا۔ یہ وہی وقت تھا جب پاک فوج ریاست جموں وکشمیر میں بھی بھارتی فوج کے خلاف برسرپیکار تھی۔ اس پر بھی کچھ پاکستانی نہ خوش تھے اور کشمیر کے مسئلہ پر بھارت سے جنگ کو غیرضروری قرار دے تھے۔ اب یہ بدقسمتی ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح کی رحلت اور قائد ملت نواب لیاقت علی خان کی شہادت کے بعد پاکستان کی باگ دوڑ ان یونینسٹ لیڈران کے ہاتھ آگئی جو تقسیم ہند سے قبل مسلم لیگ کے خلاف اس خطہ میں نہ صرف الیکشن لڑتے رہے بلکہ برطانوی ہند میں اقتدار کا حصہ بھی رہ چکے تھے۔ ان لیڈران نے ملک میں اپنے سوا کسی دوسرے کے اقتدار کو تسلیم نہ کرنے کی ایسی ریت ڈالی جو آج بھی ہماری سیاست کا لازمی جزو چلی آرہی ہے۔ خواجہ ناظم الدین، ملک غلام محمد، سکندر مرزا، تین گورنر جنرل اور بطور وزیراعظم محمد علی بوگرہ، چوہدری محمد علی، حسین شہید سہروردی، ابراہیم اسماعیل چندریگر کے بعد ملک فیروز خان نون ملک میں جاری اقتدار کی رسہ کشی کا شکار ہوکر رخصت ہوگئے۔ اسی عرصہ میں بھارت کی پارلیمنٹ میں برسراقتدار کانگریس جماعت کے ایک ممبر نے بھارتی وزیراعظم جوہر لال نہرو سے سوال کیا کہ وہ کشمیر کے تنازعہ پر پاکستان کی حکومت سے بات کیوں نہیں کرتے تو اس کا جواب تھا "کس سے بات کی جائے، ہم بھارت میں اتنی جلدی دھوتیاں تبدیل نہیں کرتے جتنی جلدی پاکستان میں وزیراعظم تبدیل ہوتے ہیں"۔ 75 برس کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں پاکستان تسلسل کے ساتھ سیاسی عدم استحکام کا شکار چلا آرہا ہے۔ یہاں تک کہ 1971ء میں پاکستان دولخت ہوگیا اس کے باوجود باقی ماندہ پاکستان میں اقتدار کے لیے رسہ کشی اور اس کیلئے کسی بھی حد تک جانے کا سلسلہ برقرار رہا اور اس کیلئے پاک فوج کو مورد الزام ٹھہرانا بھی فیشن بنا دیا گیا۔ پاک فوج پر اپنے الزامات کو درست ثابت کرنے کیلئے دفاع کے لیے ہر سال بجٹ میں مختص کی جانے والی رقوم کو بھی متنازع بنانے سے گریز نہیں کیا۔ حالت یہ تھی اچھے بھلے تعلیم یافتہ باشعور افراد بھی پاک فوج کیخلاف ذہن سازی میں مصروف رہے۔ 2008 کے بعد سے ملک میں جمہوریت کا تسلسل ضرور برقرار ہے لیکن پاک فوج پر الزام تراشیاں کبھی ختم نہیں ہوئیں۔ گزشتہ برس اپوزیشن جماعتوں کے باہمی اتحاد نے جب پی ٹی آئی حکومت کو سیاسی عمل کے ذریعے پارلیمنٹ میں عدم اعتماد سے دو چار کیا تو عمران خان کا فرض بنتا تھا کہ وہ ایک مقبول سیاسی لیڈر کے طور پر اپوزیشن اتحاد کی کامیابی کو تسلیم کرتے ہوئے پاک فوج کیخلاف بیانیہ لیکر سڑکوں پر آنے کی بجائے پارلیمنٹ میں رہتے اور بطور اپوزیشن لیڈر بھرپور کردار ادا کرتے۔ لیکن انہوں نے اپنی مقبولیت میں اضافہ کیلئے پاک فوج کے خلاف محاذ کھول لیا۔ عمران خان سے محبت کرنیوالے نوجوانوں کی اکثریت نے فوج مخالف بیانیے کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ سوشل میڈیا پر اس حوالے سے ٹرینڈ چلائے جانے لگے۔ نوجوان ہوں یا عمران خان کہ اندھی عقیدت میں مبتلا پی ٹی آئی کے دیگر مرد و خواتین کارکن یہ سب اس حقیقت کو فراموش کر بیٹھے کہ پارلیمنٹ سے اجتماعی استعفے دے کر عمران خان بہت بڑی سیاسی غلطی کے مرتکب ہوئے ہیں۔ عمران خان اور ان کی جماعت قومی اسمبلی سے باہر ہوکر وہاں موجود دیگر سیاسی جماعتوں کے اتحاد کیلئے میدان خالی چھوڑ آئے تھے۔ اپوزیشن اتحاد کو حکومت سازی کے علاوہ پارلیمنٹ میں قانون سازی کا موقع عمران خان نے از خود پلیٹ میں رکھ کر دیا جو ان کی غلط سیاسی چال ثابت ہوئی۔ اس غلطی کا ادراک کرنے کی بجائے عمران خان کے فوج مخالف بیانیے میں مزید شدت آتی چلی گئی۔ اپوزیشن اتحاد کو حکومت سازی کے علاوہ پارلیمنٹ میں قانون سازی کا موقع عمران خان نے از خود پلیٹ میں رکھ کر دیا جو ان کی غلط سیاسی چال ثابت ہوئی۔ اس غلطی کا ادراک کرنے کی بجائے عمران خان کے فوج مخالف بیانیے میں مزید شدت آتی چلی گئی ماحول ایسا بنا دیا گیا کہ جیسے عمران خان پاکستان کو پاک فوج سے آزادی دلانے چلے ہیں۔ بہت سے تجزیہ کار، دانشور اور سوشل میڈیا پر متحرک "وی لاگر" عمران خان اور ان کے حامی نوجوانوں کو مزید ہلہ شیری دیتے نظر آئے۔ اپنی سیاسی غلطی سے رجوع کرنے کی بجائے عمران خان کے پنجاب اور کے پی کے صوبائی اسمبلیوں سے باہر آنے کے فیصلے نے پی ٹی آئی کی افسانوی مقبولیت میں اضافہ ضرور کیا لیکن عمران خان کے اس فیصلے نے پی ٹی آئی کو سیاسی طور پر یکسر غیر فعال کر کے رکھ دیا۔ اس کے بعد پی ٹی آئی کا کام صرف اپنی ہی فوج کے خلاف محاذ آرائی تک محدود ہو کر رہ گیا۔ اس محاذ آرائی نے بڑھتے بڑھتے ملک بھر میں پی ٹی آئی کے کارکنوں کو ملک کے سب سے بڑے سلامتی کے ادارے پاک فوج کے مدمقابل لاکھڑا کیا جس کا نتیجہ 9 مئی 2023 کو پاک فوج کے مراکز اور مختلف چھاونیوں میں شہدا کی یادگاروں پر براہ راست حملے کے طور پر سامنے آیا۔ بدقسمتی سے پاک فوج کے خلاف بیانیے پر ڈٹے رہنے کی ضد نے شرپسندی کی شکل اختیار کرلی جس کی اجازت کوئی بھی مذہب معاشرہ نہیں دے سکتا جس پر قانون کا حرکت میں آنا یقینی بات تھی۔ غلطی کا احساس ہونے پر پی ٹی آئی کی ذیلی قیادتوں کے پاس اپنی سیاسی جماعت سے لاتعلقی کے علاوہ دوسرا کوئی راستہ نہیں بچا تھا۔ وہ خزاں کے پتوں کی طرح پی ٹی آئی سے جھڑتے چلے گئے اور پھنس وہ جذباتی کارکن گئے جو 9 مئی 2023 کو شہدا کی یادگاروں اور لاہور میں کور کمانڈر کے گھر پر حملہ آور ہوکر توڑ پھوڑ اور جلاگھیرا میں ملوث پائے گئے۔

# پاک فوج کا سخت ڈسپلن

**رابعہ رحمٰن**

ملک وقوم کی حفاظت اور دفاع کیلئے ضروری ہے کہ ایک مضبوط نظام دفاع قائم رکھا جائے اور عسکری صفوں کو ہمہ وقت تیار اور چاک وچوبند رکھا جائے۔ افواج پاکستان ملک وقوم کا ایک قیمتی اثاثہ ہیں جو دفاع پاکستان کیلئے ہردم تیار ہیں اور قومی دفاع کو مضبوط ومؤثر بنانے کیلئے تیار رہتی ہیں۔ جہاں افواج پاکستان قومی وقار وعظمت کا نشان بن کر ہر قربانی دینے کیلئے تیار رہتی ہیں وہاں عسکری اداروں نے اپنی سپاہ کو دشمن کی ہر چال کا مقابلہ کرنے کیلئے بہترین تربیت، اعلیٰ قائدین کی سپردگی اور تعمیر کردار کے علاوہ سپاہ کی شخصیت کی نشوونما بھی کرتی ہیں۔ عسکری قائدین کا چناؤ ان کی شخصیت اور کردار کا تفصیلاً جائزہ لے کر کیا جاتا ہے اور ان افراد کو عسکری فرائض سرانجام دینے کیلئے چنتے ہیں جن کے اندر آنے والے وقت میں اچھے قائد بننے اور شخصیت کو نشوونما دے کر بہتر بنانے کی صلاحیت موجود ہوتی ہے۔ پاک فوج میں شامل تمام صیغے اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ دوران چنا تربیت اور عملی کارکردگی سپاہ کی قائدانہ صلاحیتیں اجاگر کی جائیں اور اس کیلئے اعلیٰ کردار کا ہونا اور برقرار رکھنا ایک لازمی جزو بن جاتا ہے۔ افواج پاکستان میں شمولیت کے بعد سپاہ کو نئی زندگی کا آغاز کرنا ہوتا ہے اور عسکری بیرکوں میں رہائش پذیر ہونا پڑتا ہے۔ جہاں مختلف پیشہ ورانہ کارروائیوں کے ساتھ ساتھ نئے طریقے سے زندگی گزارنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ یونٹ کی روایات اور کارکردگی کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد ایسے اقدامات اٹھانے پڑتے ہیں کہ آنے والے دنوں میں یونٹ کی ناموس اور عزت واحترام میں اضافہ ہو اور سپاہ سر اونچا کر کے زندگی گزار سکیں۔ عسکری زندگی میں آنے والے نئے لوگوں کو سیکھنے کے خاص عمل یعنی Process specialization سے گزرنا ہوتا ہے چونکہ سول سوسائٹی سے آنے والے لوگ عسکری زندگی سے واقف نہیں ہوتے لہٰذا ان کا دماغ فوجی روایات، قوانین، پروسیجرز، کلچر اور اس سے متعلقہ روایات، رولز اور ریگولیشن سے ناواقف ہوتا ہے جس میں نئے طور طریقے اور رہنے کے انداز سکھائے جاتے ہیں لہٰذا عسکری اداروں میں ملٹری کے نئے انداز زندگی کو سیکھنا پڑتا ہے۔ اس میں انفرادی سکلز Skills کے ساتھ ساتھ جامع زندگی کو اپنا کر عسکری زندگی کی شروعات کی جاتی ہیں۔ لیفٹیننٹ کرنل (ر) ڈاکٹر محمد انور نے عسکری زندگی کے بارے میں لکھا کہ عسکری ادارے سپاہ کی قائدانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا خاطر خواہ موقع فراہم کرتے ہیں۔ یعنی ایک ہی وقت میں بھرتی کیے گئے گروپ کو تربیت اور ڈسپلن، نظم وضبط اور دوسری کارروائیوں کے بارے میں سکھاتے وقت اسی گروپ کے اندر باری باری لوگوں کو رہنما قائد مقرر کیا جاتا ہے جس سے سپاہ کی قائدانہ صلاحیتیں، شخصیت اور کردار کے مختلف پہلو رونما ہونے کے ساتھ ساتھ، درستی اور بہتری کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ عسکری زندگی میں جسمانی صحت پر بہت زور دیا جاتا ہے بے شک صحت مند اور تندرست جسم ہی قابل، لچکدار اور تندرست ذہن کا مالک ہوتا ہے۔ عسکری تربیت زیر تعلیم وتربیت سپاہ اور قائدین کو تندرست اور توانا اشخاص بناتی ہے جبکہ ایک صحت مند اور مضبوط انسان ہی متوازن شخصیت کا مالک ہوتا ہے جبکہ بہتر کردار اور اعلیٰ سیرت کا انحصار بھی قائد کی متوازن شخصیت پر ہی ہوتا ہے۔ بعض اوقات ڈیوٹی کو سرانجام دیتے ہوئے ایسے حالات پیدا ہوجاتے ہیں کہ عسکری سپاہ کو لگاتار کٹھن کام کرنا پڑتا ہے۔ تھکاوٹ اور Exhaustion سے بدن چور ہو جاتا ہے مگر عسکری سپاہ اپنا فرض نبھانے میں مشغول ہوتی ہے۔ عسکری قائدین اپنی سپاہ کے ساتھ مشکل حالات کا سامنا کرتے ہوئے اپنی ڈیوٹی نبھا رہے ہوتے ہیں جن کو دیکھ کر سپاہ کا حوصلہ بلند ہوتا ہے اور اس طرح قائد کا اعلیٰ کردار اور پیشے سے لگن دیکھ کر سپاہ بھی ثابت قدم رہتی ہے شخصیت نشوونما پاتی ہے اور کردار بلندی کی طرف گامزن رہتا ہے۔ عسکری زندگی عملی طور پر مصروف اور مہم جوئی کی زندگی ہے جس میں اپنی فیملی سے دور دوسرے علاقوں سے آنے والے لوگوں کے ساتھ سول سوسائٹی کی رنگینیوں سے دور ایک خشک اور تنہائی کی زندگی ہے۔ عسکری زندگی میں ذاتی تیاری اور ہتھیار کی سنبھال کو اہم سمجھا جاتا ہے، ہر فوجی کو ہر دم تیار رہنا پڑتا ہے اور دماغی طور پر ہوشیار رہنا پڑتا ہے، اس لئے فوج میں خطاب کرنے جن کو کاشن دینا بھی کہا جاتا ہے بڑے زور دار طریقے سے دیئے جاتے ہیں، روزمرہ کے کاموں میں ایسے الفاظ کا استعمال کیا جاتا ہے جن سے سننے والے کو چونک اور ہوشیار رہنا پڑتا ہے، ملٹری زبان کا استعمال ہی تمام عسکری افراد کو کسی بھی کام یا ٹاسک کو کرنے کے حکم کے انداز میں کیا جاتا ہے۔ مقصد یہ ہوتا ہے کہ سننے والا خطرے کو سمجھے اور حکم کو خطرے کا الارم سمجھ کر عمل کرے۔ تیاری میں سستی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جاتی ہے۔ مثلاً جب ہوشیار بولا جاتا ہے تو سننے والا یا مخاطب شخص یا گروہ یک دم ہوشیار یعنی Attention ہوجاتا ہے۔ عسکری احکامات یا مختصر کاشن خطرے کے وقت جلد تیار ہونے کیلئے دیئے جاتے ہیں جبکہ نئی سپاہ یا سول لوگوں کو بڑا عجیب لگتا ہے کہ یہ کیسے بات چیت کر رہے ہیں جو ہر قسم کی تیاری برائے ایکشن پر مبنی ہوتا ہے۔ اس طرح فوجی تربیت کے دوران ہر امتحان کی تیاری کو اہمیت دینا سیکھ لیتا ہے اور اپنے کام کی تکمیل کیلئے ہمہ وقت دماغی اور جسمانی طور پر تیار رہتا ہے۔ نظم وضبط ہر عسکری تنظیم کمانڈر بالخصوص پاک فوج میں مکمل نظم وضبط کی خاص اہمیت ہے، نظم وضبط پاکستانی افواج میں سپاہ کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا ہے۔ اسی نظم وضبط سے عسکری زندگی معاشرے سے الگ تھلگ اور نمایاں ہی نہیں نظر آتی بلکہ باقی تمام معاشرے، سیاسی یا مذہبی عوامل میں سب سے زیادہ مؤثر تنظیم عسکری صیغے ہی ہوتے ہیں۔ جان چلی جاتی ہے تو چلی جائے لیکن ایک سپاہی یا اس کا قائد اپنے دیے گئے حکم کو بجالانے میں تمام خطرات اور نامساعد حالات کے پیش نظر کوتاہی یا سستی نہیں کر سکتا بلکہ اپنا مشن مکمل کرنے میں لگ جاتا ہے۔ نظم وضبط ہی کی بدولت تباہی اور بربادی کے حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ پاک فوج کو سلام۔

# معیشت کے غیر یقینی حالات

**تحریر۔ خلیل احمد رونجھو**

پاکستان کی معیشت سے اچھی خبریں ملنے کو قوم ترس کر رہ گئی ہے۔ اء ایم ایف نے پاکستان کے پیش کیئے گئے مالی سال 2023 اور 2024 پر تحفظات کا اظہار کر دیا ہے۔ وزیر خزانہ نے انکشاف کیا ہے کہ ہمارے ساتھ جیو پولیٹیکس ہو رہی ہے اور سری لنکا کی طرح ڈیفالٹ ہونے کے بعد مزاکرات کا الزام لگا دیا۔ اء ایم ایف نے مختلف سیکٹرز میں ٹیکسز کے حوالے سے عدم تحفظ کا اظہار کر دیا ہے۔ لگ ایسے رہا ہیکہ وزیر خزانہ آء اہم ایف کو مطمئن کرنے میں کوء خاص کامیابی حاصل نہیں کر پار ہے۔ بجلی کے نقصانات،، بینظیر انکم سپورٹ اور برآمدات و درآمدات کے حوالے سے اور ٹیکسز کے حوالے سے آء ایم ایف مطمئن دکھاء نہیں دے رہی۔ یہ سب کچھ پاکستانی معیشت کے لیئے تشویشناک معاملات ہیں۔ ملک میں سیاسی عدم استحکام ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا۔ سیاسی جماعتوں کے آپسی چپقلشیں اور اختلافات اتنے زیادہ ہیں کہ ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھنا نہیں چاہتیں۔ گالم گلوچ اور بد تہذیبی کی سیاست عروج پر ہے۔ انتشار پھیلانے کا کوء موقع ضائع نہیں کیا جاتا۔ عدم برداشت کا ماحول ہماری معاشرتی زندگی میں سرایت کر چکا ہے۔ یہ بات طے ہیکہ جب تک ملک میں سیاسی استحکام نہیں آتا معاشی حالات میں استحکام نہیں آ سکتا۔ بلکہ ملک کو جتنے بھی چیلنجز درپیش ہیں ان سے نمٹنے کے لیئے سیاسی استحکام کا ہونا ضروری ہے۔ قوم میں ملکی حالات میں بے یقینی کے ماحول کی وجہ سے تشویش پائی جاتی ہے۔ ملک میں مہنگائی نے عام آدمی کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ خط غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کرنے والے نان جویں تک کے لیئے پریشان نظر آتے ہیں۔ معیشت کی بدحالی سے زیادہ یہ امر تشویشناک ہیکہ غریب مزید غریب تر ہوتا جا رہا ہے۔ ملک میں بیرونی امداد سے چلنے والی دہشت گردی اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی بد امنی بھی تشویشناک ہے۔ کیوں ارباب اختیار اپنی زمہ داریوں کا احساس نہیں کر پا رہے۔ جب تک ذاتی مفادات پہ قومی مفادات کو ترجیح نہیں دی جائے گی تب تک ملکی حالات میں بہتری کی گنجائش نظر نہیں آتی۔ 9 مء جیسے واقعات ملک پہ ایک بدنما داغ کی طرح ہیں جب کہنے کو جو اپنے تھے انہوں نے قومی اور فوجی تنصیبات کو نقصان پہنچایا۔ بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح رحمتہ اللہ کے گھر اور انکی زیر استعمال چیزوں کو انتہاء بے دردی سے جلایا۔ شہداء جو پاکستان کے لیئے اس قوم کے لیئے ملک کی بقاء اور سلامتی کے لیئے ہماری آئندہ آنیوالی نسلوں کیپر امن اور روشن مستقبل کے لیئے اپنی جانیں قربان کر گئے ان کی یادگاروں تک کی بے حرمتی کی جو کہ کسی بھی معاشرے اور ملک میں ناقابل برداشت ہے۔ ملکی افواج اور اس کی قیادت کے خلاف پروپیگنڈہ مہم اور ہرزہ سراء تواتر کے ساتھ جاری رکھ کر افواج اور قوم کے درمیان بدگمانیاں اور تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کی گ ء۔ ایک سیاسی جماعت نے ایک سال تک زہریلا پروپیگنڈہ کر کے قوم میں انتشار پیدا کرنے کی کوشش کی۔ ج۔ ملکی افواج اور اس کی قیادت کے خلاف پروپیگنڈہ مہم اور ہرزہ سراء تواتر کے ساتھ جاری رکھ کر افواج اور قوم کے درمیان بدگمانیاں اور تقسیم پیدا کرنے کی کوشش کی گ ء۔ ایک سیاسی جماعت نے ایک سال تک زہریلا پروپیگنڈہ کر کے قوم میں انتشار پیدا کرنے کی کوشش کیس کی وجہ سے 9 مء کے واقعات پیش آ ئے۔ ان واقعات کے زمہ داران معافی کے مستحق نہیں۔ ملک میں سیاسی استحکام کی بجائے شرپسندی اختلافات اور ذاتی مفادات کو ترجیح دی جائے گی تو ملک کے معاشی حالات میں بہتری نہیں آ سکتی۔۔ ملک میں سیاسی استحکام کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو اپنی زمہ داریوں کو سمجھنا ہوگا۔ پاکستان کی معیشت کی بہتری کے لیئے مل بیٹھ کر اقدامات کرنے ہونگے۔ قومی یکجہتی کے فروغ کے لیئے لائحہ عمل بنانا ہوگا۔ ملک میں غربت کی سطح کو کم کرنے کے لیئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہونگے۔ سرمایہ کاری اور اس کے تحفظ کے لیئے اقدامات کرنے ضروری ہیں تاکہ چھوٹے لیول سے سرمایہ کار بے یقینی کی کیفیت سے نکل کر ملکی معیشت میں اپنا کردار ادا کر سکے۔ باصلاحیت اور ہنر مند نوجوانوں کی افرادی قوت کو بہتر جگہوں پر ان کی صلاحیتوں کے مطابق روزگار کے مواقع فراہم کیئے جائیں۔ سفارشی کلچر اور کرپشن کا خاتمہ بے حد ضروری ہے۔ کرپشن اور سفارشی کلچر نے پاکستان اور پاکستان کی معیشت کو بے حد نقصان پہنچایا۔ 75 سال سے ہم جدوجہد ہی کر رہے ہیں اور آج یہ حالات ہیں کہ معاشی حالات اور معاشی بے یقینی اپنے عروج پر ہے۔ یہ ملک ہم سب کا ہے اب سنجیدہ ہو کر اخلاص کے ساتھ اپنے ملک کے لیئے کچھ کرنا ہوگا

# انصاف سے استحکام

**اورنگزیب اعوان**

پاکستان دنیا کا وہ واحد ملک ہے. یہاں سیاسی جماعتیں موسمی تبدیلیوں کی طرح معرض وجود میں اتی ہیں. جن کا کچھ پتہ نہیں ہوتا. کہ کس وقت تحلیل ہو جائے گی. اور ان سیاسی جماعتوں میں شامل افراد اپنے ذاتی مفادات کی خاطر نئی پناہ گاہ تلاش کر لیں گے. یہی سلسلہ اجکل جاری وساری ہے. پاکستانی عوام کی معصومیت پر بھی جان قربان کرنے کو دل کرتا ہے. جو ان مفاد پرستوں کے مکروفریب میں پھنسنے کو ہمہ وقت تیار رہتی ہے. سیاسی جماعت تبدیل کرنے سے کیا ملک کے حالات تبدیل ہو جاتے ہیں. ایسی ایسی نام نہاد سیاسی جماعتیں تشکیل دی گ ء. جن کا عوام میں وجود تک نہیں تھا. انہیں مصنوعی طریقہ کار کے تحت اقتدار کے ایوانوں تک بھی پہنچایا گیا. مگر ان بے پر پرندوں کی پرواز نہ ہونے کی وجہ سے جہاں ان کی اپنی تذلیل ہوتی رہی. وہی ملکی اداروں کی ہتک کا باعث بھی بنے. مگر اس روش کو اج تک تبدیل کرنے کی کوئی سنجیدہ کوشش نہیں کی گئی . کبھی مذہب کے نام پر، کبھی روٹی کپڑا اور مکان، کبھی ایشین ٹائیگر، کبھی دو نہیں ایک پاکستان اب استحکام پاکستان کے نام پر سیاسی جماعت تشکیل دی گ ء ہے. جس میں وہی لوگ ہیں. جنہوں نے ماضی میں اس ملک کا بیڑا غرق کرنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے. اب پھر سے انہیں لوگوں کو ہمارے سروں پر مسلط کرنے کے لیے منصوبہ بندی کی جا رہی ہے. پاکستان میں کسی چیز کی کمی نہیں. کمی ہے تو سنجیدگی کی. پاکستان تحریک انصاف میں پاکستان مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی سے لوگوں کو توڑ کر شامل کروایا گیا. پھر ان لوگوں نے ایسے ایسے شگوفے چھوڑے. جن کی تاریخ میں مثال نہیں ملتی. سانحہ 9 م ء کے واقعات نے تو ان مفاد پرست لوگوں کے چہرے عوام کے سامنے بے نقاب کر دیئے ہیں. یہ مکروہ چہرے ہر دور میں ملکی وسائل لوٹتے رہے ہیں. اب تحریک انصاف سے انہیں لوگوں کو اکٹھا کر کے استحکام پاکستان جماعت کے نام پر منڈی لگائی جا رہی ہے. جو پاکستان تحریک انصاف میں کچھ نہیں کر سکے. وہ اب پاکستان کے استحکام کے لیے کیا کر سکتے ہیں. سوائے باتوں کے. اب تو ان لوگوں کے چہرے دیکھ کر ہنسی بھی اتی ہے. اور افسوس بھی ہوتا ہے. کہ یہ کیسے بے وفا اور ابن الوقت لوگ ہیں. جو اپنا مطلب نکال کر انکھیں پھیرنے میں ایک منٹ نہیں لگاتے. بڑے بڑے دعویٰ کرنے والے ایک منٹ بھی اپنے دعویٰ پر کھڑے نہیں رہ سکتے. ایک نام نہاد لیڈر پریس کانفرنس کے دوران کہتا تھا . اگر مجھے عمران خان سے الگ کرنا چاہتے ہو. تو میرے ماتھے میں گولی مار دو. اگلے دن وہی پہلی صف میں کھڑے ہو کر استحکام پاکستان جماعت میں شمولیت اختیار کرنے کا اعلان کر رہا تھا. اسی طرح ایک اور موصوف گجر ہونے پر اترا رہے تھے. پھر وہی عمران خان کو یہودی لابی کا ایجنٹ قرار دے کر جواز پیدا کر رہے تھے. استحکام پاکستان جماعت میں جانے کا. پاکستان تحریک انصاف میں سے جانے والوں کی پریس کانفرنس دیکھے تو سبھی میں ایک ہی چیز مشترک تھی. کہ میں سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر رہا ہوں. مگر دو دن میں ہی سیاست میں ان کی واپسی بھی ہوگ ء. بندہ ایک دو ماہ انتظار ہی کر لیتا ہے. مگر ان کے نزدیک عزت نفس نام کی کوئی چیز نہیں. یہ تو مفاد پرستی کا شکار لوگ ہیں. جو ہر جگہ ذاتی مفاد کی خاطر پہنچ جاتے ہیں. پاکستان تحریک انصاف میں تھے. تو ہر روز شور مچاتے تھے. کہ ہم سے بڑھ کر کوئی صادق اور امین نہیں. ہم ہی وہ فرشتہ صفت لوگ ہیں. جو اس ملک کی تقدیر بدل کر رکھ دے گے. مگر اج کس منہ سے کہہ رہے ہیں. کہ ہمیں پاکستان تحریک انصاف میں کچھ کرنے نہیں دیا جا رہا تھا. ہمارے ہاتھ پاوں باندھے ہوئے تھے. اب ہم استحکام پاکستان جماعت کا حصہ بن کر وہ سب کام کرے گے. جو ہم کرنا چاہتے تھے. پیشگی معذرت اگر کسی کو برا لگے. استحکام پاکستان جماعت کے سرپرست اعلیٰ وہی لوگ ہیں. جن پر کرپشن کے الزامات لگا کر انہیں نہ صرف پاکستان تحریک انصاف بلکہ ملکی سیاست سے نکال باہر کیا گیا تھا. اج ان کے ہاتھوں پر بیعت کر کے عوام کو باور کروایا جا رہا ہے. کہ ان سے بڑھ کر کوئی شخص دیانت دار نہیں. اسی بات سے اندازہ لگا لے. کہ یہ استحکام پاکستان جماعت کس قدر سنجیدہ لوگوں پر مشتمل ہجوم ہے

# احتساب اور اسلام

**سعدیہ کیانی**

اللہ تعالیٰ نے یہ جہان بنایا اور دیگر مخلوقات کے ساتھ ساتھ انسان کو بھی بنایا، ایک بہترین سوچنے والے دماغ کے ساتھ۔ اور انسان کو بتایا کہ دیکھو اس تمام جہان کا اور تمہارا مالک و خالق میں اکیلا ہی ہوں لہٰذا دو باتیں یاد رکھنا ایک یہ کہ یہ دنیا کی زندگی ایک ٹیسٹ ہے اور دوسرا یہ کہ تمہارا ایک دن احتساب ہوگا۔ احتساب ہوگا ہر اس عمل کا جو تم نے کیا، ہر اس بات کا جو تم نے کہی۔ قران میں جگہ جگہ یہ بات مختلف انداز میں بیان ہوئی کہ خبردار خود کو شتر بے مہار نہ سمجھو اور اعمال کو میرے احکامات کی روشنی میں ادا کرو کہ میں تم سے سخت حساب لوں گا۔ یہ بات ہمارے پیارے اقا جی نے بھی بیان فرمائی کہ احتساب معاشرے کا لازم و ملزوم اور انتہائی اہم حصہ ہے، اور اسے عملی طور پر نافظ کیا۔ اس کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لئے اپ نے یہاں تک کہا کہ اگر میری بیٹی فاطمہ بھی اگر چوری کریں گی تو میں ان کے بھی ہاتھ کاٹنے کا حکم دوں گا۔ اقا جی کے احتساب بلا امتیاز کے احکامات کو اس وقت کے تمام مسلمانوں نے دل و جان اور ادب و احترام سے اپنایا۔ اور اس کا عملی مظاہرہ کچھ عرصے بعد خلیفہ ثانی حضرت عمر کے دور میں ہمیں دیکھنے کو ملتا ہے کہ اقا جی کی کہی ہوئی بات کو نہ صرف خواص بلکہ عام نے بھی سمجھ لیا تھا۔ جب بیت المال سے چادریں تقسیم ہوئیں تو سب کے حصے میں ایک ہی چادر ائی، حضرت عمر چونکہ دراز قد تھے تو یہ ممکن نا تھا کہ اپ کا کرتہ ایک چادر میں بنتا بلکہ اس کے لئے دو چادریں درکار تھیں اس بات کو ایک عام سے مسلمان نے نوٹ کیا اور جب اپ جمعہ کے لئے ممبر پر تشریف لیجانے لگے تو اس بدو نے اپ کو روک لیا اور کہا "اے عمر، اپ ممبر پر بعد میں تشریف لیجائیں پہلے یہ بتائیں کے جب سب نے ایک چادر لی تو اپ نے کیسے دو چادریں لے لیں اپنے لئے"۔ اس کا جواب حضر عمر یہ بھی دے سکتے تھے کہ بھائی تم ہو کون جو مجھ سے یہ پوچھ رہے ہو تمہیں پتہ نہیں میں کون ہوں؟ مگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ جانتے تھے کے اقا جی کیا فرما کر گئے ہیں لہٰذا جواب میں اپنے بیٹے کو بلایا اور کہا کہ تم بتاو یہ دوسرے چادر میرے پاس کہاں سے ائی، تو اپ کے بیٹے نے اطمنان سے جواب دیا کہ سب کو ایک ہی چادر ملی بشمول میرے والد کے مگر چونکہ ان کا کرتہ ایک چادر میں نہ بن سکتا تھا تو میں نے اپنے حصے کی چادر اپنے والد کو دے دی۔ اپ نے جب بدو کو اس جواب سے مطمئن دیکھا تو ممبر پر تشریف لے گئے۔ اور اس بات پر بجائے خفگی کرنے کے فرمایا شکر ہے اے اللہ امت محمد میں ایسے لوگ موجود ہیں کہ اگر عمر بھی ٹیڑھا ہونے لگے تو اسے سیدھا کر دیں گے۔ اگر اس وقت حضرت عمر اپنے عہدے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اس بدو کو ڈانٹ کر چپ کروا دیتے تو وہ بدو شاید ڈر کے چپ ہو جاتا مگر اس سے معاشرہ مرنا شروع ہو جاتا ہے، عوام کمزور ہونا شروع ہو جاتی ہے، اور ان میں ایک غلامانہ سوچ جنم لینے لگتی ہے، لوگوں کی ذہنی نشوونما رک جاتی ہے اور ان میں مایوسی سر اٹھاتی ہے۔ اور ایسی قوم کسی دشمن سے نہیں لڑ سکتی اور دشمن کے لئے اسان نوالہ ثابت ہوتی ہے۔ اج مغربی ممالک کی ترقی اور اس کی فلاحی ریاستیں اس بات کا جیتا جاگتا ثبوت ہیں اور ہماری زبوں حالی اسی بات کا خمیازہ ہیں کہ ہم میں احتساب کا عمل رک چکا ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب تک ہم میں احتساب بلا امتیاز جاری و ساری رہا ہم دنیا پر راج کرتے رہے، ہمارے نام کا سکہ چلتا رہا مگر جوں جوں اس عمل کو روکتے گئے ہم پستیوں میں گرتے گئے۔ دوسرا قابل ذکر واقعہ بھی حضرت عمر کے دور کا ہی ہے۔ حضرت خالد بن ولید کو کون نہیں جانتا۔ ان کی شجاعت بہادری سے لے کر جنگی حکمت عملی پر مہارت کے نہ صرف مسلمان قائل تھے بلکہ غیر مسلم بھی ان کی تعریف کرتے تھے اور اج بھی ہیں۔ حضرت خالد بن ولید ایک پیدائشی جرنیل تھے

(ادارے کا کالم نگاروں / مضمون نگاروں کی ذاتی رائے اور ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ

# متحدہ عرب امارات کے نوسوسالہ پرانی مسجد کی زیارت

## "البدیہ مسجد" متحدہ عرب امارات کے شہر فجیرہ کے گاؤں البدبیہ میں واقع ہے

## یہ 9 سوسالہ پرانی مسجد چودہ 1446ء میں تعمیر کی گئی اپنے موضوع پر مستند حوالہ جات سے مزین بہترین تحقیق

تحریر۔ مفتی نور حسین افضل

"البدیہ مسجد" متحدہ عرب امارات کے شہر فجیرہ کے گاؤں البدیہ میں واقع ہے یہ متحدہ عرب امارات کی سب سے قدیم ترین مسجد ہے جو کہ تقریبا نوسوسال پرانی ہے اوراب تک اس میں نمازیں ادا کی جاتی ہیں۔ یہ سن 1446ء ؁ کے آس پاس تعمیر کی گئی۔ (العبودی، ناصر بن حسین "البدیہ مسجد حصہ اول " متحدہ عرب امارات یونیورسٹی)(1) البدیہ مسجد کی زیارت کیلئے سفر: راقم الحروف کو متعدد بار اس کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ یہ مسجد خالص مقامی مواد سے بنائی گئی ہے۔ کیونکہ اسے (بیسالٹ) نامی بڑے اور چھوٹے پتھروں سے بنایا گیا۔ جلی ہوئی مٹی کو تعمیر کے لیے بائنڈر کے طور پر استعمال گیا۔ اس کی چھت ایک کالم پر چار گنبدوں کے ساتھ تعمیر کی گئی۔ مسجد کے اندر ایک چھوٹا محراب اور منبر بھی ہے۔ (2) تعمیر مسجد کی تاریخ: یہ مسجد 1998ء ؁ میں آسٹریلیا کی سڈنی یونیورسٹی کے تعاون سے ایک حالیہ تحقیق کے نتائج کی بنیاد پر فجیرہ میں محکمہ ثقافتی ورثہ اور نوادرات کی طرف سے آثار قدیمہ کی کھدائی کے سیزن کے دوران برآمد ہوئی۔ جہاں سے نامیاتی مواد کے نمونے لیے گئے تھے۔ مسجد کی دیواروں کی بنیادیں اور تاریخ کے لیے کاربن 14 کا استعمال کرتے ہوئے ان پر کیمیائی تجزیے کیے گئے۔ تجربات کے نتائج یہ نکلے کہ البدیہ مسجد 1446 عیسوی کے لگ بھگ تعمیر کی گئی۔ (البدیا متحدہ عرب امارات کی سب سے قدیم معروف مسجد، گلف نیوز ڈاٹ کام۔ اگست یکم اگست 2011)(3) مسجد کا مقام: یہ مسجد متحدہ عرب امارات کے مشرقی ساحل پر خورفکان شہر سے دبا الفجیرہ شہر کی سڑک پر واقع ہے جو فجیرہ شہر سے تقریباً 35 کلومیٹر شمال میں واقع ہے (4) مسجد کا فن تعمیر: البدیہ مسجد کو اس کے چھوٹے رقبے کے سائز، اس کی تعمیر کے طریقہ کار، اور اس کی چھت سازی میں تعمیراتی اور ساختی عنصر سے پہچانا جاتا ہے، کیونکہ اس کی چھت کو بلند کرنے کے لیے لکڑی کا استعمال نہیں کیا گیا، بلکہ یہ اپنے درمیان میں ایک کالم پر انحصار کرتی ہے۔ اور یہ کالم ایک شاندار انجینئرنگ سسٹم میں مسجد کے چار گنبدوں پر مشتمل ہے، اور ہر گنبد تین گنبدوں پر مشتمل ہے جو ایک دوسرے کے اوپر نصب اور انحصار کرتے ہیں، جیسا کہ پہلے بڑا گنبد ہے، پھر اس میں چھوٹا گنبد ہے، پھر تیسرا ایک عین درمیان میں ہے۔ اور یہ گنبد ایک دوسرے سے زیادہ دور نہیں، اور مسجد کو ایک خاص ہندسی نوعیت کے نقش ونگار سے ممتاز کیا گیا ہے، اوراس میں ایک محراب اور ایک چھوٹا سا منبر ہے، اوراس میں وینٹیلیشن اور شیلف بھی ہیں، اور اس مسجد کو امارات کی سب سے قدیم تاریخی عمارت تصور کیا جاتا ہے۔ (5) مسجد کی دیکھ بھال: فجیرہ میں محکمہ آثار قدیمہ اور ورثہ نے نوادرات کی بحالی کیلئے کارروائیاں دبئی میونسپلٹی کے تعاون سے کیں۔ اور یہ ایک سال سے زائد عرصے تک جاری رہی۔ اوراس میں اس مسجد کے تمام حصے اور اس کے ارد گرد موجود کھنڈرات برآمد ہوئے۔ اس کی بدولت البدیہ گاؤں کی رونق کو بحال ہوئی۔ اور اس کے نوادرات کو معدوم ہونے سے بچا کر محفوظ کیا گیا۔ اس مسجد کی یادگاری تصاویر بھی محفوظ ہیں۔ (ملک کی قدیم ترین مسجد، دی نیشنل، 4 دسمبر 2010) مقامی لوگ اسے "صحابہ مسجد" بھی کہتے ہیں ممکن ہے کہ اسے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہ اجمعین نے تعمیر کیا ہو۔ اللہ تعالی اس سفر کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ اوراس طرح کی مزید نوادرات آپ کی خدمت میں پیش کرنے کا توفیق حاصل فرمائے۔ آمین یارب العالمین





# تعلیم کے بغیر ترقی اور خوشحالی ممکن نہیں ہے، ہیبرگ اسرار بنگلزئی

انٹرویو۔ نور احمد راہی
تصاویر۔ خالد حسن مشتاق

اللہ تعالی نے ہر انسان میں کوئی ایک خاصیت پیدا کر رکھی ہوتی ہے جو کسی دوسری انسان میں نہیں ہوتی آج ہم آپ کی ملاقات ایک ایسے ہی نوجوان سے کراتے ہیں جن کو اللہ تعالی خاصیتوں صلاحیتوں سے مالامال کر رکھا ہے جن کی سوچ انسانیت سے شروع ہو کر انسانیت پر ختم ہو جاتی ہے بلوچستان کے تاریخی زرخیز علاقہ کچھی سے تعلق رکھنے والے نوجوان ہیبرگ اسرار بنگلزئی اپنے انسان دوستی بہترین اخلاق خوش گفتاری اسپورٹس اور علم دوست غریب پروری کی وجہ سے شہرت رکھتے ہیں، ہیبرگ اسرار بنگلزئی معروف قبائلی شخصیت ماضی کے مشہور بینک کار شہید فقیر محمد بنگلزئی کے فرزند ہیں جنہیں 2010 میں شہید کیا گیا ایک طویل عرصہ گزرنے کے باوجود آج بھی لوگ انہیں فراموش نہیں کر سکیں ہیں۔ وہ انسانیت کی خدمت میں ہر وقت مصروف رہتے تھے شہید فقیر محمد بنگلزئی خود بھی اعلی تعلیم یافتہ تھے اور بینکاری کے شعبے سے وابستہ تھے دیگر انسانوں کے ساتھ ساتھ وہ اپنے قوم قبیلے کی فلاح و بہبود کے لئے بھی سرگرم رہتے تھے اور قبائلی معاملات خصوصاً قبائلی تنازعات کے حل کرنے میں شب روز مصروف رہتے تھے اور انہی معاملات کی وجہ سے وہ شہادت کے اعلی درجے پر فائز ہوئے ہیبرگ اسرار بنگلزی اسی شخصیت کے فرزند ہیں گویا انہیں انسانی خدمت کا جذبہ ورثے میں ملا ہے تعلیم مکمل کرنے کے بعد ہیبرگ اسرار بنگلزئی نے ملازمت کا رخ کیا اوراس وقت بلوچستان میں تعلیم کے فروغ میں اہم کردار ادا کرنے والے پروجیکٹ بلوچستان ریزیڈینشل اینڈ پولی ٹیکنیک انسٹیٹیوٹ بلوچستان میں اکاونٹس کے شعبے میں خدمات سرانجام دے رہے ہیبرگ اسرار بنگلزی بہت اچھے اسپورٹس مین بلکہ فٹبال کے بہترین کھلاڑی بھی ہیں اور ذاتی حیثیت میں اسپورٹس کلبز اور کھلاڑیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی بھی کرتے ہ ہیں ہیبرگ اسرار بنگلزی نے بی اے کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے اور سول انجینئرنگ میں ڈپلومہ بھی حاصل کر رکھا ہے اور مزید علم حاصل کرنے کی جستجو رکھتے ہیں رات کو تمام کاموں سے فارغ ہو کر وہ ایک گھنٹہ مطالعہ ضرور کرتے ہیں ہیبرگ بنگلزی 12 اگست 1996 کو کوئٹہ میں پیدا ہوئے اور آج معاشرے کا سب سے مفید اور کارآمد شہری بن چکے ہیں ہماری ٹیم کو اس کامیاب اور حوصلہ مند نوجوان سے ملاقات کی اس موقع پر ان سے مختلف موضوعات پر تفصیلی بات چیت بھی ہوئی ہیبرگ اسرار بنگلزئی جو حال ہی میں کوئٹہ میں طویل عرصہ بعد ہونے والے نیشنل گیمز سے بہت خوش تھے گفتگو کی ابتدا بھی اسی موضوع پر ہوئی ان کا کہنا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بہت بڑے عرصے کے بعد قومی گیمز کے تحت مختلف کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوئے جن میں پورے ملک کے مختلف شہروں سے مرد اور خواتین کھلاڑیوں نے شرکت کی انہوں نے کہا کہ کھلاڑیوں کے آنے اور شہر میں خصوصی انتظامات سے کوئٹہ کا ماحول یکسر تبدیل ہوا اور خوشگوار فضا قائم ہوئی کھیلوں کے مقابلوں سے نوجوانوں میں کھیل سے مزید محبت پیدا ہوئی اوران میں بھی قومی سطح پر گیمز کھیلنے کا جوش وجذبہ پیدا ہوا انہوں نے اس بات پر مسرت کا اظہار کیا کہ اس موقع پر کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہیں ہوا اور دوسرے شہروں سے آنے والے کھلاڑی اچھے تاثرات اور خیالات لے کر گئے اسی موضوع پر بات چیت کرتے ہوئے ہیبرگ اسرار بنگلزئی نے کہا کہ کھیلوں سے منشیات کی حوصلہ شکنی ہوتی ہے بدقسمتی سے کوئٹہ اور اطراف کے علاقوں میں منشیات کے استعمال اوراس کی کھلے عام فروخت میں تشویشناک حد تک اضافہ ہوا ہے اب منشیات کوئٹہ کی گلیوں میں بھی سرعام فروخت ہوتی ہے انہوں نے کہا کہ میری ذاتی رائے میں منشیات استعمال کرنے والوں کو پکڑ کر علاج کرانے اور پھر تین ماہ بعد دوبارہ معاشرے کی رحم کرم پر چھوڑنے سے منشیات ختم نہیں ہوگا اس لیے دو چیزیں بہت ضروری ہے پہلی کہ کھیلوں کو فروغ دیا جائے اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کی جائے خصوصاً بلوچستان کے نوجوانوں کو فٹبال کے کھیل سے زیادہ لگاؤ ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے یہاں فٹبال گراونڈ نہ ہونے کے برابر ہے میں نے نوجوانوں کو سخت ناہموار اور بجری سے بھرے میدانوں میں فٹبال کھیلتے دیکھا ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ اس جانب توجہ دی جائے اور فٹبال گراؤنڈ بنائے جائیں پھر اپنی بات کی جانب آتے ہوئے کہا کہ کھیل کے میدان آباد ہوں گے تو اسپتال ویران ہونگے اور منشیات کی حوصلہ شکنی ہوگی دوسری چیز یہ کہ منشیات کے عادی مریضوں کا علاج مکمل ہونے کے بعد انہیں معاشرے کی رحم کرم پر نہ چھوڑا جائے بلکہ طویل عرصے تک ان کی نگرانی کی جائے تاکہ وہ پھر سے ان مخصوص ٹھکانوں پر نہ جاسکیں اسی طرح سب سے اہم چیز یہ ہے کہ منشیات فروشی کے خلاف سخت قوانین بنائے جائیں سعودی عرب اور دیگر ممالک کی طرح یہاں بھی منشیات کی سزا موت مقرر کی جائے تب شاید کچھ کام بن سکے اپنے آئیڈیل شخصیت کا ذکر کرتے ہوئے ہیبرگ اسرار بنگلزئی نے بتایا کہ ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر کوئٹہ معروف قبائلی وسماجی شخصیت حاجی محمد اکرم بنگلزی ان کی آئیڈیل شخصیت ہے ماشاء اللہ وہ ہر لحاظ سے وہ ایک مکمل انسان ہے دن رات بے لوث عوام کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں خصوصا لاچار بے کس ضرورت مند مریضوں کے علاج کرانے کو اپنا فرض سمجھتے ہیں وہ انسانوں سے بہت محبت کرتے ہیں جس کی ایک مثال میں خود ہیبرگ اسرار بنگلزی ہوں میری ملازمت میری پوزیشن اور تھوڑی بہت انسانیت سب حاجی محمد اکرم بنگلزئی صاحب کی مرہون منت ہے میں آج جو کچھ بھی ہوں انھی کی وجہ سے ہوں میں شب وروز ان کی مزید کامیابیوں اور درازی عمر کے لیے دعا گوہ ہوں اور اللہ تعالی سے سے ملتمس ہوں کہ مجھے ان کے بتائے ہوئے راستوں پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے ہیبرگ اسرار بنگلزئی نے ہمارے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہماری کسمپرسی بدحالی پسماندگی در بدری اور مسائل کی اصل وجہ تعلیم سے دوری ہے تعلیم کے بغیر دنیا کی کوئی قوم کوئی ملک ترقی نہیں کرسکتا بدقسمتی سے ہمارا صوبہ بلوچستان تعلیم کے میدان میں بھی سب سے پیچھے اور پسماندہ ہے۔ ہم جب تک تعلیمی میدان میں ترقی نہیں کرسکتے ہماری خوشحالی ناممکن ہے انہوں نے کہا کہ دنیا خصوصا یورپی ممالک کی ترقی اور خوشحالی کی وجہ صرف تعلیم ہیں تعلیم نہ صرف انسان کو انسان بناتی ہے بلکہ زندگی کی راہوں میں روشنیاں پیدا کرتی ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ تعلیم کے ذریعے ہی اللہ اور دین اسلام کی اصل پہچان اور پھر اس پر عمل کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اگر میرے اختیار اور بس میں ہوں تو بلوچستان کا کوئی فرد کوئی بچہ کوئی بچی ان پڑھ یا غیر تعلیم یافتہ نہ ہو میری تجویز یہ ہے کہ تعلیم حاصل نہ کرنے پر دیگر معاشرتی جرائم کی طرح سزا مقرر کی جائے اگر دیکھا جائے تو سب سے بڑا گنہگار سب سے بڑا مجرم وہی ہیں جو اپنے بچوں کو علم کے راستے پر نہیں لے جاتا انہوں نے آخر میں اپیل کی اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لیا جائے ہر قسم کے تعصبات اور نفرتوں کا خاتمہ کیا جائے

# صحافت شوبز

## مجھے بہت سارے لوگوں نے کہا یہ ہیرو نہیں لگتا، حمزہ سہیل

**کیریئر کے آغاز میں مختلف پروڈکشن ہاؤسز کو 35 سے 40 آڈیشنز دیئے، زیادہ تر میں ریجیکٹ کردیا گیا تھا، انٹرویو**

کراچی (ویب ڈیسک) اداکار حمزہ سہیل نے



انکشاف کیا کافی لوگوں نے مجھے یہ بات کہی میں ہیرو نہیں لگتا۔ حمزہ سہیل کو نامور پاکستانی کامیڈین سہیل احمد کے بیٹے ہونے کے باوجود بھی شوبز انڈسٹری میں قدم رکھنے کے لیے کافی جدو جہد کرنی پڑی ہے۔ ایک ویب شو انٹرویو کے دوران حمزہ سہیل نے بتایا کہ کیریئر کے آغاز میں کراچی میں مختلف پروڈکشن ہاؤسز کو 35 سے 40 آڈیشنز دیئے، ان میں سے زیادہ تر میں مجھے ریجیکٹ کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے ریجیکشن کی وجہ بتاتے ہوئے کہا کہ کئی لوگوں نے تو میرے سامنے ہی مجھے یہ بات کہہ دی کہ میں ہیرو نہیں لگتا، کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ میں شکل سے چھوٹا لگتا ہوں۔ حمزہ سہیل نے کہا کہ اب ریجیکشن کی ان وجوہات پر پھر میں نے کہا کہ ان سب چیزوں کا تو میرے پاس کوئی حل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ دانیال ظفر میرا بیسٹ فرینڈ ہے

## حادثے کے بعد چلنے کی کوشش پر خون کی الٹیاں لگ جاتی تھیں، متھیرا کا انکشاف

**جسم سے 3 بار اضافی چربی نکلوا چکی ہو، لگتا ہے، ایک بار پھر اس عمل سے گزروں گی، اداکارہ**

کراچی (ویب ڈیسک) اداکارہ و میزبان متھیرا نے انکشاف کیا ہے کہ حادثے کے بعد اگر چلنے کی کوشش کرتی تو خون کی الٹیاں لگ جاتی تھیں۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ متھیرا نے بتایا کہ سوشل میڈیا پر صارفین بغیر کچھ سوچے سمجھے کسی کے بھی بارے میں بولنا شروع کر دیتے ہیں انہیں یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کسی کی زندگی میں کیا چل رہا ہوتا ہے۔ انہوں نے گفتگو کہا کہ 2022ء میں دبئی میں سال نو کے موقع پر میرا خطرناک ایکسیڈنٹ ہوا تھا۔ متھیرا نے بتایا کہ حادثے میں سینے اور پھیپھڑوں پر سخت چوٹیں لگی تھیں جبکہ میرا جبڑا بھی ٹیڑھا ہو گیا تھا، مجھے سانس لینے میں بھی مشکلات درپیش تھیں۔ انہوں نے بتایا کہ حادثے کے بعد کافی عرصے تک زیر علاج رہی، اس دوران صرف بستر تک محدود تھی، تقریباً ایک سال تک کسی کوئی ایکسرسائز کرنے، یہاں تک کہ چلنے پھرنے سے بھی قاصر تھی

## ٹام ہینکس نے طلاق کی وجہ سے فلم کی پیشکش ٹھکرا دی تھی، اہلیہ ریٹا ولسن

نیویارک (ویب ڈیسک) ہالی ووڈ کے معروف اداکار ٹام ہینکس کی اہلیہ کا کہنا ہے کہ انہوں نے فلم 'When Harry Met Sally' کی پیشکش ٹھکرا دی تھی۔ یہ 1989 کی کلاسیک فلم تھی جس میں بلی کرسٹل نے مرکزی کردار ادا کیا لیکن پہلے ٹام ہینکس کو فلم کی پیشکش ہوئی تھی۔ ایک حالیہ انٹرویو میں ریٹا ولسن نے کہا کہ ٹام اس وقت طلاق کے عمل سے گزر رہے تھے اور وہ بہت خوش تھے کہ اب وہ شادی شدہ زندگی میں نہیں رہے۔ اس فلم میں دو کرداروں کے درمیان اس موضوع پر بحث ہوتی رہتی تھی کہ کیا ایک لڑکا اور لڑکی صرف دوست ہوسکتے ہیں یا نہیں۔ خیال رہے کہ ٹام ہینکس اور سامانتھا لیویز کی شادی 1978 سے 1987 تک رہی، ان کے دو بچے ہیں۔ طلاق کے بعد ٹام ہینکس نے 1988 میں ریٹا ولسن سے شادی کی جو اب تک چل رہی ہے، اس شادی سے ان کے دو بیٹے ہیں۔ ہالی ووڈ کے معروف اداکار ٹام ہینکس کی اہلیہ کا کہنا ہے کہ انہوں نے فلم 'When Harry Met Sally' کی پیشکش ٹھکرا دی تھی۔ یہ 1989 کی کلاسیک فلم تھی جس میں بلی کرسٹل نے مرکزی کردار ادا کیا لیکن پہلے ٹام ہینکس کو فلم کی پیشکش ہوئی تھی۔ ایک حالیہ انٹرویو میں ریٹا ولسن نے کہا کہ ٹام اس وقت طلاق کے عمل سے گزر رہے تھے اور وہ بہت خوش تھے کہ اب وہ شادی شدہ زندگی میں نہیں رہے۔

## عالمی شہرت یافتہ پاکستانی قوال امجد صابری کی ساتویں برسی 22 جون کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (ویب ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی قوال امجد صابری کی ساتویں برسی 22 جون کو منائی جائے گی مرحوم کی برسی پر منعقدہ مختلف تقریبات میں انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے علاوہ الیکٹرانک میڈیا پر خصوصی پروگرامات نشر اور پرنٹ میڈیا میں بھی خاص مضامین شائع کیے جائیں گے۔ امجد صابری 23 دسمبر 1976 کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق قوالی کے منفرد گھرانے سے تھا۔ ان کے والد غلام فرید صابری اور چچا مقبول فرید صابری نے قوالی کی دنیا میں منفرد شناخت قائم کی۔ انہوں نے اپنے والد اور چچا کی مشہور قوالیاں بھر دو جھولی میری، کوئی اپنا نہیں غم کے مارے ہیں ہم، آئے ہیں تیرے در پہ، ملتا ہے کیا نماز میں سجدے میں جا کے دیکھ، یا محمد نور مجسم، یا صاحب الجمال و یا سید البشر، طیبہ کے جانے والے، آفتاب رسالت مدینے میں، صابر پیا ذرا کھولو کواڑیا اور اے خدا التجا ہے یہ میری' کو نہایت دلکش اور منفرد انداز سے گایا۔ امجد صابری نے اپنے آخری ٹی وی پروگرام میں شیڈول سے ہٹ کر' اے سبز گنبد والے منظور دعا کرنا، جب وقت نزع آئے دیدار عطا کرنا' سنا کر سب کو رلا دیا اور خود بھی روئے۔

## پریانکا چوپڑا کی بیٹی مالتی میری کے بیگ کی قیمت نے سب کے ہوش اڑا دیئے

**پوسٹ پر سوشل میڈیا صارفین نے اگلے جنم میں مالتی میری بننے کی خواہش کا اظہار کر رہے ہیں**

ممبئی (ویب ڈیسک) بھارتی اداکارہ پریانکا چوپڑا کی بیٹی مالتی میری چوپڑا جوناس کے پرس کی قیمت جان کر صارفین کے ہوش اڑ گئے۔ انسٹاگرام پر پریانکا کا سائڈ پوز دیکھا جا سکتا ہے اس کے علاوہ ننھی مالتی میری کے ہاتھوں میں ایک کتاب اور ایک پرس بھی موجود ہے۔ مالتی میری کی تصویر میں نظر آنے والے

نے اہل خانہ اور دوستوں کے ہمراہ پکنک سے چند تصاویر شیئر کیں تو سوشل میڈیا صارفین کی نظریں ان کی بیٹی کی ایک تصویر پر جا ٹھہری۔ تصویر میں مالتی میری کا چہرہ تو دکھائی نہیں دے رہا تاہم اس میں ان پیسٹل گرین کراس باڈی بیگ نے فوراً سوشل میڈیا صارفین کی توجہ حاصل کر لی۔ بیگ معروف بین الاقوامی برانڈ بلغاری کا ہے جس کی قیمت 2.45 لاکھ بھارتی روپے ہے۔

## موسیقار واجد علی نوشاد کی برسی (کل) منائی جائے گی

لاہور (ویب ڈیسک) موسیقار واجد علی نوشاد کی 15ویں برسی کل (اتوار) 18 جون کو منائی جائے گی۔ فلموں کے معروف موسیقار واجد علی ناشاد کی تیرھویں برسی آج جمعے کو روز منائی جارہی ہے، انہوں نے درجنوں فلموں کا شاندار میوزک ترتیب دیا تھا۔ واجد علی نوشاد 1953 میں بھارت کے شہر ممبئی میں معروف موسیقار نوشاد کے گھر پیدا ہوئے، واجد علی نوشاد کے والد نوشاد 24 اپریل 1964 کو اہل وعیال کے ہمراہ ممبئی کو چھوڑ کر پاکستان کے شہر لاہور منتقل ہو گئے۔ واجد علی نوشاد نے بہت سی فلموں میں اپنے والد کے ساتھ بطور اسٹنٹ میوزک ڈائریکٹر کام کرنے کے علاوہ اپنے والد سے کلاسیکل گیت سنگیت کو سیکھا جبکہ مغربی میوزک کو بھی اسٹڈی کیا۔ واجد علی نوشاد نے تقریباً 50 فلموں میں بطور موسیقار کام کیا جبکہ تقریباً 300 فلموں کا بیک گراؤنڈ میوزک بھی دیا۔ واجد علی نوشاد نے دشت، دوریاں، باغی، پرانده، بے وارث، سلسلہ، سفید پوش، لنڈا بازار سمیت ایک سو کے قریب ٹی وی سیریلز کے ٹائٹل سانگز بنائے۔

## علی گل پیر صحافی بن گئے، ڈی ایچ اے میں انتظامات کا جائزہ لینے کی ویڈیو جاری کردی

کراچی (ویب ڈیسک) معروف کامیڈین، اداکار و میزبان علی گل پیر نے سمندری طوفان بپر جوائے کے پیش نظر ڈی ایچ اے میں انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے مزاحیہ ویڈیو جاری کر دی۔ انسٹاگرام پر کامیڈین علی گل پیر نے نئی ویڈیو پیش کی ہے جس میں انہیں صحافی کے روپ میں دیکھا جاسکتا ہے، جو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہورہی ہے۔ ویڈیو میں کامیڈین علی گل پیر نے ہلکے پھلکے طنز و مزاح کے انداز میں ڈیفنس میں جاری ترقیاتی کام کو پانی کے ذخائر سے تشبیہ دی اور کہا کہ ڈی ایچ اے انتظامیہ نے بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے یہ اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے ویڈیو میں شہر میں بڑھتے سٹریٹ کرائم اور نوجوانوں کے ٹک ٹاک رجحان جیسے مسائل کو بھی مرکوز رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طوفان کے پیش نظر ڈی ایچ اے انتظامیہ نے عوام کو کھڑکی دروازے بند رکھنے کی ہدایت دی ہیں کیونکہ پانی کے ساتھ شارک آسکتی ہے جو سٹریٹ کرائم میں ملوث ہوتی ہیں۔ اس کے علاوہ حکومت نے دفعہ 144 نافذ کرتے ہوئے عوام کو سمندر کا رخ نہ کرنے اور ٹک ٹاک نہ بنانے کی ہدایت جاری کی ہے کیونکہ اس سے جان کا خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ وائرل ویڈیو کے کمنٹس میں تبصرہ کرتے ہوئے سوشل میڈیا صارفین نے علی گل پیر کے حس مزاح کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے خوب انداز میں حکومتی انتظامات اور شہر کے حالات کو ایک دوسرے سے جوڑا ہے۔ معروف کامیڈین، اداکار و میزبان علی گل پیر نے سمندری طوفان بپر جوائے کے پیش نظر ڈی ایچ اے میں انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے مزاحیہ ویڈیو جاری کر دی۔ انسٹاگرام پر کامیڈین علی گل پیر نے نئی ویڈیو پیش کی ہے جس میں انہیں صحافی کے روپ میں دیکھا جاسکتا ہے، جو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہورہی ہے۔

## عاطف اسلم کی لندن میں پنجابی گانوں پر شاندار پرفارمنس، مداح جھوم اُٹھے

**سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بھی عاطف اسلم کے ویمبلے کنسرٹ کی خوب تعریفیں کی جارہی ہیں**

لندن (ویب ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ گلوکار عاطف اسلم کی لندن میں پنجابی گانوں پر شاندار پرفارمنس پر مداح جھوم اُٹھے۔ عاطف اسلم نے فوٹو میں پنجابی زبان میں لکھا کہ 'جب بھی ہم یہ گانا گاتے ہیں اندر کا پنجابی جاگ جاتا ہے'۔ سوشل میڈیا کے مختلف پیجز پر اسی کنسرٹ سے ایک ویڈیو وائرل

اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ویمبلے کنسرٹ سے اپنی ایک ویڈیو شیئر کی ہے۔ اس ویڈیو میں گلوکار کو کنسرٹ میں نصرت فتح علی خان کے مشہور گانے 'کنڈے اُتے محرماں وے' پر پرفارم کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ یہ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے کیپشن ہورہی ہے۔ جس میں گلوکار کو ایک پنجابی بھنگڑا گاتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ وہاں موجود مداحوں کی بڑی تعداد ان کی شاندار پرفارمنس پر جھومتی نظر آرہی ہے۔ سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے بھی عاطف اسلم کے ویمبلے کنسرٹ کی خوب تعریفیں کی جارہی ہیں۔

## عامر خان نے اہلیہ امریتا راؤ کے والد کو شادی کیلئے راضی کرنے میں میری بہت مدد کی، آر جے انمول کا انکشاف

**جب تھیٹرز میں پرانی فلموں کی نمائش شروع کی تو عامر خان نے تھیٹر میں دکھائی جانے والی پہلی فلم دیکھنے میں اپنی دلچسپی ظاہر کی**

ممبئی (ویب ڈیسک) آر جے انمول نے انکشاف کیا ہے کہ عامر خان نے اہلیہ امریتا راؤ کے والد کو شادی کیلئے راضی کرنے میں میری بہت مدد کی، یہ آسان کام نہیں تھا۔ آر جے انمول کو دی کپل شرما شو میں انوراگ پانڈے، جیتو راج اور ملیشکا کے ہمراہ بطور مہمان مدعو کیا گیا تھا۔ انہوں نے شو میں اپنی محبت کی داستان سناتے ہوئے بتایا کہ عامر خان نے میری اہلیہ امریتا راؤ کے والد کو شادی کیلئے راضی کرنے میں میری بہت مدد کی کیونکہ یہ بالکل بھی آسان کام نہیں تھا۔ انمول نے بتایا کہ جب تھیٹرز میں پرانی فلموں کی نمائش شروع کی تو عامر خان نے تھیٹر میں دکھائی جانے والی پہلی فلم دیکھنے میں اپنی دلچسپی ظاہر کی۔ انہوں نے بتایا کہ فلم سکریننگ کے بعد عامر خان نے گھر جاتے میری تعریف کی تو میں نے ان سے کہہ دیا کہ آپ امریتا راؤ کے والد کے سامنے بھی میری اسی طرح تعریف کردیں جو سکریننگ میں موجود ہوں گے اور پہلی بار مجھ سے ملاقات کریں گے۔



# SPORTS صحافت سپورٹس

## ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ فائنل میں بدترین شکست، بھارتی کپتان ویسٹ انڈیز سیریز سے باہر

**کپتان روہت شرما کو ویسٹ انڈیز کیخلاف سیریز میں آرام دینے کا فیصلہ، اجنکیا رہانے قائم مقام کپتان ہوں گے**

نئی دہلی (ویب ڈیسک) ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے

فائنل میں بھارت کو آسٹریلیا کے ہاتھوں شکست کے اثرات سامنے آنے لگے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کپتان روہت شرما کو ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز میں آرام دیا جائے گا اور ان کی جگہ اجنکیا رہانے قائم مقام کپتان ہوں گے۔ بھارتی ٹیم کے کپتان روہت شرما کی حالیہ فارم اچھی نہیں اور انہوں نے فائنل میں 13 اور 43 رنز بنائے تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سلیکٹرز روہت شرما سے ملاقات کر کے فیصلے سے آگاہ کریں گے۔ بھارتی ٹیم کے دورہ ویسٹ انڈیز کا آغاز 12 جولائی سے ہوگا جس میں 2 ٹیسٹ، 3 ون ڈے اور 5 ٹی ٹوئنٹی میچز شامل ہیں۔ یہ 2 ٹیسٹ میچز آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہیں۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ سابق کپتان ویرات کوہلی بھی دورے سے دستبردار ہوسکتے ہیں

## شعیب اختر کی بیٹی کے ہمراہ تصویر، مداح تشویش میں مبتلا

**شیئر کی گئی تصویر میں موجود لڑکی شعیب اختر کی حقیقی بیٹی ہے یا نہیں، صارفین تذبذب کا شکار**

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان قومی ٹیم کے سابق

فاسٹ باؤلر شعیب اختر نے اپنی بیٹی کے ہمراہ تصویر شیئر کر کے مداحوں کو کشمکش میں مبتلا کر دیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر سابق تیز رفتار گیند باز نے انسٹا اسٹوری شیئر کی جس میں انہیں ایک نوجوان لڑکی کے ہمراہ دیکھا جاسکتا ہے۔ سابق کھلاڑی نے بذریعہ کیپشن اس نوجوان لڑکی کو اپنی بیٹی کہہ کر متعارف کروایا جس کے باعث مداح کشمکش میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ انہوں نے تصویر کے کیپشن میں لکھا کہ اپنی بیٹی کے ساتھ خوشگوار موڈ میں، ساتھ ہی انہوں نے اس نوجوان لڑکی کی انسٹا آئی ڈی بھی ٹیگ کی، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نوجوان لڑکی کا نام ایلین شیخ ہے۔ یاد رہے کہ شعیب اختر نے 23 جولائی 2014 کو رباب خان نامی خاتون سے خیبر پختونخوا کے شہر ہری پور میں شادی کی تھی جن سے ان کے 2 بیٹے ہیں جو بالترتیب 2016ء اور 2019ء میں پیدا ہوئے ہیں۔ اس سے قبل شعیب اختر نے کبھی بھی میڈیا پر اپنی کسی بھی بیٹی کا تذکرہ نہیں کیا، یہ پہلا موقع ہے جب کھلاڑی نے کسی کو اپنی بیٹی کہہ کر متعارف کروایا ہے جس کے بعد سوشل میڈیا صارفین تذبذب کا شکار ہیں کہ شیئر کی گئی تصویر میں موجود لڑکی شعیب اختر کی حقیقی بیٹی ہے یا نہیں۔

## اسپیشل اولمپکس ورلڈ گیمز 2023 کے پاکستانی اسکواڈ کیلئے پاکستان ہاؤس برلن میں استقبالیہ تقریب

برلن (ویب ڈیسک) پاکستان کے سفیر ڈاکٹر محمد فیصل نے اسپیشل اولمپکس ورلڈ گیمز 2023 کے پاکستانی اسکواڈ کے لیے پاکستان ہاؤس برلن میں ایک استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا۔ اسپیشل اولمپکس وفد، جس میں 54 مرد اور 33 خواتین کھلاڑیوں کے ساتھ ان کے کوچز اور سپورٹ آفیشلز بھی شامل تھے، کا سفارت خانے کے افسران اور عملے کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ایونٹ میں کامیابی حاصل کرنے کے خواہشمند نوجوان خصوصی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے کمیونٹی کے ممتاز اراکین کو بھی مدعو کیا گیا تھا۔ مختلف صلاحیتوں کے حامل پاکستانی ایتھلیٹس 11 کھیلوں میں حصہ لے رہے ہیں جن میں ایتھلیٹکس، بیڈمنٹن، باسکٹ بال، بوکس، سائیکلنگ، فٹسال، ہاکی، پاور لفٹنگ، تیراکی، ٹینس اور ٹیبل ٹینس شامل ہیں۔ اپنے خیر مقدمی کلمات میں، سفیر ڈاکٹر محمد فیصل نے کہا کہ میں آپ سب کو چمکتی ہوئی آنکھوں، پُرامید دلوں اور پاکستان کی نمائندگی کرنے کے پختہ عزم کے ساتھ دیکھ کر بہت فخر محسوس کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں ٹیم انتظامیہ، رونق لاکھانی، یاسمین حیدر اور تمام کوچز اور منسلک اہلکاروں کو بھی مبارکباد پیش کرنا چاہوں گا جن کی بدولت ہمارے کھلاڑی مناسب تربیت کے ساتھ اس مقام تک پہنچنے کے قابل ہوئے

## احسان مزاری کی ارجنا رانا ٹنگا سے ملاقات، سری لنکن سابق کپتان بینظیر بھٹو کے فین نکلے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ احسان مزاری نے سری لنکن کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان ارجنا رانا ٹنگا سے ملاقات کی جس میں رانا ٹنگا نے کہا ہے کہ انہیں وہ دن نہیں بھولتا جب سابق وزیراعظم بینظیر بھٹو نیا نہیں کرکٹ ورلڈ کپ ٹرافی دی تھی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر احسان مزاری جو ان دنوں سری لنکا کے دورے پر ہیں نے سابق کپتان اور سری لنکن سپورٹس کونسل کے سربراہ ارجنا رانا ٹنگا سے ملاقات کی جنہوں نے وفاقی وزیر احسان مزاری کیساتھ 1996 کرکٹ ورلڈ کپ کی یادیں تازہ کی اور کہا کہ سابق وزیراعظم بینظیر بھٹو ایک عظیم خاتون شخصیت تھی، وہ دن نہیں بھولتا جب بینظیر بھٹو نے کرکٹ ورلڈ کپ ٹرافی دی جبکہ پاکستان کیساتھ یادگار یادیں جڑی ہیں۔ ارجنا رانا ٹنگے نے احسان مزاری سے وزیر خارجہ بلاول بھٹو سے متعلق بھی دریافت کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر احسان مزاری نے کہا کہ پاکستان کرکٹ سے محبت کرنیوالا ملک ہے، پاکستان کرکٹ ٹیم نے ٹیسٹ میچز کھیلنے سری لنکا کا دورہ کرنا ہے، کرکٹ سمیت دیگر کھیلوں میں سری لنکا کیساتھ تعلقات مزید مستحکم کرینگے۔

## پاکستان ایشین کرکٹ کونسل کا بائیکاٹ کرتا تو ورلڈ کپ میں بہت مسائل پیدا ہوتے، نجم سیٹھی

**اگر ہماری ہائبرڈ ماڈل کی بات تسلیم نہ کی جاتی تو بہت بڑا بحران ہو جاتا، طویل عرصے بعد علاقائی کھیل ہونے جا رہا**

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ کی مینجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین نجم سیٹھی نے کہا ہے کہ اگر پاکستان ایشین کرکٹ کونسل کا بائیکاٹ کرتا تو ورلڈ سے بھی رجوع کیا اور پاکستان میں کھیلنے پر زور دیا، اگر پاکستان، بھارت کے تعلقات بہتر ہوں گے تو کرکٹ بھی کھیلی جائے گی، چیئرمین بنانے کا فیصلہ

کپ میں بہت مسائل پیدا ہوتے، اگر ہماری ہائبرڈ ماڈل کی بات تسلیم نہ کی جاتی تو بہت بڑا بحران ہو جاتا، طویل عرصے بعد علاقائی کھیل ہونے جا رہا ہے 2008ء کے بعد ہم نے انٹرنیشنل کرکٹ حکومت کے ہاتھ میں ہے۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ میں کچھ دنوں سے بھارتی میڈیا سے اس لیے بات کر رہا تھا

## پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹیسٹ سیریز کا متوقع شیڈول سامنے آگیا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دو میچز پر مشتمل ٹیسٹ سیریز کا متوقع شیڈول سامنے آگیا۔ ذرائع کے مطابق ٹیسٹ سیریز 16 سے 28 جولائی کے درمیان ہوسکتی ہے جبکہ میچز کولمبو اور گال میں ہونے کا امکان ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان ہونے والی ٹیسٹ سیریز انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ٹیسٹ چیمپئن شپ کا حصہ ہوگی جبکہ ذرائع کا کہنا ہے کہ سری لنکا کرکٹ اگلے چند روز میں سیریز کے شیڈول کا حتمی اعلان کرے گا۔ دوسری جانب بعض رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا کہ سری لنکن کرکٹ نے ورلڈ کپ کے پیش نظر دورے میں ون ڈے میچز شامل کرنے کی تجویز دی

## پاکستان، بھارت کے میچز ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں کیوں نہیں

نئی دہلی (ویب ڈیسک) سابق بھارتی کرکٹر و کمنٹیٹر آکاش چوپڑا نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے شیڈول پر سوالات اٹھا دیئے۔ سابق بھارتی کھلاڑی نے آئی سی سی ٹیسٹ چیمپئن شپ میں پاکستان اور بھارت کے درمیان میچز نہ رکھوانے پر سوال اٹھایا کہ دونوں ممالک روایتی حریف ہیں اور انکے میچوں کو بڑے ٹورنامنٹس میں آئی سی سی خوب کمائی کیلئے استعمال کرتا ہے لیکن ٹیسٹ چیمپئن شپ میں کوئی میچ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی تناؤ کے باعث دونوں ٹیمیں دوطرفہ سیریز میں ایک دوسرے کے مدمقابل نہیں آتیں تاہم آئی سی سی ایونٹس میں پاکستان اور بھارت کے میچز کو شیڈول رکھا جاتا ہے کہ لوگوں کی توجہ اور کمائی کا ذریعہ بنایا جاسکے۔ آکاش چوپڑا نے کہا کہ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ ابتدائی دو سائیکل میں پاکستان اور بھارت کے درمیان کوئی ٹیسٹ میچ نہیں رکھا جبکہ سال 2023ء سے 2025ء کے درمیان بھی دونوں ٹیمیں ایک دوسرے سے ٹیسٹ میچز کھیلنے سے محروم رہیں گی۔

## پاکستان فٹبال ٹیم کو بھارت جانے کا این او سی جاری

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان فٹبال ٹیم کو بھارت جانے کا این او سی جاری کر دیا گیا۔ پاکستان فٹبال ٹیم کے بھارت جانے کے معاملے پر بین الصوبائی رابطہ کمیٹی نے بھی ٹیم کو بھارت جانے کا این او سی جاری کر دیا۔ پاکستان فٹبال ٹیم اب ماریشیس سے بھارت جانے کے لیے ویزے لگوائے گی۔ پاکستان فٹبال ٹیم ساف چیمپئن شپ 2023 کھیلنے ماریشیس سے بھارت روانہ ہوگی۔ پاکستان فٹبال ٹیم کل بروز اتوار 18 جون کو ماریشیس سے بھارت کے شہر بنگلور روانہ ہوگی۔ ساف چیمپئن شپ 21 جون سے 4 جولائی تک بنگلور میں منعقد کی جائے گی۔

## ٹنڈولکر کی جانب سے انہیں خطرناک بالر قرار دینا انکی گریٹنس ہے، عبدالرزاق

**سچن بھارتی ٹیم کے لئے ون مین آرمی کا کردار ادا کرتے تھے' سابق آل راؤنڈر قومی کرکٹ ٹیم**

لاہور (ویب ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق نے کہا ہے کہ بھارت کے سابق اوپنر سچن ٹنڈولکر کی جانب سے انہیں خطرناک بالر قرار دینا انکی گریٹنس کی نشانی ہے۔ ایک انٹرویو میں عبدالرزاق نے کہا کہ سچن ٹنڈولکر دنیا کے عظیم کھلاڑیوں میں سے ایک ہیں، انہیں میری تعریف کرنے کی ضرورت نہیں تھی، میں سمجھتا ہوں کہ یہ انکی گریٹنس ہے۔ جس زمانے میں ہم کھیلتے تھے اس وقت وسیم اکرم، وقار یونس، گلین میک گرا، مرلی دھرن اور شین وارن جیسے نام موجود تھے۔ عبدالرزاق نے کہا کہ سچن بھارتی ٹیم کیلئے ون مین آرمی کا کردار ادا کرتے تھے، ہماری ٹیم میٹنگ میں یہ بات ہوتی تھی کہ اگر ہندوستان کو بیک فٹ پر کرنا ہے

## ہربھجن سنگھ بھی پاکستانی ڈراموں کے مداح نکلے

**تنہائیاں، دھوپ کنارے اور بکرا قسطوں پر بھارتی عوام لیسنس اور سی ڈیز کے ذریعے دیکھتے تھے**

نئی دہلی (ویب ڈیسک) سابق بھارتی اسپنر ہربھجن سنگھ کے بارے میں یہ انکشاف ہوا ہے کہ وہ بھی پاکستانی ڈراموں کے مداح ہیں۔ حال ہی میں سابق آل راؤنڈر عبدالرزاق نے ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے کرکٹ سی جڑی ماضی کی سنہری یادوں کو دہرایا۔ انہوں نے بتایا کہ میں کرکٹ کھیلنے کے لیے کسی ملک جاتے ہوئے پاکستانی پنجابی اسٹیج ڈراموں کی سی ڈیز ہمیشہ اپنے پاس رکھتا تھا۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ایک بار ہربھجن سنگھ بھی مجھ سے وہ سی ڈیز لیتے تھے تو میں نے انہیں بھی بہت ساری سی ڈیز دیں کیونکہ وہ پاکستانی کامیڈی اسٹیج ڈرامے بہت شوق سے دیکھتے ہیں۔

**بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

سیف اللہ اور دیگر قائدین نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ اب کیس کورٹ میں ہے اور کورٹ کے ذریعے اپنا حق لیکر رہینگے انہوں نے مزید کہا کہ ہماری پرامن جدوجہد جاری رہیگی

**بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

جلوس ضلع امیر حاجی دیدار علی لاشاری، ہدایت اللہ رند کی قیادت میں نکالا گیا، مظاہرین نے دفتر جماعت اسلامی سے پریس کلب تک مارچ کیا اور پریس کلب کے سامنے دھرنا دیا، اس موقع پر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں سرکاری مشنری سمیت الیکشن کمیشن کی ملی بھگت سے بدترین دھاندلی کی گئی ہے اور عوامی مینڈیٹ پر دن دھاڑے ڈاکہ ڈالا گیا ہے، انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے چور دروازے سے اپنا میئر منتخب کرکے کراچی کے عوام کی توہین کی ہے 15 جون کا دن ملک کی تاریخ میں سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کراچی کے عوام کے ساتھ ہے اور جدوجہد جاری رہے گی۔

**بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہے مگر صارفین پر بھی فرض بنتا ہے کہ وہ فوری طور بل جمع کرائیں ، کنڈہ کلچر اور نادہندگان سے کسی صورت رعایت نہیں برتی جائے گی بجلی چور عوام دشمن ہیں جن کی وجہ سے لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوتا ہے انہوں نے مختلف گلیوں محلوں اور بازار میں میٹر چیک کیے اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ صارفین سے رابطے میں رہیں تا کہ ان کی بجلی بارے میں شکایات جلد ختم ہوں۔

**بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

پارٹی اور جمالی سردار گھرانا کی طرف سے تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہر دور میں ملازمین کے حقوق کے لیے آواز بلند کی ہے انشاء اللہ آئندہ بھی کرتے رہیں گے؛ بھوک ہڑتالی کیمپ میں موجود صوبہ بھر کے اساتذہ سے تقریر کرتیہوئے مزید کہا کہ پی پی پی ملازمین کیحقوق کی خیال دار وانکے مراعات وتنخواہوں میں اضافے کی ہمیشہ خواہاں رہی ہے۔ اپنے دور حکومت میں اضافہ کیا۔ اس مرتبہ بھی وفاقی اور پی پی پی سندھ حکومت نے ملازمین اچھا ریلیف دیا، سردارزادہ فیصل خان جمالی نیکہاکہ اساتذہ کرام قوم کیمعمار ہیں۔ بھوک ہڑتالی اساتذہ کی طبیعت ناساز ہے جس پر افسوس ہوتا ہے حکومت بلوچستان سیمطالبہ کرتیہیں کہ وہ جی ٹی اے بلوچستان کے اساتذہ کے تمام مطالبات کو تسلیم کرکے حکم نامہ کی اجراء کی جائے، خدانخواستہ بھوک ہڑتالی اساتذہ کیڑ اب طبیعت کی وجہ سے کوئی سانحہ نہ ہو جس کی ذمہ داری بہر حال حکومت بلوچستان پہ عائد ہوگی۔

**بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہ کی حالت دن بدن خراب تر ہوتی جارہی ہے۔ حکومت اپنی آئینی وقومی فریضہ پوری کرتے ہوئے غیر مشروط طور پر جونیئر کیڈر اساتذہ کی اپ گریڈیشن کی نوٹیفیکیشن جاری کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے اساتذہ اپنے جائز مطالبات پر سراپہ احتجاج ہیں۔ حالانکہ دیگر صوبوں نے اپنے اساتذہ کو اگلے گریڈ کب سے اپ گریڈ کیا ہوا ہے۔ صدر جی ٹی اے نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے اعلان کردہ بجٹ اجلاس کے مطابق بلوچستان کے سرکاری ملازمین کو 35 فی صد رننگ بیسک تنخواہوں پر دیا جائے، میڈیکل اور ہاوس رینٹ میں سو فیصد اضافہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مہنگائی نے ملازم پیشہ طبقے کو شدید متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے تمام اساتذہ کرام اپنے خوشحال مستقبل کی خاطر 19 جون کے جی ٹی اے بی کی مرکزی احتجاجی کال کے مطابق کوئٹہ پہنچ کر اساتذہ تحریک کو مضبوط کریں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت گھر بیٹھنے کا نہیں ہے، حکمران طبقہ نے ملازم پیشہ طبقہ کو نان شبینہ کا محتاج بنایا ہے، یہ وقت اتحاد واتفاق کا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 19 جون بجٹ اجلاس کے موقع پر تمام اساتذہ قائد گورنمنٹ ٹیچرز ایسوی ایشن بلوچستان حاجی حبیب الرحمان مردانزئی کی قیادت میں اپنے بنیادی حقوق کے بحالی اور اپ گریڈیشن کی نوٹیفکیشن کے اجرا کے لئے تاریخی احتجاج کرنے کے لیے نکل پڑے ہیں تمام اساتذہ بھرپور شرکت کرکے اپنے جائز حقوق کے لئے اتحاد کا ثبوت دیں۔

**بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

سے کہنا پڑتا ہے کہ سندھ حکومت عقل کے ناخن لیں اسطرح کی حرکتوں سے باز آئے جماعت اسلامی اپنے حقوق دووٹرز کی حفاظت جانتی ہے ان کا کہنا ہے کہ جب تک وطن عزیز کے اندر لاقانونیت ظلم وستم کا راج ہوگا ملک بھر میں امن وامان ومہنگائی کرپشن اوراقربا پروری بیروزگاری عام ہوگی۔

**بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کے ذریعے امیدواروں سے تحریری ٹیسٹ لیا جارہا ہے تا کہ حقدار امیدواروں کو روزگار فراہم ہو سکے جس کی جانچ پڑتال کے لیے وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کو بھی مقرر کیا گیا ہے جو تمام تر تفصیلات مجموعہ کررہی ہے حکومت بلوچستان کا میرٹ کی بنیادوں پر روزگار فراہم کرکے سرکاری دفاترز میں اسٹاف اور اساتذہ کی کمی کو پورا کررہی ہے بعدازاں ڈپٹی کمشنر فیاض علی اسسٹنٹ کمشنر ماچھی پور عبدالکریم لگٹی کے ہمراہ عوامی شکایات پر نادرا آفس کا بھی دورہ کیا اے ڈی نادرا آفس سے ملاقات کی شناختی کارڈ کے حصول میں درپیش مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کی ڈپٹی کمشنر نے نادرا افسر اور دیگر عملے کو ہدایت دیں کہ عوام کی شکایت دور کی جائیں دور دراز علاقوں سے شناختی کارڈ کے حصول کے لیے آنے والے افراد کی مشکلات کو مدنظر رکھ کر فوری اقدامات کیے جائیں تا کہ عوام کو کسی بھی مشکلات سے دو چار نہ ہونا پڑے۔

**بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

خیر مقدم کرتے ہوئے اور توقع ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاکر ژوب عوام کیمسائل کو حل کرنے کے لیے اقدامات کریں گے

**بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

بیانی نہیں کی ہے آج ہمارے اکابرین پر تاریخ اس لیے فخر کرتا ہے کہ انہوں نے کبھی دوکشتیوں کی سواری نہیں کی اپنا سیاسی موقف واشگاف انداز میں واضع رکھا اس لیے نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں انہیں عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا دو ہزار اٹھارہ کی ٹھپہ ماری کے ذریعے وجود میں آنے والی اسمبلیاں مصنوعی نمائندوں اور مصنوعی قیادت نے نہ صرف اسلام آباد میں بلوچ سیاست کو بے توقیر کیا بلکہ بلوچستان کی تباہی کی 2013 سے قبل سلگتے آگ میں گرا ہوا بلوچستان ڈاکٹر مالک بلوچ نے سنبھال کر امن قائم کی سیاسی مذاکرات کا آغاز کرکے پرامن بلوچستان کے مستقل قیام کی طرف گامزن ہوا اب ایک بار بلوچستان کے امن کو تہس نہس کیا گیا کرپشن و کمیشن عروج پہ ہے ساحل وسائل کے تحفظ کے نام پر نوکریوں کی سرعام بولیاں ہیں اگر 2023 میں بھی دو ہزار اٹھارہ کے تلخ تجربہ کو دہرا کر ٹھپہ مافیا کے ذریعے مصنوعی قیادت لائی گئی تو بلوچستان مزید تباہی کی جانب گامزن ہوگا اور اگر شفاف انتخابات کا انعقاد ہوا تو نیشنل پارٹی عوامی قوت کے ساتھ آکر بلوچستان کو موجودہ بدترین صورتحال سے نکالے گا کیونکہ نیشنل پارٹی کے پاس وژن اور ایماندار قیادت ہے جو بلوچستان کے بنیادی مسائل سے حقیقی طور پر واقف ہے اور لفاظی کے بجائے عملی طور پر کردار ادا کرنے پہ یقین رکھتی ہے رحمت صالح بلوچ نے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں حقیقی سیاسی نظریاتی منظم سیاسی جماعت کی ضرورت ہے جو بلوچستان کے مظلوم طبقات اور محکوم اقوام کی حقیقی نمائندگی کرسکے نیشنل پارٹی کی قیادت میں یہ اہلیت ہے کہ وہ یہ خلا پر کرسکتا ہے اور عوام کی سیاسی شعوری بنیادوں پر صف بندی کررہی ہے اس موقع پر بسم اللہ خان بارکزئی حاجی نادر خان بارکزئی محمد ایوب بہادر خان سلام الدین جان محمد قادر حاجی محمد ولی سید محمد اللہ یار محمد عبداللہ حاجی اختر بارکزئی حاجی باز محمد احمد نواز علی اصغر حسین بخش عبدالحق عبدالباری لالا بخش اعجاز بلال محمد علی حمزہ مشتاق عمر غلام علی غازی خان الطاف فیروز غلام عباس غلام نبی یاسر سلطان وحید احمد نواز احمد شاہوانی غلام فاروق لہڑی منظور احمد محمد حسنی قربان علی محمد حسنی تنویر محمد حسنی توقیر احمد محمد حسنی شیراز احمد محمد حسنی بشیر خان بنگلزئی فرمان سالانی سمیت درجنوں سیاسی کارکنوں نے اپنے سینکڑوں ساتھیوں سمیت بی این پی مینگل اور پشتونخواہ ملی عوامی پارٹی و دیگر سیاسی جماعتوں سے مستعفی ہوکر نیشنل پارٹی میں شامل ہوگئے۔

**بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ڈھکن نہ ہونے سے سول ہسپتال روڈ جہاں بدبو سے متاثر ہیں وہاں کھلے ہول سے بچوں کے گرنے سمیت موٹر سائیکلوں سوار گرنے کا خدشہ ہے۔ میونسپل کمیٹی کو بار بار کہنے اور نشاندہی پر جوں تک نہیں رینگ رہی میونسپل کمیٹی کے چیئرمین اور دیگر وائس چیئرمین سمیت وارڈ کے کونسلر بھی کھلے ہول کو ڈھکن لگانے کے لئے کوئی اقدام نہیں کر رہے اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے اور ضلعی ہسپتال روڈ کا دورہ کرنے کی اپیل کی ہے۔

**بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہ نے اپنے ایک اخباری بیان میں کیا انہوں نے اللہ ورایا لاسی المعروف اے ڈبلیو لاسی کی علمی ادبی اور سماجی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ موصوف نے نہ صرف موندرہ برادری بلکہ لسبیلہ کی دیگر مقامی برادریوں کے نوجوانوں میں تعلیمی سماجی اور ادبی شعور کی بیداری جو عملی خدمات سرانجام دی ہیں وہ قابل تعریف ہیں طفیل طاہر موندرہ نے مزید کہا کہ ضلع حب اور ضلع لسبیلہ کی موندرہ برادری کو اے ڈبلیو لاسی جیسی علمی ادبی اور سماجی شخصیت پر فخر ہے اور ایسی علمی وسماجی جذبے سے سرشار شخصیات قوموں کا عظیم سرمایہ اور قیمتی اثاثہ ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری دعا ہے اللہ رب العزت اللہ ورایا لاسی المعروف اے ڈبلیو لاسی کو عمر دراز اور خدمات کو جاری رکھنے کی مزید توفیق عطا فرمائے موصوف لسبیلہ اور ضلع حب کے نوجوانوں کیلئے ایک سایہ دار گھنے شجر کی مانند ہیں

**بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

تین اور بچوں سمیت 572 سے زائد مریضوں کا فری چیک اپ کیا اور انکو مفت ادویات بھی فراہم کردی گئی۔ فری میڈیکل کیمپ میں ملیریا ٹیسٹ، شوگر ٹیسٹ بلڈ پریشر سمیت بچوں کو حفاظتی ویکسین بھی لگائی جارہی ہے۔ اس موقع پر ونگ کمانڈر 78 ونگ لیفٹیننٹ کرنل وسیم گل و دیگر آفیسران نے فری میڈیکل کیمپ کا دورہ کرتے ہوئے کہا کہ ایف سی بلوچستان سرحدوں کی دفاع کے ساتھ ساتھ عوام کی خدمت کے لیے ہرممکن اقدامات اٹھا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ دوردراز کے علاقوں میں طبی سہولتوں کی عدم موجودگی کے باعث فری میڈیکل کیمپوں سے عوام بھرپور استفادہ حاصل کررہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مستونگ کے دوردراز کے علاقوں کے عوام کا غربت کی وجہ سے پرائیوٹ ہسپتالوں تک علاج کے لئے جانا انتہائی مشکل کام ہے اس لیے ایف سی کی جانب سے مستونگ کے مختلف علاقوں میں فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ دریں اثناء ونگ کمانڈر نے میڈیا کے نمائندوں کو فری میڈیکل کیمپس کا تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ اس سے قبل پہلا فری میڈیکل کیمپ مورخہ 12 جون 2023 کو مستونگ کے علاقے بشام کا تنک میں لگایا گیا جس میں 618 مریضوں کی معائنہ اور انکوفری ادویات فراہم کی گئی دوسرا کیمپ مستونگ کے علاقے شیرین آب میں لگایا گیا جس میں 348 مریضوں کی معائنہ اور انکوفری ادویات فراہم کی گئی اور آج ہمارا تیسرا کیمپ مستونگ کے علاقے کھڈکوچہ میں جاری ہے۔ جس میں اب تک 572 مریضوں کا معائنہ اور انکوفری ادویات فراہم کی گئی ہے۔ اس موقع پر مستونگ کھڈکوچہ میں فری میڈیکل کیمپ کے انعقاد پر عمائدین اور اہل علاقہ نے ایف سی بلوچستان (نارتھ) چلتن رائفلز 78 ونگ کی کاوشوں سراہا اور انکا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے مزید فری میڈیکل کیمپ لگائے جائے تا کہ دیہی علاقوں کے عوام کو صحت کے حوالے سے درپیش مسائل اور مشکلات میں کمی ہو سکے۔

**بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

پولیس تھانہ کنراج کا دورہ کیا۔ تھانہ میں تعینات آفیسران اور ملازمین پولیس سے ملاقات کی اس کیعلاوہ پولیس تھانہ کی عمارت کا معائنہ بھی کیا۔ بعد از معائنہ ایس ایس پی لسبیلہ نے کہا کہ عمارت کے مختلف ایریاز کو مرمت اور توجہ کی ضرورت ہے تا کہ عملہ تھانہ اپنا کام مناسب طریقہ سے کرے اور تھانہ کی بہتر حفاظت ممکن ہو سکے۔ عمارت تھانہ کی چھت کے مختلف حصے کمزور پائے گئے جو بارش کے دوران بارش کے پانی کے اخراج کا باعث بن سکتے ہیں علاوہ ازیں عمارت کے اندر کے مختلف حصوں میں فرش اور باہر سے دیواروں کو پلستر، واش رومز، باتھ رومز پانی کی سہولیات جیسے کام کی بھی ضرورت ہے۔ ایس ایس پی لسبیلہ محمد ایوب اچکزئی نے مزید کہا کہ تھانہ کنراج کے ایریا میں دودر (Dudda) پروجیکٹ واقع ہے جس میں چائینز غیر ملکی کام کر رہے ہیں اس وجہ سے تھانہ کنراج کو بہت ہی اہمیت حاصل ہے۔ میری کوشش ہیکہ میں اپنے آفیسران اور ملازمان پولیس کو محدود وسائل میں مناسب سہولیات فراہم کرسکوں۔

**بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہوگیا، تصادم کے دوران ڈنڈوں اور اینٹوں کا آزادانہ استعمال کیا گیا جس کے نتیجے میں اعجاز علی، محراب علی، پرویز احمد اور عبدالرحیم زخمی ہوگئے، اطلاع پر پولیس نے پہنچ کر زخمیوں کو سول اسپتال منتقل کیا تاہم آخری اطلاعات تک واقع کا مقدمہ درج نہیں ہوسکا تھا۔

**بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ت کے دفتر کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹ مینیجر پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ نے انہیں دفتر کے مختلف شعبوں کا معائنہ کروایا۔ اس موقع پر پی پی ایچ آئی قلات کی کارکردگی اور صحت کی بنیادی سہولیات سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کو پی پی ایچ آئی کے ادویات اسٹور کا تفصیلی دورہ بھی کروایا اور ادویات سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر قلات نے اس امید کا اظہار کیا کہ پی پی ایچ آئی بلوچستان بالعموم اور پی پی ایچ آئی قلات بالخصوص عوامی خدمت کا سلسلہ ایسے ہی جاری رکھے گا۔ منیر احمد درانی نے کہا کہ علاقے کے لوگوں کو صحت کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ضلعی انتظامیہ قلات پی پی ایچ آئی سے ہرممکن تعاون جاری رکھے گا۔

**بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

یٹ کرائیم اور چوریوں نے عوام کا جینا دوبھر کردیا ہے اغواؤں کی وارداتیں بڑھ گئی ہیں، جے یو آئی کے ضلعی امیر ڈاکٹر اے جی انصاری کے مدرسے سے چوری ہوئی ہے لیکن پولیس خاموش تماشائی ہے انہوں نے مطالبہ کیا کہ مغویوں کو بازیاب، ڈاکٹر اے انصاری کے مدرسے کے چوری کے ملزمان کو گرفتار کرکے قانون کے حوالے کیا جائے۔

**بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ندرہ برادری حب کی نوجوان شخصیت طفیل طاہر موندرہ نے اپنے ایک اخباری بیان میں کیا انہوں نے اللہ ورایا لاسی المعروف اے ڈبلیو لاسی کی علمی ادبی اور سماجی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ موصوف نے نہ صرف موندرہ برادری بلکہ لسبیلہ کی دیگر مقامی برادریوں کے نوجوانوں میں تعلیمی سماجی اور ادبی شعور کی بیداری جو عملی خدمات سرانجام دی ہیں وہ قابل تعریف ہیں طفیل طاہر موندرہ نے مزید کہا کہ ضلع حب اور ضلع لسبیلہ کی موندرہ برادری کو اے ڈبلیو لاسی جیسی علمی ادبی اور سماجی شخصیت پر فخر ہے اور ایسی علمی وسماجی جذبے سے سرشار شخصیات قوموں کا عظیم سرمایہ اور قیمتی اثاثہ ہیں انہوں نے کہا کہ ہماری دعا ہے اللہ رب العزت اللہ ورایا لاسی المعروف اے ڈبلیو لاسی کو عمر دراز اور خدمات کو جاری رکھنے کی مزید توفیق عطا فرمائے موصوف لسبیلہ اور ضلع حب کے نوجوانوں کیلئے ایک سایہ دار گھنے شجر کی مانند ہیں

**بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

شیڈنگ اور بلا جواز بندش نے عوام کا جینا حرام کر رکھا ہے 24 گھنٹے میں 20 گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی ہے باقی اوقات میں بھی بجلی نہ ہونے کے برابر ہے۔ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے بازار گھروں کے ساتھ ساتھ تعلیمی ادارے بھی بہت متاثر ہیں لوگ گرمی کی وجہ سے مختلف بیماریوں کے شکار ہو رہے ہیں لیکن نمائندگان تماشائی کا مظاہرہ پیش کررہے ہیں جمعیت علما اسلام پنجگور کے جنرل سیکرٹری حاجی عبدالعزیز بلوچ نے کہا کہ جمعیت علما اسلام کے رکن سازی کا عمل محرم الحرام سے شروع ہوگا رکن سازی مہم چلانے کے لیے ایک کانفرنس رکھا جائے تا کہ جمعیت علما اسلام کا کوئی بھی ساتھی رکنیت سازی کے عمل سے رہ نہ جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایک پارٹی ہائے روز شور کر رہی ہے کہ جمعیت علما اسلام پنجگور سے فلاں فلاں آدمی نے پارٹی چھوڑ دیا ہے لیکن ساتھی ان جھوٹی افواہوں پر یقین نہ کریں کیونکہ سوائے ایک فیلی کے جو واقعتاً جمعیت علما اسلام کے نظریاتی کارکن رہے ہیں باقی کسی نے جمعیت سے علیحدگی کا اعلان نہیں کیا ہے جن کا نام لیا جارہا ہے ان کا جمعیت علما اسلام سے دور کا بھی واسطہ نہیں رہا ہے۔ جمعیت علما اسلام کے سینیئر نائب امیر حاجی عطاءاللہ بلوچ نے کہا کہ لوگ جمعیت علما اسلام میں آنے کیلئے تیار ہیں ضلعی کابینہ، تحصیل کابینہ اور جے ٹی آئی کابینہ دعوتی دورہ کریں ڈورٹو ڈور جمعیت علما اسلام کے پیغام کو عوام تک پہنچائیں بلدیاتی الیکشن میں ان شااللہ ہمیں اور اتحادیوں کو کامیابی حاصل ہوگی حضرت مولانا علی احمد نے بیان کرتے ہوئے کہا کہ جمعیت علما اسلام کے کارکنان نظریاتی کارکن ہیں قائد ملت اسلامیہ حضرت مولانا فضل الرحمان صاحب نے ہمیشہ کفر و الحاد کا مقابلہ کیا ہے اور جمعیت کے کارکنان نے ہمیشہ قائد کے حکم پر لبیک کہا ہے ان شااللہ جیت ہمیشہ حق کی ہوگی۔ اجلاس سے جمعیت علما اسلام پنجگور کے امیر حافظ محمد اعظم بلوچ، جنرل سیکرٹری حاجی عبدالعزیز بلوچ، سینیئر نائب امیر حاجی عطاءاللہ بلوچ، سرپرست مولانا علی احمد، مولانا سعداللہ، مولانا محمد الیاس ولی، محترم یاسر مراد، حافظ سہیل الرحمن قلندرانی اور دیگر ساتھیوں نے خطاب کیے آخر جمعیت علما اسلام پنجگور کے امیر حضرت مولانا حافظ محمد اعظم بلوچ نے آخر میں فیصلہ سناتے ہوئے کہا کہ عید کے بعد سینئر ساتھیوں کا ایک اجلاس طلب کیا جائے گا جس میں علما کنونشن کیلئے تاریخ مقرر ہوگا۔

**بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

زیر غور آئے۔ وفد میں جمال شاہ کاکڑ، سردار یعقوب ناصر، آغا شاہ زیب درانی، عامر افضل مندوخیل، چوہدری نعیم، نصیرا چکزئی اور ظہیر خان کاکڑ شامل تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی ترقی بلوچستان کی ترقی سے مشروط ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت ترجیحی بنیادوں پر بلوچستان میں سی پیک کے ترقیاتی منصوبوں پر کام کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بلوچستان کا اصل اثاثہ باصلاحیت بلوچ نوجوان ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت اور لیپ ٹاپس فراہم کرے گی۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی مشاورت کی گئی ۔ملاقات میں آئندہ مالی سال کے بجٹ میں بلوچستان کے لئے خصوصی منصوبے شامل کرنے پر وفد نے وزیراعظم سے اظہار تشکر کیا

**بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کا فضل ہے ہم طوفان کی تباہ کاریوں سے بچ گئے ہیں۔ ایک انٹرویو میں شیری رحمان نے کہا کہ اللہ کا فضل ہے ہم طوفان کی تباہ کاریوں سے بچ گئے ہیں، میٹنگ میں غور ہوگا کہ متاثرین کو واپس علاقوں میں کیسے پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سجاول میں متاثرین کی واپسی میں شاید کچھ وقت لگ جائے، آبادی اتنی بڑھ گئی ہے کہاں کہاں ہم پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ سجاول میں لوگوں کے پاس ذریعہ معاش کافی حد تک متاثر ہوا ہے، متاثرہ علاقوں سے 8، 9 ہزار مویشیوں کو بھی منتقل کیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بحیرہ عرب میں پر جوائے ماضی کے دیگر طوفانوں سے طویل رہا جب کہ سمندروں میں درجہ حرارت بڑھنا بھی طوفانوں کی ایک وجہ ہے۔

**بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

نسداد دہشتگردی پولیس نے گرفتار کیا تھا جنہیں اب ستمبر تک ضمانت پر رہا کیا گیا ہے۔ برطانوی سیکورٹی ذرائع کے مطابق دہشتگردی کے شبہ میں یوٹیوبر عادل راجہ کو 13 جون کو گرفتار کیا، عادل راجہ کی گرفتاری لندن سے نہیں بلکہ چشم سیہوئی، ملزم کی گرفتاری کا میٹروپولیٹن یا اسکاٹ لینڈ یارڈ سے تعلق نہیں، عادل راجہ کو انسداد دہشتگردی پولیس نے ٹیررازم ایکٹ 2000 کی شق 59 کے تحت گرفتار کیا۔ ذرائع کے مطابق یوٹیوبر عادل راجہ نے پولیس کو بیان دیا کہ ان کا دہشتگردی کے کسی عمل سے کوئی تعلق نہیں۔ انسداد دہشتگردی پولیس برطانیہ نے تصدیق کی کہ یوٹیوبر عادل راجہ کو ستمبر تک ضمانت پر رہا کیا گیا ہے۔ دوسری جانب نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کاؤنٹر ٹیرر پولیسنگ ساؤتھ ایسٹ نے بتایا کہ عادل راجہ کو کاؤنٹر ٹیرر پولیس ساؤتھ ایسٹ انگلینڈ کے افسران نے گرفتار کیا

**بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

نے کہا ہے کہ آئندہ الیکشن میں ن لیگ بھاری اکثریت لیکر ملک کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرے گی، ن لیگ کا تنظیمی ڈھانچہ مکمل ہو چکا ہے۔ وہ جمعہ کو پاکستان مسلم لیگ ن کے جنرل کونسل اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ جب مجھے پارٹی کے جنرل سیکرٹری کا عہدہ ملا تو پہلی ترجیح میں تمام صوبوں میں مسلم لیگ ن کے عہدوں کو مکمل کیا، ڈویژن کی سطح پر فعال لوگوں کو لیکر آئے۔ آج تنظیمی لحاظ سے مسلم لیگ ن کا تنظیمی ڈھانچہ مکمل ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایک مرتبہ پھر مسلم لیگ ن کو پارلیمانی قوت میں بدلنا ہے، آئندہ الیکشن میں ن لیگ بھاری اکثریت لیکر ملک کو ترقی کی شاہراہ پر گامزن کرے گی۔ انہوں نے دو قرار دادیں بھی پیش کیں، اجلاس نے صدر مسلم لیگ ن کو یہ اختیار دیا ہے کہ وہ باقی عہدوں پر خود تقرری کر سکے، اسکا اختیار [illegible] دیتے ہیں جس پر تمام لوگوں نے ہاتھ اٹھا کر اس کی تائید کی۔

**بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ن کی یہ ذمہ داری تصور کرتا ہے کہ وہ ایمانداری، منصفانہ انداز اور قانون کے مطابق انتخابات کرائے اور اس کا انعقاد کرے۔ اس حوالے سے کہا گیا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کو آئین اور الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعات کے تحت انتظامی اور فعال خود مختاری حاصل ہے جو کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کی اپنی بنیادی ذمہ داری کو پورا کرنے کے حوالے سے کمیشن کو سہولت فراہم کرتی ہے۔ اس نے کہا کہ کمیشن کو مزید مضبوط بنانے کے لیے الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 57 (1) اور 58 (1) میں ترامیم کی ضرورت ہے تا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کو عام انتخابات کے لیے اپنے طور پر انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کرنے کی اجازت دی جائے۔ ترامیم میں کہا گیا کہ سیکشن 57 (1) کے تحت کمیشن عام انتخابات کی تاریخ یا تاریخوں کا اعلان سرکاری گزٹ میں نوٹی فکیشن کے ذریعے کرے گا اور حلقوں سے اپنے نمائندوں کا انتخاب کرنے کا مطالبہ کرے گا۔ سیکشن 58 کے تحت سیکشن 57 میں موجود کسی بھی چیز کے علاوہ کمیشن اس دفعہ کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت نوٹی فکیشن کے اجرا کے بعد کسی بھی وقت الیکشن کے مختلف مراحل کے لیے اس نوٹی فکیشن میں اعلان کردہ انتخابی پروگرام میں ایسی تبدیلیاں کر سکتا ہے یا جاری کرسکتا ہے یا اس ایکٹ کے مقاصد کے لیے ایک نیا انتخابی پروگرام جس میں رائے شماری کی تازہ تاریخ (تاریخوں) کے ساتھ تحریری طور پر ریکارڈ کیا جانا ضروری ہے۔

**بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ڈیفالٹ کے دہانے پر تھا، مشکل ترین حالات کے باوجود اسحاق ڈار نے پاکستان کی معیشت کو چلایا، اقتدار جانے پر نوازشریف نے کبھی امریکا سے مدد نہیں مانگی، جوایماندار داری کے بھاشن دیتا تھا وہ کرپشن میں لتھڑا پڑا ہے۔ جمعہ کو پاکستان مسلم لیگ (ن) کے جنرل کونسل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ نوازشریف یہاں بیٹھے ہر شخص کے دل میں بستے ہیں

**بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

اقدامات پر سوالات اٹھائے ہیں جبکہ ریٹنگ ایجنسیوں نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان کے پاس آئی ایم ایف بیل آوٹ پیکیج پر قائل کرنے کے لیے وقت ختم ہو رہا ہے۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ میں بریفنگ دیتے ہوئے اسحٰق ڈار نے کہا کہ چین سے ایک ارب ڈالر آجائیں گے، چین کو جو ہم نے قرض واپس کیا وہ دوبارہ مل رہا ہے، چین کے ساتھ اس معاملے پر بات چیت مکمل ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینک آف چائنا کے ساتھ بھی 30 کروڑ ڈالرز سے متعلق بات چیت چل رہی ہے، چین کے سواپ معاہدے کے تحت بھی ڈالرز آئیں گے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ بجٹ اسٹریٹجی پیپر میں تاخیر آئی ایم ایف کے ساتھ بات چیت میں تاخیر کی وجہ سے ہوئی، بجٹ میں آئی ٹی سیکٹر اور ایس ایم ایز پر توجہ دی گئی۔

**بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ہی ہے، وفاقی حکومت صوبائی حکومت کے ساتھ مل بیٹھ کر اس معاملے کا جائزہ لے گی جبکہ پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے سندھ کے سیلاب زدگان کی بحالی کے لیے 100 ارب روپے کا وعدہ پورا کریں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں سید غلام مصطفیٰ شاہ کی طرف سے اٹھائے گئے نکات کے جواب میں وزیر مملکت برائے خزانہ عائشہ غوث پاشا نے کہا کہ انہوں نے یہ بات نوٹ کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب زدگان کی بحالی کے حوالے سے پی ڈی ایم اے کام کررہی ہے، یہ صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے تاہم پھر بھی ہم صوبائی حکومت کے ساتھ مل بیٹھ کر اس معاملے کا جائزہ لیں گے۔ قبل ازیں سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اپنی بجٹ تقریر میں کہا کہ اتحادی حکومت کے شراکت دار ہیں، وزیراعظم نے سیلاب زدگان کے لیے 100 ارب روپے کا اعلان کیا تھا، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے لوگوں کی روزمرہ گزر بسر کے لئے رقم دی جاتی ہے، زیراعظم کی اعلان کردہ رقم سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے تھی، یہ وعدہ پورا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے مسائل حل کرنے کے لئے بجٹ میں رقم مختص کی جانی چاہیے تھی، یہ طے ہوا تھا کہ سندھ کی صوبائی حکومت اور وفاقی حکومت باہمی اشتراک سے یہ مسائل حل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ حکومت اپنی اتحادی جماعت کی آواز سنے گی۔

**بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ب انتخابات اور ریویو اینڈ ججمنٹس ایکٹ سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے اپنے دلائل میں عدالت کو بتایا کہ ہائی کورٹ سے سپریم کورٹ تک فریقین کو اپنا کیس پیش کرنے کا پورا موقع ملتا ہے، یہی وجہ ہے کہ سپریم کورٹ نے نظرثانی کا دائرہ کار محدود رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آرٹیکل 184/3 کے تحت سپریم کورٹ براہ راست مقدمہ سنتی ہے،

**بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

خشکی سے ٹکرانے کا عمل مکمل کرلیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے جاری کردہ بیان کے مطابق شمال مشرقی بحیرہ عرب میں انتہائی شدید سمندری طوفان بائپر جوائے نے بھارتی گجرات کے ساحل (جکھاؤ بندرگاہ) اور ملحقہ پاک۔ بھارت سرحد کو کیٹی بندر سے 135 کلومیٹر، ٹھٹھہ سے 160 کلومیٹر اور کراچی سے 220 کلومیٹر کے فاصلے پر عبور کیا۔ ایڈوائزری میں بتایا گیا کہ طوفان کے باعث زمین پر ہواؤں کی رفتار 100 سے 130 کلومیٹر تک ہوسکتی ہے جبکہ شمال مشرقی بحیرہ عرب میں سمندری صورتحال 10-15 فٹ بلند لہروں کے ساتھ اب بھی ناہموار ہے۔ وزیر موسمیاتی تبدیلی شیری رحمٰن نے ایک ٹوئٹر پیغام میں کہا کہ بائپر جوائے نے بھارتی گجرات میں خشکی سے ٹکرانے کا عمل مکمل کیا، پاکستان تیار تھا لیکن بڑی حد تک محفوظ رہا۔ انہوں نے بتایا کہ سندھ کے ساحلی علاقے جیسے سجاول سطح سمندر بلند ہونے کی وجہ سے ڈوب گیا تھا لیکن زیادہ تر افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے انسانی جانوں کو محفوظ بنانے میں تعاون کرنے والے تمام شراکت داروں کا شکریہ ادا کیا۔ ایک ٹوئٹ میں نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے سمندری طوفان بائپر جوائے کے حوالے سے بتایا کہ طوفان کے کمزور ہوکر پہلے سائیکلونک طوفان اور پھر آج شام تک ڈپریشن (ہوا کے دباؤ) میں تبدیل ہونے کی توقع ہے۔ ایک اور ٹوئٹ میں این ڈی ایم اے نے بتایا کہ سمندری طوفان کے ممکنہ اثرات کے زیراثر آنے والے ساحلی علاقوں ٹھٹہ، سجاول، بدین، تھرپارکر، میرپور خاص اور عمرکوٹ کے اضلاع میں 17 جون تک تیز ہواؤں کے ساتھ شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے گزشتہ 24 گھنٹوں میں ہونے والی بارش کی مقدار کے اعداد و شمار بھی جاری کیے جن کے مطابق سب سے زیادہ بارش بلوچستان کے ضلع بارکھان میں 45 ملی لیٹر اور ژوب میں 10 ملی میٹر بارش ہوئی۔ سندھ کے ضلع مٹھی میں 41 ملی میٹر، ٹھٹھ میں 29 ملی میٹر، ڈیپلو میں 29 ملی میٹر، نگرپارکر اور کلوئی میں 16 ملی میٹر، بدین اور شہید بینظیر آباد میں 10، 10 ملی میٹر بارش ہوئی۔

**بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

بجٹ کی تیاری میں تاخیر کی وجہ سے بجٹ اجلاس کے شیڈول تبدیل کردیا گیا ہے۔ سیکرٹری اسمبلی کے اعلامیے میں کہا گیا کہ گورنر بلوچستان نے صوبائی اسمبلی کا بجٹ اجلاس آج کے بجائے 19 جون کو شام چار بجے طلب کیا ہے۔ ذرائع محکمہ خزانہ کے مطابق بلوچستان کے آئندہ مالی سال کے بجٹ کا حجم 700 ارب روپے تک ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ آئندہ مالی سال کے بجٹ میں آمدنی کا تخمینہ 529 ارب 32 کروڑ روپے ہے جب کہ بجٹ کا خسارہ 150 ارب سے زائد ہونیکا امکان ہے، ترقیاتی بجٹ 200 ارب روپے کے لگ بھگ ہوسکتا ہے جب کہ بجٹ میں 5 ہزار سے زائد ملازمتیں فراہم کرنے، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 30 فیصد اضافیکی تجویز کی گئی ہے۔ دوسری جانب اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر جان محمد جمالی نے آئندہ مالی سال کے وفاقی بجٹ پر دلچسپ تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس بجٹ سے لنڈے کے کاروبار کرنے والوں کو فائدہ ہوگا کیونکہ جوتے، موزے سمیت ان اشیا پر رعایت دی گئی ہے جن کا تعلق لنڈے کے کاروبار سے ہے لہٰذا اب لوگوں کو لنڈے کا کاروبار کرنا چاہیے۔

**بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کہا کہ یہ حکومت کے سفارتکاری اور خارجہ پالیسی میں غیر ذمہ دارانہ رویہ کی عکاسی کرتا ہے، ان کے اسی بددیانت طرز عمل سے پاکستان مشکل وقت سے گزر رہا ہے۔

**بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ساتھ دشمنی کی راہ پر گامزن ہے، ہماری فضائی حدود پر اب بھی امریکا قابض ہے، پاکستان اور افغانستان کے درمیان ڈیورنڈ لائن سرحد ایک لکیر ہے، افغان سرزمین دنیا کے کسی ملک کے خلاف استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ افغان میڈیا کو انٹرویو میں ملا محمد یعقوب مجاہد نے کہا کہ ہم امریکا سے چاہتے ہیں کہ افغانستان ایک آزاد ملک ہے، اسے ثقافتی، سیاسی اور اقتصادی شعبوں میں اپنی آزادی ہونی چاہیے، انہیں اسے قابو میں رکھنے یا اس پر اپنے مقاصد مسلط کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری کے بعض مطالبات اسلامی شریعت اور افغانستان کی ثقافت کے خلاف ہیں جو کہ امارت اسلامیہ کے لیے قابل قبول نہیں ہیں اور اسلامی قوانین کے خلاف مطالبات کو ملک میں کبھی بھی قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی فضائی حدود اب بھی امریکا کے قبضے میں ہے۔ سرحدی تنازعات کے بارے میں انہوں نے کہا کہ کبھی کبھی ایسا ہوا ہے کہ بعض سرحدوں پر افغانوں نے عام لوگوں پر گولیاں چلائیں اور وہ جاں بحق ہو گئے، یہ معاملات پاکستان، ایران اور دوسرے ممالک کے ساتھ بھی ہوئے ہیں۔ ہماری سیکورٹی فورسز اور ان کے درمیان تناؤ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری نگران حکومت اپنے ہمسایہ ممالک سمیت تمام ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کی خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغان سرزمین دنیا کے کسی ملک کیخلاف استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان ڈیورنڈ لائن سرحد ایک لکیر ہے اور اس حوالے سے اتنا ہی کہنا کافی ہے، اس فرضی لکیر کے حوالے سے ہم تب بات کریں گے جب عوام چاہے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگر کالعدم ٹی ٹی پی افغانستان میں ہے تو پھر وہ سرحد پر چوکیوں پر حملے کرے وہ کیسے ملک کے اندر دور اسلام آباد جیسے بڑے شہروں پر حملے کررہے ہیں؟ وہ خود نہیں روک سکتے تو ہم پر الزام کیوں لگاتے ہیں، ہم کسی کے مخالفین کو یہاں نہیں رکھنا چاہتے، آزاد اور آباد افغانستان پاکستان کے مفاد میں ہے۔

**بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

بجٹ ہے، اس بجٹ میں سود کے خلاف کوئی اقدام نظر نہیں آرہا ہے، پیش کردہ بجٹ مفروضوں پر مشتمل ہے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پاکستان چلے گا، پاکستان کی معیشت چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ایٹمی اثاثے کو کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، پاکستان کے ایٹمی اثاثے محفوظ ہاتھوں میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ذمہ دار ملک ہے، دفاع سمیت ہر شعبہ پر گہری نظر ہے، پاکستان کے اثاثوں کی جانب اٹھنے والے ہاتھوں سے سختی سے نمٹا جائے گا، وفاقی کابینہ کفایت شعاری کے اقدامات پر عمل پیرا ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر رانا مقبول احمد نے کہا کہ حکومت نے عوام دوست بجٹ پیش کیا ہے، شمسی توانائی کے منصوبے لگانے کے لئے فنڈ مختص کئے گئے ہیں، مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں کو مفت لیپ ٹاپ فراہم کئے جارہے ہیں۔ سینیٹر رانا مقبول نے کہا کہ ایوان بالا کے تمام اختیارات اور اجتماعی دانش کو بروئے کار لانا چاہیے، جب حکومت میں آئے تو تباہ حال معیشت ورثہ میں ملی، ماضی کی حکومت نے بےنظیر بھٹو پروگرام کا نام بدل دیا جو کہ مناسب نہیں تھا، شمسی توانائی کے منصوبے لگانے کے لئے فنڈ مختص کئے گئے، مستحق اور باصلاحیت نوجوانوں کو مفت لیپ ٹاپ فراہم کئے جارہے ہیں۔ سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے لئے بجٹ میں اضافہ کیا جائے، سود کا خاتمہ کیا جائے، زکواۃ اور عشر کے نظام کو لاگو کیا جائے، پاکستان کو آئی ایم ایف کے چنگل سے نکالنا ہوگا، وہ پاکستان کو دیوالیہ کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ سینیٹر مشاہد حسین سید نے چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کو دورہ روس پر مبارکباد دی اور کہا کہ اس سے پاکستان اور روس کے درمیان تعلقات مزید مستحکم ہوں گے۔ انہوں نے الیکشن ایکٹ میں ترمیم کے بل کی منظوری کو بھی خوش آئند قرار دیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان الحق صدیقی نے کہا کہ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ چیئرمین سینیٹ نے روس کا دورہ کیا اور پارلیمنٹ میں اردو میں خطاب کیا، یہ قابل تعریف اقدام ہے، یہ اچھی روایت ہے، ایوان بالا کی کارروائی بھی اردو میں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نااہلی کی مدت ختم ہونے کا قانون کسی فرد واحد کے لئے نہیں لیکن ہماری تاریخ فرد واحد کے خلاف فیصلوں سے بھری پڑی ہے، آئین میں ترمیم ایوان کا اختیار ہے، عوام کے پاس جانا ہر شخص کا بنیادی حق ہے، کسی کو تاحیات نااہل قرار دینا قانون میں نہیں لکھا۔ پی ٹی آئی نے نیب ترامیم کی مخالفت کی اور ان کے پارٹی قائد نے ان ترامیم سے فائدہ اٹھایا، نواز شریف کو بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نااہل قرار دیا گیا۔ بعدازاں سینٹ کا اجلاس پیر کی سہ پہر تین بجے تک ملتوی کردیا گیا۔

**بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ریت، خوشحالی کیلئے جہد جاری رکھیں گے ممبر سازی اور تنظیم سازی میں ذمہ داران کارکنوں کی بھرپور شرکت کو یقینی بنائیں نو منتخب ضلعی الیکشن کمیشن کو مبارکباد پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی الیکشن کمیشن کے چیئرمین عبیداللہ عابد صوبائی سیکرٹری شاہ اللہ کاکڑ مرکزی نائب صدر ملک عثمان اچکزئی صوبائی الیکشن کمیشن کے ارکان ملک محراب خان کاکڑ انور خان مندوخیل ولی داد میانی ضلعی صدر خان محمد کاکڑ جنرل سیکرٹری جمیل پیر علیزئی تحصیل۔ گلستان صدر محب اللہ کاکڑ نے گلستان کلی عبدالرحمٰن زئی میں تحصیل صدر حاجی محب اللہ کاکڑ کی رہائش گاہ پر اے این پی ضلع قلعہ عبداللہ کے ضلعی مجلس عاملہ کے اجلاس کے شرکا سے خطاب کے دوران کیا اجلاس زیر صدارت ضلعی صدر خان محمد کاکڑ منعقد ہوا جس میں صوبائی الیکشن کمیشن کے ارکان نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں اتفاق رائے سے پانچ رکنی الیکشن کمیشن تشکیل دیا گیا جس کے چیئرمین ملک حنیف اچکزئی سیکرٹری حسین شاہ زرک ارکان میں محب اللہ پیر علیزئی جمال الدین کاکڑ جہانگیر شاہ کاکڑ شامل ہیں مقررین نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی کو ملک بھر میں یہ کریڈٹ جاتا ہے کہ وہ نہ صرف ملک کے اندر جمہوریت اور جمہوری اداروں کے مضبوطی کیلئے ایک طویل صبر آزما جدوجہد رکھتا ہے بلکہ اپنی پارٹی کے اندر بھی جمہوری رویوں کو اپنائے ہوئے ہیں بنیادی یونٹ سے لیکر مرکز تک تمام ادارے اور تنظیمیں جمہوری طریقہ کار کے مطابق سر انجام پاتے ہیں انہوں نے ضلعی الیکشن کمیشن کے ارکان کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ صاف شفاف ممبر سازی اور بعدازاں تنظیم سازی کے عمل کو بروقت سرانجام دینگے۔

**بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ضلع کچھی (بولان) میں واقع پنجرہ پل تک تقریبا 115 کلومیٹر فاصلہ پیدل طے کررہے ہیں اور اس سفر میں اب تک انہیں تین دن لگ چکے ہیں۔ تحریک جوانان پاکستان کے رہنما سحر گل خلجی نے بتایا کہ پنجرہ پل تک پہنچنے میں ایک سے دو دن مزید لگ جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ سے بابر خان تحیک کی سربراہی میں 10 سے زائد نوجوانوں پر مشتمل گروپ نے مجبور ہوکر یہ احتجاج ریکارڈ کرانے کا فیصلہ کیا۔ سخت گرمی میں پیدل چلتے ہوئے شرکا کے پاؤں میں چھالے پڑچکے ہیں۔ پنجرہ پل این 65 قومی شاہراہ پر واقع ہے جو کوئٹہ کو ضلع کچھی، سبی، نصیر آباد، جعفر آباد کے ساتھ ساتھ سندھ کے شہر سکھر کو ملاتی ہے

**بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

رکمران میڈیکل کالج میں تعلیمی سال 2022-2023 کے لیے ہر میڈیکل کالج کے لئے 11 اضافی نشستوں کے حساب سے 33 سیٹوں کے اضافے کی درخواست کی گئی ہے جس کی سفارش صوبائی کابینہ نے کی ہے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ صوبائی کابینہ میں ہونے والے فیصلے کے مطابق پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل لورالائی میڈیکل کالج، جھالاوان میڈیکل کالج اور مکران میڈیکل کالج میں تعلیمی سال 2022-23 کے لیے 33 اضافی سیٹوں کی گرانٹ کی منظوری کو سراہا جائے گا۔

**بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ڈاون مزید تیز کردیا گیا کسٹم انٹیلی جنس نے گزشتہ دس دنوں کے دوران ملک گیر کارروائیوں کے دوران 303 ملین مالیت کے اسمگل شدہ سگریٹ قبضے میں لے لئے سب سے بڑی کارروائی بلوچستان میں کی گئی جہاں کسٹم انٹیلی جنس نے 114.2 ملین روپے مالیت کے غیر ملکی برانڈ کے 4,280,000 سگریٹس ضبط کئے جبکہ صوبہ سندھ میں آٹھ کارروائیوں کے نتیجے میں 69.7 ملین روپے مالیت کے اعلی برانڈز کی 1,420,700 سگریٹس ضبط کی گئیں اسی طرح پنجاب میں انٹیلی جنس پرمبنی کارروائیوں کے دوران کسٹمز انٹیلی جنس کی ٹیم نے اسمگل شدہ 1,924,000 سگریٹس برآمد کیں جن کی مالیت 75.3 ہے اسی طرح کے پی کے کسٹمز انٹیلی جنس نے 43.9 ملین روپے مالیت کے 1,155,000 اسمگل شدہ سگریٹس پکڑی ہیں۔ مجموعی طور پر گزشتہ دس دنوں کے دوران کسٹمز انٹیلی جنس نے اسمگل شدہ 8,149,700 سگریٹس ضبط کی ہیں جن کی مالیت 303 ملین ہے اس سے موجودہ مالی سال 2022-2023 کسٹم انٹیلی جنس کے ذریعے اسمگل سگریٹس کی ضبطی کی کل تعداد 33,994,850 تک پہنچ گئی ہے۔ جس کی مالیت 1324 ملین ہے چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد اور ڈائریکٹر جنرل کسٹم انٹیلی جنس فیض احمد چدھڑ نے کسٹمز انٹیلی جنس کوئٹہ، کراچی، ملتان، گوادر، حیدرآباد، لاہور، راولپنڈی اور پشاور کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس امر کا اظہار کیا کہ انسانی وسائل اور لاجسٹکس کی کمی کے باوجود کسٹمز انٹیلی جنس بالعموم اسمگلنگ کے تدارک اور بالخصوص اسمگل شدہ سگریٹ کی اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے موثر طریقے سے کوششیں کررہی ہے۔

**بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

سب سے زیادہ سگریٹ بلوچستان میں پکڑے گئے۔ جہاں کسٹمز انٹیلیجنس نے غیر ملکی برانڈز کے 4,280,000 سگریٹ ضبط کئے گئے جن کی مالیت 114.2 ملین روپے ہے۔ صوبہ سندھ میں آٹھ کارروائیوں کے نتیجے میں اعلی برانڈز کے 1,420,700 سگریٹ ضبط کئے گئے جن کی مالیت 69 ملین روپے ہے۔ اس طرح سے پنجاب میں انٹیلیجنس کی بنیاد پر کی جانے والی کارروائیوں میں کسٹمز انٹیلیجنس ٹیم نے 1,294,000 سمگل شدہ سگریٹ پکڑے جن کی مالیت 75.3 ملین روپے ہے۔ صوبہ خیبر پختونخوا میں کسٹمز انٹیلیجنس نے 1,155,000 سمگل شدہ سگریٹ پکڑے جن کی مالیت 43.9 ملین روپے ہے۔ مجموعی طور پر گذشتہ دس دنوں میں کسٹمز انٹیلیجنس نے 8,149,700 سمگل شدہ سگریٹ ضبط کئے جن کی مالیت 303 ملین روپے ہے۔ رواں مالی سال 2022-23 کے دوران کسٹمز انٹیلیجنس نے 33,994,850 سمگل شدہ سگریٹ ضبط کئے جن کی مالیت 1324 ملین روپے ہے۔ چیئرمین ایف بی آر عاصم احمد اور ڈائریکٹر جنرل کسٹمز انٹیلیجنس فیض احمد چدھڑ نے کسٹمز انٹیلیجنس کوئٹہ، کراچی، ملتان، گوادر، حیدرآباد، لاہور، راولپنڈی اور پشاور کی غیر قانونی سگریٹ سمگلنگ کے خلاف بروقت کارروائیوں پر ان کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ محدود انسانی وسائل اور لاجسٹکس کے باوجود کسٹمز انٹیلیجنس سمگلنگ کی لعنت خاص طور پر سگریٹ کی سمگلنگ کے خاتمہ کے لئے مسلسل کوششیں کررہی ہے۔

**بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

میں سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کو 22 جون کو طلب کرلیا۔ نیب کی جانب سے جاری نوٹس میں بشریٰ بی بی کو القادر ٹرسٹ سے متعلقہ دستاویزات ہمراہ لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بشریٰ بی بی کو اس سے قبل 13 جون کو بھی طلب کیا گیا تھا مگر وہ پیش نہیں ہوئی تھیں۔ نیب کی جانب سے سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان کو بھی 19 جون کو نیب راولپنڈی میں طلب کیا گیا ہے۔ انہیں بھی اس سے قبل 6 جون کو طلب کیا گیا تھا مگر وہ پیش نہیں ہوئے تھے۔

**بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر محمد عرفان کا تبادلہ کر کے انہیں سیکشن آفیسر ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ جبکہ کیپٹن (ر) اویس احمد چوہدری کو اسسٹنٹ کمشنر مچھ تعینات کردیا گیا ہے۔

**بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

عتبار سے کان کن ہیں 43 دن قبل تقریبا 900 فٹ گہری کان میں پھنس گئے تھے اور تاحال نکل نہیں پائے ہیں۔ عبدالبصیر کہتے ہیں کہ جارمئی کو پھنسنے والے ان کے بھائی اور چچازاد کے غم اور تڑپ نے سب کچھ بھلا دیا ہے۔ وہ تو زمین کے اندر پھنسے ہیں مگر ہمیں یہاں زمین کے اوپر بھی چین وسکون نہیں ہے۔ کہیں بھی آرام نہیں۔ جارمئی کی دوپہر دکی کے علاقے معراج میں تیز بارش کے ساتھ ژالہ باری بھی ہوئی تھی

**بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ڈی ایس پی نور محمد بڑیچ کے خلاف غفلت برتنے پر محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے نور محمد بڑیچ کو ڈی ایس پی سے انسپکٹر کے عہدے پر تنزلی دے دی گئی تحقیقاتی کمیٹی کے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ بارکھان متاثرین کی ویڈیو وائرل ہونے پر ڈی آئی جی پولیس لورالائی کی جانب سے نور بڑیچ کو کارروائی کی ہدایت کی گئی، ڈی ایس پی نور محمد بڑیچ نے واقعہ کو حقائق کے منافی قرار دے کر کوئی کارروائی نہ کی، ڈی ایس پی نور محمد بڑیچ نے واقعہ کی ایف آئی آر اور لاشوں کا پوسٹ مارٹم بھی نہیں کروایا نور محمد بڑیچ کی جانب سے غفلت برتنے پر محکمانہ کارروائی کی سفارش کی گئی، نور محمد بڑیچ کو ڈی ایس پی کے عہدے سے تنزلی دے کر انسپکٹر پولیس بحال کیا جاتا ہے۔

**بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

اور چیف میونسپل کمیٹی الٰہی بخش بلوچ کی تعاون سے ہیوی مشینریز کی مدد سے اور ماڑہ پیڈی زر کے مقام پر بحیرہ عرب سے آنے والی دو لاشوں کو بکسا سمیت آر ایچ سی اور ماڑہ منتقل کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق لاشیں بحرہ عرب میں ڈوبنے والی کشتی الحاکی لانچ کے کلاسیوں کی ہیں جن کے ورثا سے باقاعدہ رابطہ ہو چکا ہے۔ لاشیں جس بکسے سے برآمد ہوئی ہیں اس میں لاشوں سمیت پانی کا ایک بوتل، کچھ انسانی کپڑے، پایپ، ایک ایرانی اے ٹی ایم کارڈ جس پر نام عبدالحکیم لکھا ہوا ہے اور کچھ دیگر چیزیں بھی برآمد ہوئی ہیں۔ واضح رہے مشکوک بکسے پہ چاروں اطراف سرخ رنگ سے Help بھی لکھا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق پولیس اور ماڑہ پولیس کو ورثا سے رابطے کے بعد انکی رضامندی سے لاشوں کو اور ماڑہ قبرستان دفنایا جائے گا

**بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ان اور آواران میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش اور چند مقامات پر ژالہ باری کا بھی امکان ہے کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا زیارت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا قلات میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا پشین میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا گوادر میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا سبی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 41 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

**بقیہ 44 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ اس انسٹیٹیوٹ کا افتتاح میرے نانا ذوالفقار علی بھٹو نے کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کو درپیش مسائل کے حل کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا، پاکستان تمام ہمسایوں کے ساتھ اچھے تعلقات چاہتا ہے، پاکستان کے سعودی عرب، یو اے ای اور ترکیہ سے مثالی تعلقات ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ لڑائی کے بجائے مذاکرات کسی بھی مسئلے کا بہتر حل ہے، ہم روس اور یوکرین میں مسائل کا پرامن حل چاہتے ہیں۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے خوراک سمیت دیگر چیلنجز کا سامنا ہے، چین پاکستان کا بہترین دوست اور اسٹریٹجک پارٹنر ہے، سی پیک چین پاکستان دوستی کا بہترین عکاس ہے۔

**بقیہ 45 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کو زدوکوب کرکے دھمکانے کی پرزور مذمت کرتے ہیں۔ آئے روز سرکاری ہسپتالوں میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں اور ہسپتال کے عملے پر لواحقین کی طرف گالم گلوچ اور لڑائیوں کے واقعات بڑھ رہے ہیں جس کی وجہ سے ڈاکٹروں کو اپنی ڈیوٹی سرانجام دینے میں مشکلات درپیش ہیں۔ سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کے فقدان کا خمیازہ ہمیشہ ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کو بھگتنا پڑتا ہے، سرکاری ہسپتالوں میں مشنری کی خریداری کیلئے منظور شدہ 07 ارب روپے جس میں 03 ارب روپے ینگ ڈاکٹرز ایسوی ایشن بلوچستان کے احتجاج کی بدولت منظور ہوئے، حکومتی نااہلی کے باعث 07 ارب کی خطیر رقم استعمال ہونے کے بجائے سرینڈر ہوکر ضائع ہوگئے ہیں، حکومتی نالائقی کے سبب سرکاری ہسپتالوں میں سرنج تک ناپائید ہو چکی ہے جس کا ملبہ ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں اور دیگر اسٹاف کو اٹھانا پڑتا ہے، حکومت وقت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈاکٹروں کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات کیے جائیں، سرکاری ہسپتالوں میں سیکیورٹی کے مسئلے کو فی الفور حل کیا جائے اور سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کے فقدان پر نوٹس لے کر ادویات اور مشنری کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، حکومت نے ڈاکٹروں کے تحفظ اور سرکاری ہسپتالوں میں سہولیات کی فراہمی کو یقینی نہ بنایا تو سخت احتجاج کا راستہ اپنایا جائے گا، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی۔

**بقیہ 46 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ن کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ غلام اظفر مہیسر ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کیپٹن ر زوہیب محسن کی خصوصی ہدایت پر پولیس تھانہ قائد آباد کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 38/23 بجرم 302 ت پ میں مطلوب ملزمہ گل بی بی کو گرفتار کرلیا جس نے اپنے شوہر عبدالرحمن شاہ کو قتل کیا تھا۔ پولیس کے مطابق پولیس تھانہ انڈسٹریل کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 26/23 بجرم 381 اے میں مفرور ملزم محمد انور کو گرفتار کرلیا جبکہ پولیس تھانہ صدر کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے قمار بازی کرنے والے 18 ملزمان کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی 56 ہزار روپے برآمد کرکے ملزمان کیخلاف مقدمہ درج تفتیش شروع کردی گئی ہے

**بقیہ 47 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

کراچی۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو 2 جون کو 1 بجے نیب راولپنڈی میں طلب کیا ہے، انہیں کیس سے متعلق دستاویزات ہمراہ لانے کا کہا گیا ہے۔ نیب کے نوٹس کے مطابق چیئرمین پی ٹی آئی کو بطور وزیراعظم 108 تحائف ملے، انہوں نے 5 تحائف حاصل کیے جو توشہ خانہ میں جمع نہیں کروائے گئے۔

**بقیہ 48 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

ڈاکٹر رضوان تاج کی ارسال کردہ دو الگ الگ مراسلوں میں لورالائی میڈیکل کالج، جھالاوان میڈیکل کالج اور مکران میڈیکل کالج میں تعلیمی سال 2022-2023 کے لیے ہر میڈیکل کالج کے لئے 11 اضافی نشستوں کے حساب سے 33 سیٹوں کے اضافے کی درخواست کی گئی ہے جس کی سفارش صوبائی کابینہ نے کی ہے مراسلے میں کہا گیا ہے کہ صوبائی کابینہ میں ہونے والے فیصلے کے مطابق پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل لورالائی میڈیکل کالج، جھالاوان میڈیکل کالج اور مکران میڈیکل کالج میں تعلیمی سال 2022-23 کے لیے 33 اضافی سیٹوں کی گرانٹ کی منظوری کو سراہا جائے گا۔

**بقیہ 49 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

نہ صرف میرے قائد بلکہ اپوزیشن کے تمام قائدین کو سرخرو کیا ہے۔ [illegible]

**بقیہ 50 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن [illegible]

**بقیہ 51 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

[illegible]

**بقیہ 52 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

[illegible]

**بقیہ 53 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ**

[illegible]

# ہرنائی سنجاوی روڈ کی تعمیر سے علاقہ ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا، مولانا واسع

وفاقی حکومت نے ملک کو بحرانوں سے نکالنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے، وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس

وفاقی پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے مختلف اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے اربوں روپے مختص کررہے ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ... (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

# ہرنائی تا سنجاوی میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھائینگے، نور محمد دمڑ

کوئٹہ کچ موڑ تا ہرنائی اور ہرنائی تا سنجاوی روڈ پی ایس ڈی پی 2020-2021 میں منظور ہوا ہمارے منظور شدہ منصوبوں پر سیاست نہ چمکائے

وفاقی وزیر کا ہرنائی کچ موڑ کے حوالے سے بیان سورج کو انگلی سے چھپانے کے مترادف ہے

کوئٹہ (پ ر) ... 2020/2021 ... (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

## 9 مئی واقعات، گرفتار ملزمان کی شناخت پریڈ 48 گھنٹے میں مکمل کرنے کی ہدایت

ہر انسان کو عزت، آزادی اور تحفظ کے ساتھ جینے کا حق حاصل ہے

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

## برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) ... (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

## حکومت نصیر آباد کے مسائل کو سنجیدگی کے ساتھ حل کریگی، عائشہ زہری

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

## استاد کا پیشہ معاشرے میں بڑی اہمیت اور عزت کا حامل ہے، ڈاکٹر شفیق الرحمان

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

## گوادر یونیورسٹی

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

## بارڈر ٹریڈ سے منسلک اشیاء پر چھاپے قابل مذمت ہے، پشتونخوا عوامی پارٹی

صوبے کے سرحدی علاقوں کے تجارتی کراسنگ پوائنٹس اور بارڈر کو مضبوط بنایا جائے

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

## سندھ، مشرقی بلوچستان، پنجاب، خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان میں بارش کا امکان

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

# بلوچستان میں امن وامان کے حالات بہترین ہیں، ضیاء لانگو

ملک بھر سے کاروباریوں کو بھی دعوت دیتا ہوں کہ بلوچستان میں اسطرح کے ڈیپارٹمنٹل اسٹور کھلیں، صوبائی وزیر داخلہ

امتیاز ڈیپارٹمنٹل اسٹور کی آمد سے بلوچستان کے 500 لوگوں کو روزگار ملا امتیاز ڈیپارٹمنٹل اسٹور جدید طرز پر بنایا گیا ہے

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 47)

## کھمبوں کی شفٹنگ کے باعث بجلی مختلف علاقوں میں بند رہے گی

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 45)

## مارکیٹ کمیٹی کوئٹہ کے غریب ملازمین کو مستقل کیا جائے، عبدالستار مینگل

(صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

## نوید درانی کی بلاول بھٹو زرداری کے ترجمان ذوالفقار علی بدر سے ٹیلیفونک رابطہ

بلوچستان نوید درانی کی پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ترجمان ذوالفقار علی بدر سے ٹیلیفونک رابطہ، گفتگو میں انہوں نے موجودہ گفتگو میں قومی مسائل، معاشی پالیسیوں، سماجی بہبود کے اقدامات اور گورننس اصلاحات پر پی پی کے موقف پر توجہ مرکوز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

## ایک مرتبہ پھر شہر کے مختلف ایریاز کو پینے کے پانی کی سپلائی معطل ہوگئی

چار ایریاز کو پینے کے پانی کی سپلائی معطل ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق حسن آباد کے مقام سے وندر شہر کو سپلائی کرنے والی مین (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

## وبائی امراض وقدرتی بیماریوں کی تشخیص کر کے ان کا علاج کرنا ایک بہترین عمل ہے، ڈپٹی کمشنر خضدار

اور دشوار گزار مواصلاتی نظام کے باوجود خضدار کے پیرامیڈیکس اسٹاف عوام کو علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کررہے ہیں۔ جس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 44)

محافظ ہیں جو دن رات بغیر کسی خوف سے باقی فورسز کی طرح بہترین علاج کے ذریعے قوم کی حفاظت کرتے ہیں وبائی امراض وقدرتی بیماریوں کی تشخیص

ضلع کوئٹہ کے دوروں سلسلے میں ابتدائی دورہ کلی شیخان یونٹ کے زیر اہتمام منعقدہ پروگرام سے ضلعی کنوینر عزیز الحق درویش (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 46)

## شیخ زید ہسپتال ہمارے لئے ایک اثاثہ ہے، غلام نبی مری

بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی وضلعی عہدیداروں اور رہنماؤں کا شیخ زید ہسپتال کوئٹہ کا دورہ

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی وضلعی عہدیداروں اور رہنماؤں نے شیخ زید ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا۔ ہسپتال کے مختلف شعبوں صحت صفائی اور دیگر مسائل کا جائزہ لیا گیا جس کی قیادت بی این پی ضلع کوئٹہ کے صدر سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری، سی ای سی ممبر چیئرمین جاوید بلوچ، جمیلہ بلوچ، سابق صدر میر غلام رسول مینگل میر کاول خان مر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 43)

# بلوچستان بجٹ مثالی اور عوام کی امنگوں کا آئینہ دار ہوگا، ثمینہ ممتاز

آئندہ مالی سال بجٹ برائے 2023-24 بجٹ بناتے وقت ہر طبقے کی مشکلات کو ملحوظ خاطر رکھا جائے گا نچلے طبقے کے لئے خصوصی پیکجز کا اعلان کیا جائے

بلوچستان حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی، بلوچستان حکومت نے صوبہ کو بحرانوں سے نکال کر ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کردیا ہے

کوئٹہ (پ ر) مرکزی نائب صدر بلوچستان عوامی پارٹی سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے صوبہ کو مشکل حالات سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کردیا ہے۔ عبدالقدوس بزنجو حکومت نے تمام تر مشکلات کے باوجود صوبائی بجٹ برائے مالی سال 2023-24 کی تیاری میں ہر علاقے کے لئے برابری کی بنیاد پر بجٹ مختص کیا ہے جس سے بلوچستان بھر میں ترقیاتی کاموں اور وسائل کی دستیابی میں اہم پیشرفت ہوگی۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے مزید کہا کہ مجوزہ بجٹ عوام دوست ہوگا اور یہ بجٹ حقیقی معنوں میں بلوچستان کے عوام کی امنگوں کا آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 39)

## بے روزگار ویٹرنری ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کا اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ

حکومت بلوچستان بے روزگار ویٹرنری ڈاکٹروں کیلئے روزگار کے مواقع فراہم کیا جائے، مظاہرین

کوئٹہ (پ ر) بے روزگار ویٹرنری ڈاکٹرز ایسوسی ایشن کی جانب سے اپنے مطالبات کے حق میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے ایسوسی ایشن کے صدر ڈاکٹر جاوید زہری، ڈاکٹر دوست عالم اور دیگر نے کہا ہے کہ لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ اس وقت تین ونگ میں تقسیم ہو چکا ہے ہر ونگ الگ الگ خدمات سرانجا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 42)

# شہر میں برائیوں کو بااثر افراد کی سرپرستی حاصل ہے، عبدالرحمن رفیق

فحاشی، منشیات، اور شراب کے اڈوں کو فوری بند دیکھنا چاہتے ہیں، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ

دوسروں کے بچوں کو منشیات کی لعنت میں دھکیلنے والے اپنے بچوں کو منشیات سے دور اور تعلیم یافتہ دیکھنا چاہتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ رہنماؤں نے کہا کہ شہر میں برائیوں کو بااثر افراد کی سرپرستی حاصل ہے، دوسروں کے بچوں کو منشیات کی لعنت میں دھکیلنے والے اپنے بچوں کو منشیات سے دور اور تعلیم یافتہ دیکھنا چاہتے ہیں، فحاشی، منشیات، اور شراب کے اڈوں کو فوری بند دیکھنا چاہتے ہیں، بتایا جائے کہ کوئٹہ شہر میں برائیوں کی قیمت وصول کرنے والے سماج دشمن ٹھیکیدار کون اور ان کو کس کی آشیر باد حاصل ہے اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ صوبائی دارالحکومت میں فحاشی عریانی، منشیات فروشی اور مے فروشی کے اڈوں کا قلع قمع کرنے کے لیے ہر سطح پر موثر آواز بلند کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

قلات، ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کو ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی مجیب بلوچ محکمے کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

## جناح اسپتال کراچی سے اغوا ہونے والی نومولود بچی تاحال بازیاب نہ ہوسکی

بیلا (یو این اے) جناح اسپتال کراچی سے اغوا ہونے والی نومولود بچی تاحال بازیاب نہ ہوسکی سات روز گزر چکے بچی کی بازیابی میں سندھ حکومت ناکامی قابل مذمت اور تشویش ناک ہے 10 جون کو اسپتال سے اسماعیل مری کی اغوا ہونے والی نومولود بچی سی ٹی وی کیمرہ کی فو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 40)

## انتخابات براہ راست ہوں تو ہی شفاف کہلائیں گے، فائق شاہ

مسائل زیادہ اور تمام سیاسی جماعتوں نے مسائل حل کرنے میں غفلت برتی ہے، چیئرمین اے ٹی پی

کوئٹہ (پ ر) امن ترقی پارٹی کے چیئرمین محمد فائق شاہ نے کراچی جیسے بڑے شہر میں میئر کے انتخابات براہ راست نہ کرانے کی مذمت کی اور کہا ہے کہ کراچی میئر کا انتخاب متنازعہ اور ہارس ٹریڈنگ کے الزامات سے بھرا پڑا ہے، غیر شفاف اور منصفانہ طریقہ انتخاب براہ راست منتخب ہونے میں ہے، تمام سیاسی جماعتیں خصوصاً پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم، تحریک انصاف، اے این (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 41)

## قلعہ سیف اللہ، ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں گائنی شعبہ میں تعینات اسٹاف مریضوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے لگے

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں گائنی شعبہ میں تعینات اسٹاف مریضوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں دور دراز سے آئے خواتین سے بچے کی پیدائش پر ہزاروں روپے مانگتے ہیں مگر حکام خوب خرگوش کی نیند سورہے ہیں گائنی شعبے میں تعینات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے اراکین اپنے مطالبات کے حق میں تادم مرگ بھوک ہڑتال کررہے ہیں

## ڈپٹی کمشنر اوستا محمد محمد اعجاز سرور کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد

ضلعی انتظامیہ اس بابت حکام بالا کو بلفور آگاہی فراہم کرے گی کیونکہ یہاں کے لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے

اوستا محمد (خ ن) کیرتھر کینال میں پانی کی قلت کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر اوستا محمد محمد اعجاز سرور کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں محکمہ اریگیشن کے آفیسران اور ضلع اوستا محمد کے زمیندار شریک تھے اجلاس میں زمینداروں نے سندھ حکومت کی جانب سے کیرتھر کینال میں بلوچستان کے اپنے جائز حصے سے بھی کم پانی کی فراہمی کے حوالے سے آگاہی فر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 36)

## پنجگور ٹرانسمیشن لائن کے گرے ہوئے ٹاورز کی تنصیب اور بحالی کا کام جاری ہے، کیسکو

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ شدید طوفانی ہواؤں کے باعث 132Kv ہوشاب پنجگور ٹرانسمیشن لائن کے گرے ہوئے 3 ٹاورز کی مرمت وبحالی کا کام جاری ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ چیف ایگزیکٹو آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 37)

## جیکب آباد دشمنی بنا پر مسلح افراد کی فائرنگ سے دو بھائیوں سمیت 3 افراد قتل

جیکب آباد (پ ر) جیکب آباد میں دیرینہ دشمنی بنا پر مسلح افراد کی فائرنگ سے دو بھائیوں سمیت 3 افراد قتل۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے صدر تھانہ کی حدود گاؤں بچل ٹالانی میں نامعلوم افراد نے حملہ کر کے فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں دو بھائیوں غلام قادر ٹالانی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

## تحریک انصاف اس ملک کی سب سے بڑی نظریاتی جماعت ہے، رحیم کاکڑ

دشمن کو پہچاننے کا وقت میں آخری دم تک عمران خان کے ساتھ کھڑا رہوں گا

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف ضلع کوئٹہ کے صدر سابق میئر رحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف اس ملک کی سب سے بڑی نظریاتی جماعت ہے اور اپنی اصول پر قائم ہے لفظ پاکستان پر کسی قسم کی کوئی سودا بازی نہیں ہوگی عمران خان کی ایمانداری دیکھ کر مسلم لیگ (ن) کی رفاقت چھوڑ کر اس مشکل وقت میں تحریک انصاف کے چیئرمین کی قیادت میں شامل ہوا ہوں کوئی غلط (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

# صوبائی حکومت کا اساتذہ کرام کے ساتھ حوصلہ شکنی ہے، فضل قادر

پاکستان بھر میں بیوروکریسی کو زندگی کی تمام بنیادی سہولیات میسر ہیں لیکن اساتذہ کرام کو نہیں، بیان

ژوب (پ ر) بلوچستان میں تعلیم کی پسماندگی کا اصل وجہ صوبائی حکومت کا اساتذہ کرام کے ساتھ حوصلہ شکنی ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے اسلام ف کے صوبائی رہنما خادم انسانیت حاجی فضل قادر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ کئی دنوں سے اساتذہ کرام اپنے جائز مطالبات کے حصول کے لیے تادم مرگ بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں لیکن (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 38)

## سیسا بلوچستان لورالائی کے ممبران کا اجلاس منعقد

لورالائی (پ ر) سیسا بلوچستان ضلع لورالائی کے ساتھیوں نے سیسا بلوچستان کے مرکزی قائدین کا پرتپاک استقبال کے لئے لائحہ عمل طے کرنے اور سیسا بلوچستان ضلع لورالائی کے انتخابات کے انتظامات کے لئے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی سکول لورالائی میں سیسا بلو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 34)

# وڈھ میں قبائل کا پارہ ہائی ہوگیا

اہم قبائلی گرینڈ جرگہ، بڑے پیمانے پر قبائلی عمائدین کی شرکت

وڈھ (نامہ نگار) وڈھ میں قبائل کا پارہ ہائی ہوگیا، اہم قبائلی گرینڈ جرگہ، بڑے پیمانے پر قبائلی عمائدین کی شرکت، قومی پرستی کی آڑ لیکر وڈھ میں کشت وخون کو فروغ دینے گھروں کو ویران خاندانوں کو اجاڑنے والوں کے آگے اب قبائل از خود سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن جائیں گے اس طرز کی ہر سازش اور حربے کو ناکام بنانے کی سکت رکھتے ہیں اور ایسا اقدام اٹھانے پر مجبور ہوجائیں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 35)

وڈھ، خضدار، وڈھ باڑی میں منعقدہ گرینڈ جرگہ سے قبائلی عمائدین خطاب کررہے ہیں

## کشتیوں وشپ بریکنگ یارڈ میں چوریوں میں اضافہ

گڈانی (یو این اے) گڈانی شہر میں متعدد کباڑیوں کی دکانوں وپھیری والوں کی موجودگی کی وجہ سے گھروں اور کشتیوں وشپ بریکنگ یارڈ میں چوریوں میں اضافہ گھروں کے برتن سولر بجلی کے کیبل بیٹری ودیگر اشیا غیر محفوظ آئے روز لوگوں کی قیمتی گھریلو سامان چوری ہو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

## جوبلی لائف انشورنس نے اسپیشل اولمپکس ورلڈ گیمز میں حصہ لینے والے پاکستانی دستے کو الوداع کردیا

کمپنی مختلف اقدامات کی معاونت کرکے معاشرے میں تنوع کی مزید قبولیت کے سلسلے میں کام کرنے کے لئے کوشاں ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان میں نجی شعبہ کی سب سے بڑی انشورنس کمپنی، جوبلی لائف انشورنس نے برلن میں اسپیشل اولمپک ورلڈ گیمز 2023 میں حصہ لینے کے لئے پاکستانی وفد کو الوداع کیا ہے۔ اس موقع پر اسپیشل اولمپکس پاکستان کی چیئرپرسن رونق لاکھانی نے کراچی میں اسپیشل ایتھلیٹس کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا اہتمام کیا اور معاشرے میں ہر طرح کے لوگوں کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

## سرکاری ہسپتالوں اور ڈاکٹروں کی غفلت کے باعث میری بہن اپنی جان گواہ بیٹھی ہے، عبدالخالق

ڈاکٹرز سرکاری ہسپتالوں میں اپنے فرائض سرانجام دینے کے بجائے اپنے کاروبار کو چمکانے میں مصروف ہیں

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے آرٹسٹ عبد الخالق نے کہا ہے کہ ڈاکٹرز سرکاری ہسپتالوں میں اپنے فرائض سرانجام دینے کے بجائے اپنے کاروبار کو چمکانے میں مصروف ہیں، سرکاری ہسپتالوں اور ڈاکٹروں کی غفلت کے باعث میری بہن اپنی جان گواہ بیٹھی ہے، حکومت کی جانب سے ہسپتالوں میں سہولیات کی فراہمی کے لئے فنڈز تو فراہم کئے جاتے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 32)

## محکمہ صحت سبی میں ٹیکنیکل پوسٹوں پر پہلا حق ڈپلومہ ہولڈر پیرامیڈکس کا ہے، عبدالجبار رجک

سبی (یو این اے) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن سبی کی ضلعی کابینہ نے محکمہ صحت سبی میں ریکروٹمنٹ کمیٹی کی جانب سے ٹیکنیکل آسامیوں پر ڈپلومہ ہولڈر پیرامیڈکس کو ترجیح نہ دینے اور ان کی تقرری پر سنجیدگی نہ دکھانے پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اگر ڈپلومہ ہولڈر پیرامیڈکس کو تر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 33)

## پنجگور: علاقہ مکینوں کا بجلی منقطع کرنے اور کیسکو کی بدمعاشی کے خلاف روڈ بند کرکے احتجاج

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے علاقہ یونین کونسل وازی بونستان کے علاقہ مکینوں کا بجلی منقطع کرنے اور کیسکو کی بدمعاشی کے خلاف سی پیک روڈ کو سرسانڈ کے مقام پر احتجاجاً بند کردیا اور شدید احتجاج کیا روڈ بندش سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی گوادر تربت کوئٹہ جانے والے چھوٹے بڑے مسافر ومال بردار گاڑ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

## اسلم بھوتانی اپنے خلاف مقدمات کا سامنا کرنے سے کترا رہے ہیں، اکبر زہری کے وکلا

رکن قومی اسمبلی کے خلاف حب کی عدالتوں میں ہتک عزت اور کرمنل لا کے تحت مقدمات درج کر رکھے ہیں

حب (یو این اے) اسلم بھوتانی اپنے خلاف مقدمات کا سامنا کرنے سے کترا رہے ہیں ان کے پتے پر بار بار نوٹس بھیجے گئے لیکن انہوں نے وصول نہیں کئے یہ بات کول سٹی کے مالک اکبر زہری کے وکلا نے حب کی عدالت کے باہر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہی واضح رہے کہ کول سٹی کے مالکان نے لسبیلہ وگوادر سے رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی کے خلاف (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

## خاران، چیف ایگزیکٹو کیسکو بلوچستان انجینئر عبدالکریم جمالی کی زیر صدارت اجلاس منعقد

کیسکو خاران کے ماہ جون کے ریکوری کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں تمام فیڈرز کے حوالے سے بریفنگ دی

خاران (پ ر) چیف ایگزیکٹو کیسکو بلوچستان انجینئر عبدالکریم جمالی اور ایس ای خضدار سرکل انجینئر کرم بخش بادینی کے ہدایت پر ایگزیکٹو انجینئر کیسکو نوشکی ڈویژن قاضی نوید احمد کے زیر صدارت خاران سب ڈویژن کیسکو آفس میں جون کے ریکوری مہم کے سلسلے میں اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں کیسکو خاران کے ماہ جون کے ریکوری کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں تمام فیڈر انچارج شر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 31)

## گھریلو ملازمین مزدوری نہیں غلامی کی جدید شکل ہے، عبدالستار

قانون سازی کے ذریعے گھریلو ملازمین کے استحصال کا خاتمہ کرنا ہوگا: تقریب سے خطاب

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل عبدالستار نے کہا ہے کہ پاکستان میں بڑی تعداد میں گھریلو ملازمین موجود ہیں جو تنخواہ، کام کے اوقات کار، ورکنگ کنڈیشن، سازگار، محفوظ اور صحت مند ماحول سمیت دیگر بے پناہ مسائل کا شکار ہیں جبکہ ای او بی آئی (اولڈ ایج بینیفٹ) اور سوشل سکیورٹی سے بھی محروم ہیں، افسوس ناک امر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

# غیر حاضر اساتذہ کی کسی فورم پر حمایت نہیں کرینگے، مجیب غرشین

وزیر اعلیٰ بلوچستان نے جونیئر اساتذہ کی پروموشن کی منظوری دیدی ہے، گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی

ہمارے باقی مطالبات پر بھی جلد عملدرآمد کرانے کی حکومت نے یقین دہانی کردی ہے امید ہے کہ ان پر بھی جلد عملدرآمد کریگا

کوئٹہ (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن آئینی بلوچستان کے صدر مجیب غرشین نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے جونیئر اساتذہ کی پروموشن کی منظوری دیدی ہے جس پر تمام اساتذہ ان کے شکر گزار ہیں باقی ہمارے مطالبات پر انہوں نے جلد عملدرآمد کی یقین دہانی کرائی ہے بلوچستان کے 47 ہزار اپ گریڈیشن کے منتظر اساتذہ کو انکے جدوجہد پر مبارکباد دیتے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان قائد حزب اختلاف ملک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

عبدالخالق فرہاد، غفار قمبرانی، جوران بلوچ اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

## کوئٹہ اور گردونواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہونے والی بارش سے شہر میں جل تھل ایک ہوگیا

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ اور گردونواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہونے والی بارش (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

## اساتذہ کرام اپنی صفوں میں اتحاد واتفاق برقرار رکھے گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن

قلات (یو این اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن کے صوبائی کال پر صوبہ بھر کی طرح قلات اور خالق آباد منگچر میں بھی تعلیمی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

## عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائینگے، کامران خان

قومی یکجہتی، اخوت، رواداری، بھائی چارگی اور ترقی کیلئے اپنے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائینگے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان متحدہ محاذ کے چیئرمین کامران خان کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائینگے قومی یکجہتی، اخوت، رواداری، بھائی چارگی اور ترقی کیلئے اپنے تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے کمانڈر شائستہ خان نورزئی، میر احمد شاہوانی کی ساتھیوں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

## سعودی سفیر کی وزیر مملکت پٹرولیم سے ملاقات

ان پرنس اور پرنس عبدالعزیز کا خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں، ان کی عظیم قیادت کی بدولت یہ منصوبہ ممکن ہوسکا

اسلام آباد (یو این اے) سعودی سفیر نواف بن سعید المالکی نے وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک سے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق ملاقات کے دوران گرین فیلڈ آئل ریفائنری کے لیے مستقبل کے لائحہ عمل کا تعین کیا گیا، فریقین نے آئندہ ایک سے دو ماہ میں معاہدے کو حتمی شکل دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک نے کہا کہ کران پرنس اور پرنس عبدالعزیز کا خصوصی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

# ہمارے دروازے عوام کے لئے ہمہ وقت کھلے ہیں، صالح بھوتانی

عوام نے اس کے بدلے ہمیں پیار دیا ہیں ہمارا عوام کے ساتھ محبت اور خلوص کا جو رشتہ ہے وہ ہمیشہ قائم ودائم رہے گا

آج بھی لسبیلہ کے عوام کے دلوں میں بھوتانی برادران کی محبت کی راج کرتی ہے لسبیلہ کی عوام سے ہمارا روحانی رشتہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا

اوتھل (پ ر) سابق معاون خصوصی وزیر اعلیٰ بلوچستان سردار زادہ شہزاد صالح بھوتانی نے کہا کہ ہمارے دروازے عوام کے لئے ہمہ وقت کھلے ہیں۔ بھوتانی برادران نے ہمیشہ لوگوں کو محبت، پیار اور عزت دی ہے اور ہمارا نصب العین عوام اور علاقے کی ترقی وخوشحالی ہے عوام نے اس کے بدلے ہمیں پیار دیا ہیں ہمارا عوام کے ساتھ محبت اور خلوص کا جو رشتہ ہے وہ ہمیشہ قا?م ودا?م رہے گا۔ آج بھی لسبیلہ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

## بیلا پولیس کی کاروائی میڈیکل اسٹور کا شٹر توڑ کر رقم چوری کرنے والا ملزم گرفتار

بیلا (نمائندہ خصوصی) بیلا پولیس کی کاروائی میڈیکل اسٹور کا شٹر توڑ کر رقم چو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

## جماعت اسلامی خضدار نے مفتی جاوید احمد منصوری کی رکنیت معطل کردی

خضدار (یو این اے) جماعت اسلامی خضدار نے مفتی جاوید احمد منصوری کی رکنیت معطل کردی۔ پریس ریلیز جاری، جما (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

پاکستان متحدہ محاذ کے چیئرمین کامران خان کاکڑ، میر عبدالقدوس، کمانڈر شائستہ خان اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں